

رہنمائے اساتذہ

میری پہچان اردو

ابتدائی ۱

تین سال کے بچوں کے لیے



ایکولائن

میری پہچان اُردو (ابتدائی 1)

سالانہ منصوبہ بندی

ٹرم	کُل تدریسی ایام	کُل ہفتے	ایام فی ہفتہ
3	150	30	5

نوٹ: یہ سالانہ منصوبہ بندی "میری پہچان اُردو (ابتدائی 1) کی تدریس کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ منصوبہ بندی کرتے ہوئے امتحانات کے ایام کو تدریسی ایام میں شامل نہیں کیا گیا۔ 150 ایام صرف تدریس کے لیے مختص ہیں۔ اساتذہ کرام بوقتِ ضرورت اپنے اسکول کے اوقات کار کی مناسبت سے اس منصوبہ بندی ترامیم واضافہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

پہلی ٹرم		کُل ہفتے: 10	
پہلا ہفتہ	تعارف (3 دن) ، لکھنے کی تیاری (2 دن)	چھٹا ہفتہ	"ٹ" (4 دن)، "ث" (1 دن)
دوسرا ہفتہ	"ا" (4 دن)، "آ" (1 دن)	ساتواں ہفتہ	"ث" (3 دن)، "ا" تا "ث" اعادہ (1 دن)، "ج" (1 دن)
تیسرا ہفتہ	"آ" (3 دن)، "ب" (2 دن)	آٹھواں ہفتہ	"ج" (3 دن)، "چ" (2 دن)
چوتھا ہفتہ	"ب" (2 دن)، "پ" (3 دن)	نواں ہفتہ	"چ" (2 دن)، "ح" (3 دن)
پانچواں ہفتہ	"پ" (1 دن)، "ت" (4 دن)	دسواں ہفتہ	"خ" (4 دن)، "ا" تا "خ" اعادہ (1 دن)

دوسری ٹرم		کُل ہفتے: 12	
پہلا ہفتہ	"د"(4دن)، "ڈ"(1دن)	ساتواں ہفتہ	"ص"(4دن)، "ض"(1دن)
دوسرا ہفتہ	"ذ"(2دن)، "ر"(3دن)	آٹھواں ہفتہ	"ض"(3دن)، "ط"(2دن)
تیسرا ہفتہ	"ڑ"(2دن)، "ز"(3دن)	نواں ہفتہ	"ط"(1دن)، "ظ"(3دن)، "ا" تا "ظ" اعادہ(1دن)
چوتھا ہفتہ	"ژ"(3دن)، "ا" تا "ژ" اعادہ(2دن)	دسواں ہفتہ	"ع"(4دن)، "غ"(1دن)
پانچواں ہفتہ	"س"(4دن)، "ش"(1دن)	گیارھواں ہفتہ	"غ"(3دن)، "ف"(2دن)
چھٹا ہفتہ	"ش"(3دن)، "ا" تا "ش" اعادہ(2دن)	بارھواں ہفتہ	"ف"(1دن)، "ق"،(3دن) "ا" تا "ق" اعادہ(1دن)

تیسری ٹرم		کُل ہفتے: 8	
پہلا ہفتہ	"ک"(4دن)، "گ"(1دن)	پانچواں ہفتہ	"و"(5دن)
دوسرا ہفتہ	"گ"(3دن)، "ل"(2دن)	چھٹا ہفتہ	"ہ"(5دن)
تیسرا ہفتہ	"ل"(2دن)، "م"(3دن)	ساتواں ہفتہ	"ی ے"(5دن)
چوتھا ہفتہ	"م"(1دن)، "ن"(4دن)	آٹھواں ہفتہ	مکمل اعادہ(5دن)

اساتذہ کرام کے لیے چند عمومی ہدایات

ایکولین پبلشر کا "میری پہچان اُردُو سلسلہ" پاکستانی بچوں کو اُردُو سے محبت کرنے اور زبان بہترین انداز میں سیکھنے کی بنیاد فراہم کرتا ہے ۔ یہ رہنمائے اساتذہ پری نرسری جماعت کے لیے مرتب کی گئی ہے۔ اس میں "میری پہچان اُردو ابتدائی 1 (درسی قاعدہ) " کے ساتھ "میری پہچان اُردو ابتدائی 1 (عملی قاعدہ)" کی تدریس شامل ہے۔ ایکولائن پبلشرز کی جانب سے دیے گئے فلیش کارڈز کو بھی منصوبہ بندی کا حصہ بنایا گیا ہے۔

کسی بھی زبان کو مؤثر انداز سے سِکھانے کے لیے اس کے بولنے میں زبان کی چار مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ زیرِ نظر رہنمائے اساتذہ میں زبان کی چاروں مہارتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

سُننا، بولنا:

- اس عمر کے بچوں کے لیے سُننا، بولنا کی مہارت بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ اس لیے تدریسی منصوبہ بندی میں گفت وشنید کے موضوعات اور سوالات شامل کیے گئے ہیں۔ کوشش کیجیے کہ تمام بچے گفتگو میں حصہ لیں۔
- ایسے بچے جو بات چیت کرنے میں جھجک محسوس کرتے ہوں، انھیں گفتگو کا زیادہ سے زیادہ موقع دیجیے۔
- جماعت میں ایک اسپیکر رکھ لیجیے کیونکہ سی ڈی کے ذریعے سے بچوں کو حروف کی نظمیں سُنوانے اور انھیں ساتھ ساتھ دُہرانے کی مشق بھی تدریسی منصوبہ بندی کا حصہ ہے۔

پڑھنا:


- بچوں کو حرف پر انگلی رکھ کر پڑھوایئے۔ پڑھواتے وقت حرف کا نام اور پھر آواز ادا کروایئے۔
- بچوں کو اس قابل بنایئے کہ وہ لکھا ہوا حرف پڑھ سکیں۔
- قاعدے کے علاوہ فلیش کارڈز، تختۂ تحریر اور سرگرمیوں میں لکھے ہوئے حرف کا نام اور آواز بار بار پوچھیے۔
- نام سے زیادہ حرف کی آواز سِکھانے پر زور دیجیے کیونکہ آوازیں مل کر لفظ بناتی ہیں۔ حروف کا نام صرف تعارف کے لیے بتایا جاتا ہے۔

لکھنا:

- اس عمر کے بچوں کے لیے درست پنسل پکڑنے اور دباؤ سے لکھنے کی مشق بہت ضروری ہے۔ اکثر بچے اسی لیے حرف درست بناوٹ سے نہیں لکھ پاتے کیونکہ پنسل پر ان کی گرفت ٹھیک نہیں ہوتی۔ اس امر کو سامنے رکھتے ہوئے حرف لکھوانے سے پہلے، قبل از لکھائی کی متفرق سرگرمیوں کو اس رہنمائے اساتذہ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ بچوں میں فائن موٹر کی مہارت (Fine Motor Skill) پروان چڑھانے کے لیے اس رہنمائے اساتذہ میں دی گئی تمام سرگرمیاں جماعت میں کروایئے۔
- جماعت میں ریت کی ٹرے، پلے ڈو اور اُونی گولے رکھیے۔ دی گئی سرگرمیاں مسلسل جماعت میں کروایئے تاکہ بچوں کے ہاتھوں کے عضلات مضبوط ہو سکیں اور وہ پنسل درست طریقے سے پکڑ سکیں۔
- پنسل پر گرفت مضبوط کروانے کے بعد بچوں کو حرف کی نقل (Tracing) کروایئے۔

نمونے کا صفحہ (درسی قاعدہ)


صفحے کا اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ بغور پڑھیے اور حروف کی تدریس کا طریقہ سمجھیے۔



نمونے کا صفحہ (عملی قاعدہ)


ہر حرف کی مشق کے صفحات کا اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ بغور پڑھیے اور ہر کام کی زبانی مشق کروانے کے بعد جوڑیوں یا گروپوں میں کام کروایئے۔

پہلا صفحہ



- رنگ بھرنا، دراصل لکھنے کی مہارت کا ہی حصہ ہے۔ بچوں کو خاکے کے اندر رہتے ہوئے خوب صورتی سے رنگ بھرنا سکھایئے۔
- بچوں سے چیزوں کے نام پوچھیے۔ پھر ان سے انگلی رکھ کر اس چیز کی نشان دہی کروایئے، جس کی شروع کی آواز /ب/ ہے۔ درست تصویر کی شناخت کروانے کے بعد بچوں سے متعلقہ خاکے میں رنگ بھروایئے۔

دوسرا صفحہ




- بچوں سے تصویر کا نام (بستہ) پوچھیے۔ پھر نام کی شروع کی آواز (/ب/) پوچھیے۔ بچوں سے تصویر کے گرد لکھے حروف کی آوازیں پوچھیے ۔ ان سے پوچھیے کہ 'بستہ' کی شروع کی آواز والا حرف کون سا ہے ؟ انگلی رکھ کر نشان دہی کروائیے۔
- بورڈ پر دائرہ بنانا سِکھائیے۔ پھر کتاب پر کام کروائیے۔

- راستا تلاش کرنے جیسی سرگرمیاں تختۂ تحریر ، فرش یا کھیل کے میدان میں زمین پر بنا کر مشق کروائیے۔
- بعد ازاں عملی کتاب پر کام کروائیے۔

- درست سمت میں حرف پر تین سے چار بار انگلی پھروایئے اور خاکے میں کریون پھروایئے۔

تیسرا صفحہ

- حرف کے آغاز اور درست سمت کے لیے تیر کا نشان لگایئے اور بچوں کو اس نشان کے بارے میں سمجھایئے۔
- تختۂ تحریر پر بڑے سائز میں حرف لکھ کر دکھایئے۔
- بورڈ پر حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔ پھر قاعدے پر کام کروایئے۔



- بچوں کو پنسل سے حرف نقل کرنے کی ہدایت دیجیے۔

- مؤثر تدریس کے لیے منصوبہ بندی پڑھ کر ایک ہفتے کے تدریسی معاونات پہلے سے تیار کر لیجیے۔
- چونکہ ہر جماعت کے ماحول اور طلبہ کی ذہنی استعداد میں فرق ہوتا ہے، اس لیے یہ منصوبہ بندی حتمی نہیں ہے۔ اساتذہ کرام اپنی سہولت اور وسائل کے مطابق منصوبہ بندی میں ترمیم و اضافہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔
- اس رہنمائے اساتذہ کو بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز اور آرا ہمیں ارسال کیجیے۔

پہلی ٹرم (پہلا ہفتہ)

تعارف اور لکھنے کی تیاری

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ▪ ایک سے دو جملوں میں اپنا تعارف کروا سکیں ۔ ▪ پنسل درست طریقے سے پکڑ سکیں۔ ▪ عمودی، اُفقی، آڑھی ترچھی، دائروی اور نیم دائروی لکیروں پر پنسل پھیر سکیں۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: چارٹ، تصویری فلیش کارڈ (چُلبُلی چُوچُو)، ڈسپوزیبل پلیٹیں اور مختلف رنگ
- دوسرے دن کے لیے: میری پہچان اردو قاعدہ (ابتدائی 1)، میری پہچان اردو عملی قاعدہ (ابتدائی 1)، اسپیکر
- تیسرے دن کے لیے: موتی، ڈوری، ڈسپوزیبل گلاس، رنگین پانی، ڈراپر، پلے ڈو، قینچیاں
- چوتھے دن کے لیے: اُونی گولے، کلپ (Clip)، سادہ کاغذ ، کریون، میری پہچان اردو عملی قاعدہ (ابتدائی 1)
- پانچویں دن کے لیے: ریت کی ٹرے، میری پہچان اردو عملی قاعدہ (ابتدائی 1)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

کہانی: **چُلبُلی چُوچُو کا اسکول میں پہلا دن** (تصویری فلیش کارڈ کا پرنٹ لے کر بچوں کو دکھایئے اور پھر کہانی سُنایئے۔)

"پیارے بچو! چُلبُلی چُوچُو ایک چھوٹی سی چڑیا تھی۔ ویسے تو وہ بہت شرارتی تھی لیکن اُسے اسکول جانے سے بہت ڈر لگتا تھا۔ آج اس کا اسکول میں پہلا دن تھا۔ وہ تھوڑی ڈری ہوئی تھی۔ اس کے ابو جان نے اسے اسکول کے گیٹ پر اُتارا تو وہ رونے لگی۔ اسے گھر واپس جانا تھا۔ ابو جان نے اسے پیار سے گلے لگایا اور کہا، چُوچُو! ڈرو مت! اسکول میں تمھارے جیسے بہت سے بچے ہیں۔ اسکول میں سب اچھی اچھی باتیں سیکھتے ہیں اور نئے نئے دوست بناتے ہیں۔ پھر مجھے گھر آ کر بتانا کہ اسکول میں تمھارا پہلا دن کیسا رہا۔ چُلبُلی چُوچُو نے ہمت کی اور اسکول کے اندر چلی گئی۔ اندر جا کر دیکھا تو بہت سارے بچے وردی پہنے ہوئے تھے۔ ایک اُستانی آئیں اور چُوچُو کو اندر جماعت میں لے گئیں اور اسے دوسرے بچوں کے ساتھ بٹھا دیا۔ اُستانی جی نے بتایا کہ یہ ان کا کمرا ہے، جہاں وہ روز بیٹھیں گے۔ مزے مزے کی کہانیاں سُنیں گے اور اچھی اچھی باتیں سیکھنے میں ایک دوسرے کی مدد بھی کریں گے۔ چُوچُو یہ دیکھ کر بہت حیران ہوئی کہ جماعت تو بالکل اس کے کمرے جیسی تھی۔ ایک میز پر بہت سے کھلونے اور بلاکس رکھے تھے۔ ایسے کھلونے تو چُوچُو کے پاس بھی تھے۔ دیواریں رنگ رنگ کے کاغذوں سے سجی تھیں۔ ان پر کچھ لکھا بھی تھا لیکن چُوچُو کو پڑھنا نہیں آتا تھا۔ اُستانی جی نے انھیں بسم اللہ سِکھائی۔ سب بچوں نے ان کے ساتھ مل کر بسم اللہ پڑھی۔ چُوچُو کی طرح ایک اور بچی بہت اُداس تھی۔ اس کا نام گولُو تھا۔ اُستانی جی نے اسے پاس بُلایا اور پیار سے اپنے پاس بٹھالیا۔ پھر پوچھا، کون گولُو کا دوست بنے گا؟ کوئی بھی ایسی اُداس اور روتی ہوئی بچی کو دوست نہیں بنانا چاہتا تھا۔ اچانک چُوچُو بولی، میں گولُو کی دوست بنوں گی۔ اُستانی جی نے دونوں کو ہاتھ ملانے کا کہا اور ایک ساتھ بٹھا دیا۔ چُوچُو نئی سہیلی بنا کر بہت خوش تھی۔ گولُو کی اُداسی بھی غائب ہو چکی تھی۔ اس دن اُستانی جی نے انھیں بہت اچھی اچھی باتیں بتائیں۔ اسکول بھی دکھایا۔ چُلبُلی چُوچُو کا خوف اب بالکل غائب ہو چُکا تھا۔ چھُٹی ہوتے ہی وہ خوشی خوشی باہر بھاگی۔ وہ اپنے امی ابو کو اسکول اور اپنی نئی سہیلی کے بارے میں بتانے کے لیے بہت پُرجوش تھی۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: ذاتی تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- اسکول کا پہلا دن اکثر بچوں کو اُداس کرتا ہے۔ اس لیے ان سے اسکول آنے سے پہلے کی تیاری کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے۔ انھیں بتائیے کہ آج آپ چُلبلی چُوچُو کی کہانی سنیں گے، جسے اسکول جانے سے بہت ڈر لگتا تھا۔
- کہانی "چُلبلی چُوچُو کا اسکول میں پہلا دن" آواز کے اُتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کے اشاروں سے سُنائیے۔ درمیان میں بچوں سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی کیجیے تاکہ بچوں کی توجہ مرکوز رہنے کے ساتھ ساتھ کہانی میں تجسس کا عنصر برقرار رہے۔

سوالات: آپ کے خیال میں چُلبلی چُوچُو کو اسکول جانے سے ڈر کیوں لگ رہا تھا؟ آپ کو اسکول آتے ہوئے کیسا محسوس ہوا؟ کیا آپ بھی نئے دوست بنانا چاہتے ہیں؟

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں کو اپنا نام بتائیے۔ اپنے بارے میں معلومات (پسند، ناپسند سے متعلق) دیجیے۔ دراصل یہ تعارف دینے کا ایک نمونہ ہے۔ نام کے ساتھ، پسند ناپسند اور کام کے بارے میں بتائیے۔ پھر باری باری تمام بچوں کے نام اور پسند ناپسند پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ تمام بچے اس گفتگو میں شریک ہوں۔
- ایک چارٹ لیجیے۔ اس پر درخت کا خاکہ اور شاخیں بنا لیجیے۔ پھر بچوں سے مختلف رنگوں میں ہاتھ کی پرنٹنگ (Hand printing) کروائیے۔
- پرنٹنگ کرواتے ہوئے بچوں کی مدد کیجیے اور نمونے کے مطابق شاخوں پر پرنٹنگ کروائیے۔ یہ چارٹ جماعت میں آویزاں کیجیے اور بچوں سے کہیے کہ جیسے اس درخت کے سب پتے مل جُل کر ایک ساتھ رہتے ہیں، ویسے ہی آپ سب بھی اس جماعت میں مل جُل کر رہیں گے اور ایک دوسرے کے دوست بن جائیں گے۔
- جانچ: آخر میں بچوں سے مختصراً پوچھیے کہ انھیں اسکول کیسا لگا اور آج کی کون سی بات سب سے اچھی لگی۔



نمونہ

دوسرا دن: جماعت اور کتاب کا تعارف

- یہ دن بچوں کو جماعت اور کتاب کا تعارف دینے کے بارے میں ہے۔ اس کے لیے بچوں کو جماعت کی دیواروں پر لگی ہوئی تصویریں، چارٹ وغیرہ دکھائیے۔ ان سے تصاویر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ جماعت میں موجود ایسی چیزوں کے نام پوچھیے، جن سے بچے پہلے سے واقف ہوں۔ چیزوں کے نام پوچھیے۔
- پھر بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور سب سے پہلے میری پہچان اردو قاعدہ دکھائیے۔ قاعدے کا سرورق دکھائیے۔
- سرورق پر نظر آنے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ چھوٹے چھوٹے سوالات کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ انھیں قاعدے کا سرورق کیسا لگا۔
- پھر قاعدہ کھولیے۔ بچوں کو مختلف تصاویر کھول کر دکھائیے اور باری باری ان پر بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ انھیں تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟
- بچوں کی دل چسپی میں اضافے کے لیے بچوں کو قاعدے میں سے کوئی سی نظم سُنوائیے۔ اسپیکر کے ذریعے سے نظم چلائیے۔ بچے نظم ساتھ ساتھ دُہرائیں۔
- بچوں کو بتائیے کہ اس کتاب میں مزے مزے کی نظمیں، تصویریں اور کہانیاں ہیں، جو ہم روز سیکھیں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو میری پہچان اُردو عملی قاعدہ (ابتدائی 1) دکھائیے۔ بچوں کو "راستا تلاش کرنے، رنگ بھرنے" جیسی دل چسپ سرگرمیاں دکھائیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کسے رنگ بھرنا پسند ہے؟ کون راستا تلاش کرنا چاہے گا؟ بچوں سے جوابات لیجیے۔ اس تعارف کا مقصد بچوں کو متجسس کرنا ہے تاکہ وہ شوق سے پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔
- جانچ: سب سے آخر میں بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے دونوں قاعدوں میں کیا کیا دیکھا اور انھیں سب سے زیادہ کیا چیز پسند آئی۔

تیسرا دن : لکھنے کی تیاری



- اس دن کروائی جانے والی سرگرمیوں کا مقصد بچوں کی عضلاتی پختگی (Fine motor skills) اور پنسل پر ان کی گرفت مضبوط کروانا ہے۔



- بچوں کو لکھنے کی جانب لے جانے سے پہلے لکھنے کی تیاری بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ ذیل میں کچھ ایسی سرگرمیاں شامل کی جارہی ہیں، جو بچوں کے ہاتھ اور انگلیوں کے عضلات کو مضبوط کریں گی، نیز لکھنے کے لیے تیاری میں مدد دیں گی۔



- بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے۔ انھیں موتی اور ڈوریاں دیجیے۔ بچے ڈوری میں موتی پروئیں۔
- بچوں کو پلے ڈو دیں۔ وہ پلے ڈو کی مدد سے گولیاں بنائیں یا لمبائی میں کوئی شکل بنائیں۔ بعد میں قینچی سے کٹوائیے۔
- ڈسپوزیبل گلاس میں رنگ دار پانی دیجیے۔ بچے ڈراپر کی مدد سے پانی بھر کر کسی دوسرے گلاس یا برتن میں ڈالیں۔
- مندرجہ بالا تینوں سرگرمیاں بچوں کی انگلیوں کے عضلات مضبوط کریں گی اور انھیں لکھنے کے لیے تیار کریں گی۔
- بچوں کو پنسل پکڑنے کی مشق کروائیے۔

چوتھا دن: لکھنے کی تیاری




- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ ہر گروپ میں اُونی گولے اور کلِپ (Clip) تقسیم کیجیے۔ بچوں کو دو سے تین بار کلِپ کھولنے کی مشق کروائیے۔ اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیجیے کہ کلِپ کی مدد سے گولے اُٹھائیں اور کسی جار یا ڈبے میں ڈالیں۔ نمونہ ساتھ دیا جارہا ہے۔ ہر بچے سے یہ مشق کروائیے۔

نمونہ

- بچوں کو پنسل پکڑنے میں مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ درست طریقے سے پنسل پکڑنا بہت ضروری ہے۔ اس کے لیے ایک چھوٹا اُونی گولا بچوں کی دائیں ہتھیلی پر رکھیے اور انھیں ہاتھ کی آخری دو انگلیوں کی مدد سے گولا پکڑوائیے۔
- پنسل پکڑنے اور لکھنے کے لیے ذیل میں چار مراحل دیے جارہے ہیں۔ ہر بچے سے اس کی مشق کروائیے۔


1


2


3


4

- پھر بچوں میں سادہ کاغذ تقسیم کیجیے۔ ہر بچے کو ایک ایک کاغذ اور رنگین پنسل دیجیے۔ بچے اپنی مرضی سے اس پر لکیریں لگائیں۔ لکیریں کسی بھی طرح کی لگائی جا سکتی ہیں۔ سیدھی، آڑھی ترچھی، دائروی، نیم دائروی لکیریں لگانے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 3 کا کام کروائیے۔
- جانچ: بچوں سے بورڈ پر عمودی اور اُفقی لکیریں بنوائیے۔ ایک نمونہ خود بنا کر دکھائیے اور پھر بچوں سے ویسی لکیر کھنچوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 4 کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: لکھنے کی تیاری



- بچوں کو گروپوں میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بورڈ پر ایک لکیر بنائیے اور بچوں کو ویسی ہی لکیر ریت کی ٹرے میں بنانے کی ہدایت دیجیے۔ عمودی، اُفقی، دائروی، نیم دائروی اور آڑھی ترچھی لکیریں بورڈ پر بنائیے اور بچوں کو ساتھ ساتھ ریت کی ٹرے میں ایسی ہی شکلیں بنانے کی ہداہت دیجیے۔ بورڈ پر لکیر بنانے کے بعد جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست شکل بنا رہے ہیں۔ جہاں مدد کی ضرورت ہو، بچوں کو راہنمائی فراہم کیجیے۔ عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 5 کا کام کروائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 6 کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

چُلبُلی چُوچُو کا اسکول میں پہلا دن (پہلے دن کے لیے)

(اس تصویر کا پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر بچوں کو دکھائیے اور کہانی سُنائیے۔)



پہلی ٹرم (دوسرا ہفتہ)

"ا" اور "آ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ا' اور 'آ' کا نام اور آواز بتا سکیں گے۔ ■ 'ا' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ا' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 اور 3)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 7)
- دوسرے دن کے لیے: انگور، انار، امرود کی تصاویر، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 2 اور 3)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 8)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 9)، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: انگور اور انار کے تراشے، ستارے، گوند، ربن، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('آ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 4 اور 5)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 10)، آم (اصلی، اگر موسم ہو تو)، آم اور آنکھ کا فلیش کارڈ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ا' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! احمد، اسد اور انعم تین دوست تھے۔ سب انعم کو پیار سے انو پکارتے تھے۔ احمد، اسد اور انو کا گاؤں بہت ہرا بھرا تھا۔ ہر طرف رنگ برنگے پھول، پودے اور رس بھرے پھلوں کے درخت لگے تھے۔ ایک دن سب مل کر پھلوں کے باغ میں کھیل رہے تھے۔ اچانک احمد بولا، چلو دوستو! ندی پار کرنے کا مقابلہ کرتے ہیں۔ آہا! کیوں نہیں۔ میں تو بہت تیزی سے کشتی چلاتا ہوں۔ اسد بولا۔ انو بھی تیار ہو گئی۔ مقابلہ شروع ہونے سے پہلے انھوں نے باغ سے پھل توڑے۔ احمد نے لال لال انار اُٹھایا اور اپنی کشتی میں رکھ لیا۔ انو نے تازہ امرود رکھا اور اسد نے رس بھرے کھٹے میٹھے انگور توڑ کر اپنی کشتی میں رکھ لیے۔ تینوں دوست کشتیاں چلاتے جا رہے تھے اور یہ گاتے جا رہے تھے:

آہاہاہا آہاہاہا

میٹھے میٹھے تازہ پھل لے کر آگے پیچھے چل

انگور، امرود اور انار کھائیں گے سب مل کر یار

آہاہاہا آہاہاہا

ارے دیکھو تو۔۔۔۔۔۔۔ اسد یہ مقابلہ جیت گیا۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ا' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- ہر دن کا آغاز ایسے ہی کیجیے۔ پھر سبق کی تدریس شروع کروانے سے پہلے بچوں سے معمول کی گفتگو کیجیے۔ ان سے اسکول اور جماعت کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے۔ ہر بچے کو شاملِ گفتگو ہونے کا موقع دیجیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 2 اور 3 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ا' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

تینوں دوستوں کے کیا نام تھے؟	سب انعم کو پیار سے کیا کہہ کر پکارتے تھے؟	اسد، احمد اور انو کا گاؤں کیسا تھا؟
احمد نے اپنی کشتی میں کیا رکھا؟	اسد اور انو نے کشتیوں میں کیا رکھا؟	مقابلہ کون جیتا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ا' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ا' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'الف' کی آواز یعنی /ا/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (الف) بھی بتائیے۔
  مثلاً: انار /ا/ انار، انگور /ا/ انگور، امرود /ا/ امرود۔ ساتھ ساتھ ان کی تصاویر یا پلاسٹک کے نمونے بھی دکھائیے۔
- بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ا' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ا' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ا' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 7 کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ا/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ا' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 2 اور 3 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ا' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ا' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ا' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "میٹھے میٹھے۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "تازہ پھل۔۔۔۔"
آپ کہیے: "لے کر آگے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پیچھے چل۔۔۔۔"
آپ کہیے: "انگور، امرود۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اور انار۔۔۔۔۔"
آپ کہیے: "کھائیں گے سب۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "مل کر یار۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 3 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ا' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

Aqsa Wine Publishers, Printers & Booksellers We Publish Nature...

- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "انار" پر انگلی رکھ کر "انار" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ا' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ انار کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ انگور کہاں ہیں؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ امرود کہاں ہے؟		بچے کس میں بیٹھے ہیں؟

- بورڈ پر 'ا' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

  یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ا/ کے ساتھ پڑھایئے۔

  مثلاً: /ا/انار، /ا/انگور، /ا/امرود۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 8 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ا' کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ا/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے انگور، انار، امرود کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 2 اور 3 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ا' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ا' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ا' آپ کی انگلی جیسا ہے۔ بچوں کو متجسس کرنے کے لیے انھیں ارد گرد سے ایسی چیزیں ڈھونڈنے کی ہدایت دیجیے، جن میں 'ا' چھپا ہے۔ مثلاً بچے پنکھا، پنسل، دروازہ کہہ سکتے ہیں۔ بچے ایسی کوئی بھی چیز بتا سکتے ہیں جس میں انھیں 'ا' جیسی سیدھی لکیر دکھائی دے۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- بچوں کو ریت کی ٹرے یا بینچ کی سطح پر 'ا' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ا' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

  (آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)
- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 9 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 3 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 9 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ا' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 3 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ یہ تمام پھل اور دُنیا کی ہر چیز اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔ ہمیں ہر وقت اللہ کا شُکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔ انھیں بتایئے کہ جب بھی اللہ کا شکریہ ادا کرنا ہو تو "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" کہتے ہیں۔ بچوں سے دو، تین بار "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" کہلوایئے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ا' کی نظم سُنوایئے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- انگور، انار اور امرود میں سے موسم کا جو پھل دستیاب ہو، وہ جماعت میں لے جایئے اور کچھ بچوں کو سامنے بُلا کر آنکھیں بند کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- پھر انھیں پھل کھلایئے اور ان سے پھل کا نام بوجھنے کی ہدایت دیجیے۔ اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔

- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو پھلوں کے تراشوں کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے پھلوں کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔





آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائے گئے پھل کا نام پوچھیے۔ "انار" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "انگور" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "انڈا" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ا' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'آ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰه پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'آ' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ آم کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ کسی بچے کو بُلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچہ دیکھ نہ سکے۔ بچے کو آم کا ایک ٹکڑا کھلائیے۔ بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتائیے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو آم کھانے کے لیے دیجیے۔ اگر آم کا موسم نہ ہو تو پھر آم کا تصویری فلیش کارڈ لے جائیے اور بچوں سے اس پھل کا نام پوچھیے۔ اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ آم کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم جسم کے کس حصے کی مدد سے دیکھتے ہیں؟ کیا ہم ناک کی مدد سے چیزوں کو دیکھتے ہیں؟ کیا ہم زبان کی مدد سے دُنیا کو دیکھتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (آنکھیں) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- 'آم' کہتے ہوئے / آ / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / آ / ہے۔ 'آم' کے نام میں شروع کی آواز / آ / ہے۔
- 'آنکھ' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'آنکھ' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز / آ / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 4 اور 5 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'آ' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'آ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "آ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! احمد کو سیر کرنا بہت پسند تھا۔ وہ ہر چُھٹی پر اپنے ابو جان کے ساتھ کسی باغ کی سیر کے لیے ضرور جاتا۔ اس کی امی جان اس کے لیے مزے مزے کی چیزیں بناتیں اور کھانے کے لیے ساتھ دیتی تھیں۔ اس بار چُھٹی آئی تو احمد نے ابو جان سے سیر کروا کر لانے کی فرمائش کی۔ ابو جان اسے ایک باغ میں لے گئے۔ اور پتا ہے؟ یہ بہت خاص باغ تھا۔ کیونکہ یہاں آموں کے بہت سے درخت تھے۔ جن پر پیلے پیلے رس بھرے آم لگے تھے۔ احمد کے منھ میں تو پانی آ گیا۔ اس نے ابو جان سے کہا، "ابو جان! آج تو امی جان نے کھانے کی کوئی چیز بنا کر ساتھ نہیں دی۔ کیوں نہ درخت سے توڑ کر یہ پیلے پیلے آم کھائے جائیں۔" ابو جان بولے، "خیال تو بہت اچھا ہے، لیکن احمد! یہ باغ کسی کا ہے اور ہمیں پوچھے بغیر کسی کی کوئی چیز نہیں لینی چاہیے۔ میں باغ کے مالک سے اجازت لے کر آم توڑ لیتا ہوں۔" ابو جان نے باغ کے مالک سے پوچھا۔ انھوں نے اجازت دے دی۔ پھر کیا تھا! احمد تو خوشی سے اُچھلنے لگا۔ قریب ہی کسی نے آگ جلا رکھی تھی۔ احمد کے

ابو جان نے کہا، "احمد بیٹا! کھیلتے کھیلتے آگ کے پاس مت چلے جانا۔ آگ نقصان دیتی ہے۔ یہاں آؤ اور میٹھے میٹھے رس بھرے آم کھاؤ۔" احمد نے ابو جان کی بات مان لی اور دونوں نے مل کر مزے مزے سے آم کھائے۔ احمد بولا، " پیارے اللہ جی! آپ نے ہمارے کھانے پینے کے لیے کتنی اچھی اچھی چیزیں بنائی ہیں۔ الحمدُللہ۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔" ابو جان نے کہا، "شاباش بیٹا! ہمیں ہر چیز کے لیے اللہ تعالیٰ کا ہی شُکر ادا کرنا چاہیے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

احمد چُھٹی کے دن کہاں جاتا تھا؟	باغ میں کس پھل کے درخت لگے تھے؟	ابو جان نے آم توڑنے کی اجازت کیوں لی؟
ابو جان نے احمد کو کس چیز کے قریب جانے سے منع کیا؟	آخر میں احمد نے اللہ تعالیٰ کا شُکر کیوں ادا کیا؟	آپ کو کون سا پھل کھانا پسند ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'آ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'آ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'الف مدہ' کی آواز یعنی / آ / متعارف کروائیے۔

مثلاً: / آ / آم، / آ / آنکھ، / آ / آگ۔


- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'آ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 10 کا کام کروائیے۔ پہلے بورڈ پر مشق کروائیے پھر قاعدے پر کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'آ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 4 اور 5 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)



تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو رنگ کرنے یا کرافٹ کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)





"آ" اور "ب" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'آ' اور 'ب' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /آ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- /ب/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'آ' اور 'ب' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('آ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 4 اور 5)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 11)
- دوسرے دن کے لیے: عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 12)، ریت کی ٹرے، پلے ڈو
- تیسرے دن کے لیے: تصویری فلیش کارڈز (آم، آنکھ، آگ، امرود، انار، انگور)، گتے کے کٹے ہوئے 'ا' اور 'آ'
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ب' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 6 اور 7)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 13)، کھلونا بندر
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ب' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 6 اور 7)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 14)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ب' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! بابر کے پاس ایک بندر ہے۔ شرارتی سا، نٹ کھٹ سا بندر۔۔۔۔نام ہے اس کا بلو بندر۔ جب بابر کے ابو جان اسے گھر لے کر آئے تھے، تب بلو بندر بہت چھوٹا سا تھا۔ بابر سے تو اس کی فوراً دوستی ہو گئی تھی۔ بلو بندر ہر وقت بابر کے ساتھ رہتا۔ بابر اپنے کھانے میں سے اس کے لیے بھی کھانا نکالتا۔ پھل کھاتا تو چھلکے بلو بندر کو ملتے۔ کیلے اور دوسرے پھل کھانا بلو بندر کو بہت پسند تھے۔ دونوں دن بھر کھیلتے اور خوب مزہ کرتے۔

پھر یوں ہوا کہ بابر کو اسکول داخل کروا دیا گیا۔ اب اُسے روز اسکول جانا پڑتا اور گھر آ کر اسکول کا کام بھی کرنا ہوتا تھا اس لیے اسے بلو بندر کے ساتھ کھیلنے کا وقت بہت کم ملتا تھا۔ بلو بندر اُداس ہو گیا اور چُپ چُپ رہنے لگا۔ پھر امی جان نے بابر کو سمجھایا کہ ہر کام کے لیے وقت طے کر لو۔ پڑھنے کے وقت دل لگا کر پڑھو اور فارغ وقت میں بلو بندر کے ساتھ خوب کھیلو۔ بابر کو بات سمجھ میں آ گئی۔ صبح بابر کے تیار ہونے میں بلو بندر اس کی مدد کرتا۔ اس کا بستہ لا دیتا۔ جب اسکول کی بس بابر

Aquiline We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

کو لینے آتی تو بلو بندر اُسے بس تک چھوڑنے جاتا۔ اسکول سے واپس آکر پہلے بابر اسکول کا کام کرتا اور پھر بلو بندر کے ساتھ خوب کھیلتا۔ دونوں کی دوستی پھر سے پہلے جیسی ہو گئی۔ واقعی ہر کام اپنے وقت پر ہی کرنا اچھا ہوتا ہے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'آ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'آ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "دیکھو تو یہ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "آم رسیلے۔۔۔۔"
آپ کہیے: "میٹھے میٹھے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پیلے پیلے۔۔۔۔"
آپ کہیے: "کبھی بھی آگ کے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پاس نہ جانا۔۔۔۔۔"
آپ کہیے: "بس تم میٹھے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "آم کھانا۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'آ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 4 اور 5 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'آ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (الف مدہ) اور پھر اس کی آواز (/ آ /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ا' اور 'آ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب انگور اور دوسری جانب آم بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /ا/ اور / آ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ / آ/ کی آواز /ا/ سے تھوڑی لمبی ہوتی ہے۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے حروف لکھیے اور ان کا فرق بتائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'آ' کہاں ہے؟	'الف مدہ' کی کیا آواز ہے؟	احمد اپنے جسم کے کس حصے کی مدد سے کیڑے کو دیکھ رہا ہے؟	
آگ کہاں ہے؟	درخت پر کون سا پھل لگا ہے؟	پلیٹ میں کیا رکھا ہے؟	آنکھ کہاں ہے؟

- 'آ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / آ/ کے ساتھ پڑھائیے۔
مثلاً: / آ/ آم، / آ/ آنکھ، / آ/ آگ۔
- اگر وقت ہو تو 'آ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / آ/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 11 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / آ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو / آ/ سے شروع ہونے والی کسی چیز کا نام سوچ کر آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'آ' کی بناوٹ اور لکھائی

- گزشتہ روز بچوں کو / آ/ سے شروع ہونے والی کسی چیز کا نام سوچ کر آنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ بچوں سے چیز کا نام پوچھیے۔ جو بچہ درست جواب دے، یعنی / آ/ سے شروع ہونے والی چیز کا درست نام بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوائی جائیں اور خوب سراہا جائے تاکہ دوسرے بچوں کو بھی اس کی ترغیب مل سکے۔
- بچوں کو مل کر 'آ' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر بورڈ پر 'آ' لکھ کر پانچ سے سات بار حرف کا نام (الف مدہ) اور آواز / آ/ پڑھائیے۔
- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 5 پر 'آ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔

- بچے بینچ پر 'ا' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'آ' لکھیں۔ پھر بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'آ' لکھنے کی مشق کروائیے۔ پھر پلے ڈود یجیے اور بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'آ' بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے اس حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 12 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 5 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔ کچھ بچوں سے بورڈ پر 'آ' لکھوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 12 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ا' اور 'آ' میں فرق کی مشق

- درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 5 پر 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتانے سے سبق کا آغاز کیجیے۔
- بورڈ پر 'ا' اور 'آ' لکھیے۔ حروف کے نام پوچھیے اور بچوں سے ان حروف میں فرق پوچھیے۔ ان سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔ اگر کچھ بچوں کو فرق نہ بتانا آئے، ان کے اعادے کے لیے بچوں کو بتائیے کہ ' مدہ 'الف کی آواز کو لمبا کرتا ہے، اس لیے 'ا' کی آواز چھوٹی اور 'آ' کی آواز قدرے لمبی ہوتی ہے۔
- کسی میز پر ایک جانب گتے کا کٹا ہوا 'ا' اور تھوڑے فاصلے پر گتے کا کٹا ہوا 'آ' رکھیے۔ تصویری فلیش کارڈز بے ترتیبی سے اکٹھے کر کے ایک جانب رکھ دیجیے۔
- کچھ بچوں کو باری باری بلائیے اور ان سے کہیے کہ تصاویر غور سے دیکھیے اور متعلقہ حرف کے قریب تصویر رکھیے۔ مثال کے طور پر 'انگور' کا تصویری فلیش کارڈ 'ا' کے قریب رکھا جائے گا اور 'آنکھ' کا تصویری فلیش کارڈ 'آ' کے قریب رکھا جائے گا۔ بچوں کو دونوں حروف کی آوازوں اور ان سے بننے والی چیزوں میں فرق کرنا آنا چاہیے۔

نوٹ: اساتذہ کرام کی سہولت اور آسانی کے لیے تصویری فلیش کارڈز اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔

- جانچ: 'ا' اور 'آ' سے بننے والی دو، دو چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'آ' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ب' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- حروف 'ا' اور 'آ' کا اعادہ کروائیے۔ اگر بچوں کو دقت پیش آ رہی ہو تو پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے بننے والی چیزوں کے نام بتائیے۔
- یہ دن حرف 'ب' متعارف کروانے کا ہے۔ کھلونا بندر جماعت میں لے کر جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کے تجسس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارے دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔
  اشارے: یہ ایک جانور ہے۔ یہ بہت شرارت کرتا ہے۔ اس کی ایک دُم بھی ہے۔ یہ کیلے شوق سے کھاتا ہے۔ یہ نقل بھی کرتا ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے کھلونا بندر آہستہ آہستہ نکالیے۔ بچوں کو 'بندر' چار سے پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے بندر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے چڑیا گھر میں بندر دیکھا ہوا ہے؟ بندر کیا کھاتا ہے؟ کیسی حرکتیں کرتا ہے؟ انھیں بندر کیسا لگتا ہے؟

- لفظ 'بندر' کی شروع کی آواز یعنی /ب/ پر زور دیجیے اور 'ب' متعارف کروائیے۔ بورڈ پر 'ب' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز بتائیے اور بچوں کو تین سے پانچ بار دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم بندر کی کہانی سُننے جا رہے ہیں، جس کا نام بلو بندر تھا۔ قاعدے کے صفحہ نمبر 6 پر موجود تصویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ب' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے:

بندر کا کیا نام تھا؟	بلو بندر کی دوستی کس سے ہوئی؟	بلو بندر کو کیا کھانا پسند تھا؟
بلو بندر کیوں اُداس ہوا؟	صبح تیار ہونے میں بلو بندر بابر کی کیا مدد کرتا؟	صبح بلو بندر بابر کو کہاں چھوڑنے جاتا تھا؟
اسکول سے گھر آ کر بابر کیا کرتا؟	کیا ہر کام اپنے وقت پر کرنا چاہیے؟	کیا آپ اپنا ہر کام وقت پر کرتے ہیں؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ب' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر دیجیے اور نظم مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ب' کے ذخیرہ الفاظ میں /ب/ پر زور دے کر ادا کیجیے۔

مثلاً: /ب/ بندر، /ب/ بس، /ب/ بستہ۔

- ساتھ ساتھ کتاب پر ان کی تصاویر کی جانب اشارہ بھی کیجیے۔ کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ب' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔ پھر عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 13 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ /ب/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 6 اور 7 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ب' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے 'بستے' کی شروع کی آواز پوچھیے اور ان سے پوچھیے کہ وہ اپنے بستے میں کیا کیا رکھتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیے کہ بستے میں کتابیں ترتیب سے رکھنی چاہیے۔ بچوں کو کسی ایک بستے کی کتابیں ترتیب سے رکھ کر دکھائیے اور بچوں کو بھی ایسا کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اس کے بعد بچوں کو 'ب' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ب' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 7 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ب' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ب' کہاں ہے؟	بندر کہاں ہے؟	بس کہاں ہے؟ اشارہ کیجیے۔	بابر کی کمر پر کیا ہے؟

- بورڈ پر 'ب' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ب/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ب/ بندر، /ب/ بس، /ب/ بستہ۔

- اگر وقت ہو تو 'ب' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ب/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بندر کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے /ب/ سے شروع ہونے والی دو چیزوں کے نام پوچھیے۔
- بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 14 کھول کر دکھائیے۔ بچوں سے پہلی سرگرمی میں موجود تصویر کا نام پوچھیے۔ اس کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- پہلے سرگرمی بورڈ پر کروائیے، اس کے بعد کتاب پر کروائیے۔


گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 14 پر دوسری سرگرمی کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔


We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)













"ب" اور "پ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ب' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /ب/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'پ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ب' اور 'پ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
پیریڈ: 40 منٹ	

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 6 اور 7)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 15)، ورک شیٹ، کریون، ریت کی ٹرے
- دوسرے دن کے لیے: پیلے رنگ کے چارٹ، قینچیاں، گوند، سفید کاغذ، رنگین پنسلیں
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('پ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 8 اور 9)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 16)، 'پ' کا فلیش کارڈ، ڈسپوزیبل گلاس، پانی، آنکھوں پر باندھنے کے لیے دو، تین پٹیاں
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('پ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 8 اور 9)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 17)
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 8 اور 9)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 18)، ریت کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا، سمجھنا

حرف 'پ' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! گرمیوں کے دن تھے۔ پپو اسکول سے واپس آ رہا تھا۔ سورج چمک رہا تھا اور ہر طرف دھوپ ہی دھوپ تھی۔ پپو کو بہت پسینہ آ رہا تھا۔ راستے میں آتے ہوئے وہ یہی سوچ رہا تھا کہ گھر جاتے ہی ٹھنڈا ٹھنڈا پانی پیے گا اور پنکھے کے نیچے بیٹھے گا تاکہ پسینہ سُوکھ سکے۔ ابھی وہ گھر سے کچھ ہی دور تھا کہ اُسے دیوار کے پاس ایک پرندہ گرا نظر آیا۔ پپو نے پاس جا کر دیکھا۔ ارے! پرندے کی آنکھیں بند تھیں۔ پپو پریشان ہو گیا۔ اُس نے سوچا، شاید گرمی میں پیاس کی وجہ سے پرندہ بیمار ہو گیا ہے۔ اس کی مدد کرنی چاہیے۔ اس نے پرندے کو اپنے ہاتھوں میں اُٹھا لیا اور بھاگتے ہوئے اپنے گھر میں داخل ہوا۔

امی جان! امی جان! کہاں ہیں آپ؟ پپو نے اپنی امی کو آوازیں دیں۔ اس کی امی جان بولیں، کمرے میں آ جاؤ پپو! میں یہیں ہوں۔ پپو تیز تیز چلتا ہوا کمرے میں چلا گیا اور اپنی امی کو پرندے کے بارے میں بتایا۔ اس کی امی جان نے پرندہ دیکھا اور بولیں، ارے بیٹا! پرندے کو گرمی لگ گئی ہے۔ تم جلدی سے اسے پانی پلاؤ اور پنکھے کے نیچے رکھو تاکہ گرمی دُور ہو سکے۔ پپو نے پنکھے کی رفتار تیز کر دی اور پانی لا کر پرندے کو پلایا۔ کچھ ہی دیر میں پرندے نے آنکھیں کھول دیں اور پر پھڑپھڑانے لگا۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہ اُڑ کر پنکھے پر جا بیٹھا۔ پپو اور اس کی امی پرندے کو ٹھیک ہوتا دیکھ کر خوش ہو گئے۔ پرندہ بولا، دوست! میری جان بچانے کا بہت بہت شُکریہ! پرندہ اُڑ کر کھڑکی سے باہر نکل گیا۔ پپو پرندے کی مدد کر کے اتنا خوش تھا کہ اپنی پیاس بھی بھول گیا تھا۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ب' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنی چاہیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ اب تک انھوں نے کون کون سے حرف پڑھ لیے ہیں؟ نام بتائیے۔ بچے نام بتائیں تو وہ حروف (ا، آ، ب) بورڈ پر لکھتے جائیے۔
- بچوں سے ان حروف کے نام اور آوازیں پوچھیے۔ کچھ بچوں سے /ا/، /آ/، /ب/ سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- بچوں کو بورڈ پر 'ب' لکھنے کی مشق کروائیے۔ انھیں بتائیے کہ یہ بالکل ایک کشتی جیسا ہے اور حرف کے نیچے ایک نقطہ ہے۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ب' لکھنے کی مشق کروائیے۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر 'ب' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور کریون کی مدد سے کام کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 15 پر 'ب' کے خاکے میں کریون پھروائیے۔ بعد ازاں صفحے پر پنسل سے حرف لکھوانے کا آدھا کام (یعنی دو سطریں) جماعت میں کروائیے۔
- **جانچ:** جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

کچھ بچوں سے بورڈ پر 'ب' لکھوائیے۔ کچھ بچوں سے پوچھیے کہ 'ب' کے نیچے کتنے نقطے ہوتے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور خوب حوصلہ افزائی کیجیے۔ یاد رکھیے! حوصلہ افزائی کے ذریعے سے ہی بچوں میں سیکھنے کا شوق بیدار ہوتا ہے اور وہ بہتر انداز سے سیکھتے ہیں۔

- **گھر کا کام:** بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 15 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ب' کی مشق



نمونہ 1



نمونہ 2

- بچوں کے ساتھ مل کر 'ب' کی نظم پڑھیے۔ بچوں سے 'ب' سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم مل کر ایک ایسی چیز بنانے والے ہیں، جو /ب/ سے شروع ہوتی ہے۔
- بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے۔ ہر گروپ میں پیلا چارٹ، رنگین پنسلیں، قینچی اور گوند دیجیے۔
- پیلے چارٹ کی بس کاٹنے میں بچوں کی مدد کیجیے۔ پھر کھڑکی کے لیے سفید کاغذ کاٹیے اور ہر بچے کو دیجیے۔
- بچے اس کاغذ پر اپنی تصویر بنائیں اور دیے گئے نمونے کے مطابق کھڑکیاں چسپاں کریں۔
- بچوں سے کہیے کہ اگر آپ اس بس میں کسی اور کو بھی لے جانا چاہتے ہیں تو اس کی تصویر بھی بنائیے۔
- اگر وہ بلو بندر کو اپنے ساتھ اس بس میں لے جانا چاہتے ہیں تو اس کی تصویر بھی بنا سکتے ہیں۔ تصویر میں رنگ بھروائیے۔ بنائی گئی تصاویر کو بس پر کھڑکی کے طور پر چسپاں کیجیے۔ بچوں سے مختلف سوالات پوچھیے۔

مثلاً: یہ بس کہاں جا رہی ہے؟ اس بس میں کون کون ہے؟ نام بتائیے۔ آپ کو اس بس میں بیٹھنا کیسا لگا؟ وغیرہ۔

- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'بس' کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ب' کی نظم زبانی یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'پ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'پ' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں۔
- تین سے چار ڈسپوزیبل گلاس لیجیے اور ان میں تھوڑا تھوڑا پانی ڈال لیجیے۔ گلاسوں کو ڈھانپ دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔

- یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے سے ہی کر لیا جائے۔ تین سے چار بچوں کو بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک گلاس دیجیے اور انھیں پینے کی ہدایت کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اُتار دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم پانی کب پیتے ہیں؟ (متوقع جواب: جب ہمیں پیاس لگتی ہے۔)۔ اس سوال کو یوں بھی پوچھ سکتے ہیں کہ جب پیاس لگے تو کیا کرنا چاہیے؟ بچے 'پانی' کہیں گے۔ ہمیں گرمی لگے تو ہم کیا چلاتے ہیں؟ (بچے مختلف جوابات دے سکتے ہیں، اس لیے انھیں ٹوکنے کی بجائے حوصلہ افزائی کیجیے۔)
- 'پانی' کہتے ہوئے / پ / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / پ / ہے۔ 'پانی' کی شروع کی آواز / پ / ہے۔
- لفظ 'پانی' کے ذریعے سے / پ / متعارف کروائیے۔ 'پ' کا حرفی فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو اس کا نام اور آواز پانچ سے سات بار بتائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 8 اور 9 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'پ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

پپو کہاں سے واپس آرہا تھا؟	پپو کو پسینہ کیوں آرہا تھا؟	پپو کیا سوچ رہا تھا؟
پپو کو دیوار کے پاس کیا گرا نظر آیا؟	پپو نے پرندے کے بارے میں کسے بتایا؟	پپو نے پرندے کو کیا پلایا؟
پرندی اُڑ کر کہاں جا بیٹھا؟	پرندے نے پپو سے کیا کہا؟	کیا آپ نے کبھی کسی جانور یا پرندے کی مدد کی ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'پ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'پ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'پے' کی آواز یعنی / پ / متعارف کروائیے۔

مثلاً: پپو / پ / پپو، پانی / پ / پانی، پنکھا / پ / پنکھا، پرندہ / پ / پرندہ۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'پ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 16 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'پ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'پ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 8 اور 9 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'پ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'پ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً:
آپ کہیے: "اک پرندہ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "بہت تھا پیاسا۔۔۔۔"
آپ کہیے: "گرمی اس کو۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "خوب لگی تھی۔۔۔۔"
آپ کہیے: "پپو نے پھر۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پنکھا چلایا۔۔۔۔۔"
آپ کہیے: "اور پرندے کو۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پانی پلایا۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'پ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (پپو، پرندہ، پیاس، پنکھا، پانی) درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 8 اور 9 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'پ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (پے) اور پھر اس کی آواز (/ پ /) ادا کروائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو 'ب' اور 'پ' کا فرق سمجھائیے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /ب/ اور /پ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔ تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور نقطوں کا فرق بتائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'پ' کہاں ہے؟	'پے' کی کیا آواز ہے؟	پپو کے ہاتھ میں کیا ہے؟
پپو یہ پانی کس کے لیے لایا ہے؟	چھت پر کیا لگا ہے؟	پرندہ کہاں ہے؟

- 'پ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /پ/ کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: /پ/ پانی، /پ/ پنکھا، /پ/ پرندہ۔
- اگر وقت ہو تو 'پ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /پ/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 17 پر موجود دونوں سرگرمیوں کی بورڈ پر مشق کروائیے۔ پھر کتاب پر پہلی سرگرمی کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /پ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 17 پر موجود دوسری سرگرمی کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'پ' کی بناوٹ اور لکھائی

- 'پ' کی نظم سب بچے مل کر پڑھیں۔
- 'پ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچے گروپوں میں بیٹھ کر 'پ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'پ' کے نیچے کتنے نقطے ہوتے ہیں۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'پ' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 18 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر دیے گئے حروف لکھیے اور بچوں سے اس حرف کے نیچے گرد دائرہ بنوائیے، جس کی آواز /پ/ ہے۔

ا ، پ ، ب ، آ، ب، ا، پ، آ، پ


- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 18 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے۔اس ورک شیٹ کا کام انفرادی طور پر کروایا جائے)

تصویر میں چُھپا ہوا 'ب' تلاش کیجیے اور کریون پھیریے۔



پہلی ٹرم (پانچواں ہفتہ)

"پ"اور"ت"کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن:5

پیریڈ: 40منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'پ' اور 'ت' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ت/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ت' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: ورک شیٹ، انعامات
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ت' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 10 اور 11)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 19)، تولیہ
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ت' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 10 اور 11)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 20)
- چوتھے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 21)
- پانچویں دن کے لیے: عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 21)، پلے ڈو، بٹن

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ت' کی کہانی: (دوسرے دن سُنانے کے لیے)

" پیارے بچو! تیمور ایک اچھا بچہ ہے۔ اسے یوں تو سارے پھل پسند تھے لیکن سب سے زیادہ اسے تربوز اچھا لگتا تھا۔ جب بھی ابو جان بازار جاتے، وہ ان سے تربوز لانے کی فرمائش کرتا۔ چاہے سردی ہو، چاہے گرمی۔۔۔۔ اس کا تو بس میٹھے میٹھے لال لال تربوز کھانے کا دل چاہتا۔ ایک بار اس نے سردی کے موسم میں ابو جان سے تربوز لانے کی فرمائش کی۔ اس کے ابو ہنسنے لگے اور اسے سمجھایا، " تیمور بیٹا! تربوز صرف گرمی کے موسم میں آتا ہے۔ اب جب گرمی کا موسم آئے گا تب تم جی بھر کے میٹھے تربوز کھانا۔" پھر کیا تھا۔۔۔۔! تیمور سردیاں گزرنے اور گرمی کے آنے کا انتظار کرنے لگا۔

جوں ہی گرمی کا موسم آیا۔ ہر طرف تربوزوں کے ٹھیلے لگ گئے۔ تیمور کے ابو اس کے لیے ایک بڑا سا تربوز لے کر آئے۔ تیمور کی امی جان نے تربوز کاٹا اور پلیٹ میں رکھ کر تیمور کو آواز دی۔ تیمور دوڑا آتا اور لپک کر تربوز اُٹھا کر کھانے لگا۔ اس کی امی جان بولیں، " تیمور بیٹا! کھانے سے پہلے صابن سے اچھی طرح ہاتھ دھو لو اور تولیے سے خُشک کر کے آؤ تا کہ ہاتھوں پر لگے جراثیم ختم ہو سکیں۔" تیمور نے فوراً امی جان کی بات مان لی۔ اس نے ہاتھ دھو کر تولیے سے خُشک کیے اور تربوز کھانے لگا۔ اسی لیے تو تیمور سب کو اچھا لگتا ہے کیونکہ وہ بڑوں کی کہی ہر بات مانتا ہے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'پ' کی مشق

- بچوں کو گزشتہ پڑھائے گئے حروف کا اعادہ کروائیے۔
- حروف بورڈ پر لکھیے۔ ان کے نام اور آوازیں پوچھیے۔
- ہر حرف سے بننے والے ذخیرہ الفاظ پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔
- بچوں کو ورک شیٹ تقسیم کیجیے۔ پہلی سرگرمی میں موجود حرف کا نام پوچھیے۔ پھر ڈسپوزیبل پلیٹوں میں رنگ ڈال کر بچوں کو دیجیے اور حرف میں انگلی پھروائیے۔ بچے کام کرنے کے ساتھ ساتھ حرف کی آواز ادا کرتے جائیں۔
- ورک شیٹ کی دوسری سرگرمی کی مشق پہلے بورڈ پر کروائیے پھر ورک شیٹ پر کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پوچھیے: 'پنکھا' کی شروع کی آواز کیا ہے؟ / آ / سے بننے والی کسی چیز کا نام بتائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو اب تک پڑھے گئے حروف کے نام اور آوازیں یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ت' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ت' متعارف کروانے کا ہے۔ پہلے بچوں سے 'پ' کی نظم سُنیے۔ گزشتہ حرف کے اعادے کے بعد اگلا حرف، یعنی کہ 'ت' پڑھوائیے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے جماعت میں تولیہ لے جائیے۔ بچوں کو دکھائیے اور اس کا نام پوچھیے۔
- جو بچے درست جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بچوں سے تولیے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ تولیہ ہمارے کس کام آتا ہے؟
- بچوں کو بتائیے کہ استعمال کے بعد تولیے کو یہاں وہاں ہرگز مت پھینکیے، بلکہ کسی بڑے کی مدد سے تار پر خُشک ہونے کے لیے لٹکا دیں۔
- 'تولیہ' کہتے ہوئے / ت / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ت / ہے۔
  'تولیہ' کے نام میں شروع کی آواز / ت / ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 10 اور 11 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ت' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو کوئی نہ کوئی انعام بھی دیجیے۔

تیمور کو کون سا پھل سب سے زیادہ پسند تھا؟	تربوز کس موسم میں آتا ہے؟	تیمور کو گرمی کے موسم کا انتظار کیوں تھا؟
صابن سے ہاتھ دھونے کے بعد تیمور نے کیا کیا؟	تیمور سب کو کیوں اچھا لگتا ہے؟	کیا آپ بڑوں کی بات مانتے ہیں؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ت' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ت' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'تے' کی آواز یعنی / ت / متعارف کروائیے۔
  مثلاً: تیمور / ت / تیمور، تربوز / ت / تربوز، تولیہ / ت / تولیہ۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ت' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 19 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ت' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 10 اور 11 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ت' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ت' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس پر کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

- بورڈ پر 'ب'، 'پ' اور 'ت' لکھ کر بچوں کو فرق سمجھائیے۔ حروف کے نام پوچھیے اور ان کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تا کہ بچے سُن کر /ب/، /پ/ اور /ت/ کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ 'ب' کے نیچے ایک نقطہ، 'پ' کے نیچے تین نقطے اور 'ت' کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ت' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "تیمور اک۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اچھا بچہ ہے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "تربوز اسے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اچھا لگتا ہے ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ہاتھوں کو دھوکے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اچھی طرح۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "تولیے سے صاف۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "وہ کرتا ہے۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'ت' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 10 اور 11 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ت' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (تے) اور پھر اس کی آواز (/ت/) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ت' کہاں ہے؟	تیمور کے ہاتھ میں کیا ہے؟
تتلی کہاں ہے؟	تولیہ کہاں ہے؟

- 'ت' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ت/ کے ساتھ پڑھائیے۔
مثلاً: /ت/ تربوز، /ت/ تولیہ، /ت/ تتلی۔
- اگر وقت ہو تو 'ت' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ت/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 20 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ت/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کسی ایسی چیز کا نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو /ت/ سے شروع ہوتی ہے۔

چوتھا دن: حرف 'ت' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 11 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- بچوں کو گزشتہ روز کسی ایسی چیز کا نام سوچ کر آنے کی ہدایت دی گئی تھی، جو /ت/ سے شروع ہوتی ہے۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'ت' کا خاکہ (hollow letter) بنائیے۔ بچوں سے حرف میں بار بار چاک پھروائیے تا کہ وہ حرف کی بناوٹ اور نقطوں کی تعداد یاد رکھ سکیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے پر حرف 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 21 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ت' لکھوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ت' لکھنے کی مشق کرنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

پانچواں دن:

حرف 'ت' کی مشق



- اعادے کے لیے بچوں سے درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 11 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں پلے ڈو اور رنگین بٹن دیجیے۔
- انھیں پلے ڈو پھیلا کر انگلی یا کسی پائپ کی مدد سے 'ت' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ نقطے لگانے کے لیے بچے بٹن استعمال کریں۔ سرگرمی کا نمونہ ساتھ دیا جارہا ہے۔ پہلے سرگرمی خود کیجیے تاکہ بچے دیکھ کر سیکھ سکیں اور بعد ازاں خود پلے ڈو پر حرف لکھ سکیں۔ جہاں رہنمائی اور مدد کی ضرورت ہو، فراہم کیجیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 21 کا باقی کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے یہ سوالات پوچھیے:

  'تیمور' کی شروع کی آواز کیا ہے؟

  'تے' کی آواز بتائیے۔

  /ت/ سے شروع ہونے والی کسی چیز کا نام بتائیے۔

  ہوا میں 'ت' لکھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ت' کی نظم یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔


Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے اور انفرادی طور پر کام کروایئے)



رنگ میں انگلی ڈبو کر حرف میں پھیریے۔ حرف کا نام اور آواز بتایئے۔



حرف پڑھیے اور درست تصویر سے ملایئے۔

آ	ا	ب	پ
			

پہلی ٹرم (چھٹا ہفتہ)

"ٹ" اور "ث" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ٹ' اور 'ث' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ٹ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ٹ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ٹ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 12 اور 13)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 22)، کٹے ہوئے ٹماٹر، آنکھوں پر باندھنے کے لیے پٹیاں
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ٹ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 12 اور 13)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 23)
- تیسرے دن کے لیے: عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 24)، ریت کی ٹرے
- چوتھے دن کے لیے: لال رنگ، بُرش، ڈسپوزیبل پلیٹیں، ہرے رنگ کا چارٹ، کالا مارکر
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ث' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 14 اور 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 25)، تصویری فلیش کارڈز (مختلف پھلوں کے) موسمی پھل (دو سے تین موسمی پھل)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ٹ' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! سردی کا موسم تھا۔ ٹینا کی امی جان نے اُسے بازار سے ٹماٹر لانے کے لیے بھیجا۔ اوہو! باہر تو بہت سردی ہے۔ ٹینا نے گھر سے نکلتے ہوئے سوچا۔ پھر اسے اپنی نئی اُونی ٹوپی کا خیال آیا جو اس کے ابو جان لائے تھے۔ ٹینا اندر آئی اور الماری سے نکال کر اپنی اُونی ٹوپی پہن لی۔ پھر ٹوکری اُٹھا کر بازار کی طرف چل دی۔ بازار میں لوگ آ جا رہے تھے۔ ٹینا ٹماٹروں کے ٹھیلے پر رُکی اور پیسے دے کر لال لال ٹماٹر خرید لیے۔

ٹماٹروں سے بھری ٹوکری لے کر ٹینا گھر کی طرف واپس آ رہی تھی۔ اس کے ہاتھ ٹھنڈے ہو رہے تھے۔ وہ سوچ رہی تھی کہ ابو جان سے کہے گی کہ اُسے اُونی دستانے بھی لا دیں تاکہ جب بھی وہ سردی میں باہر نکلے، اپنے دستانے اور ٹوپی پہن کر نکلے۔ ابھی وہ اِسی خیال میں گُم تھی کہ اچانک اس کا پاؤں پھسل گیا اور ٹینا کی ٹوپی سر سے اُڑ گئی۔ ٹینا نے جوں ہی ٹوکری سے ہاتھ ہٹا کر ٹوپی پکڑنے کی کوشش کی، سارے ٹماٹر زمین پر گر گئے۔ اوہ نہیں!!!! ٹینا بہت پریشان ہوئی۔ اسے ڈر تھا کہ اب اسے امی جان سے بہت ڈانٹ پڑے گی۔ ٹماٹروں پر مٹی لگ گئی تھی۔ اس نے ایک ایک کر کے سارے ٹماٹر اُٹھا لیے اور ڈرتی ڈرتی گھر میں داخل ہوئے۔ اس نے امی جان کو بات بتائی تو وہ ہنسنے لگیں۔ انھوں نے ٹینا کو بالکل نہیں ڈانٹا اور کہا، "شاباش ٹینا! آپ نے مجھے پوری بات سچ سچ بتا دی۔ ٹماٹر آپ کی غلطی سے تو نہیں گرے۔ بس آپ ہمیشہ ہر کام دھیان سے کیا کرو۔" ٹینا بولی، "جی امی جان! آئندہ میں ہر کام دھیان سے کروں گی۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ٹ' کا تعارف

- یہ دن بچوں کو 'ٹ' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔
- تین سے چار ٹماٹر کاٹیے اور کسی ڈبے میں ڈال کر جماعت میں لے جائیے۔ کچھ بچوں کو سامنے بُلائیے اور ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک ٹکڑا کھانے کے لیے دیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کھا کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اُتار دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- 'ٹماٹر' کہتے ہوئے /ٹ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ٹ/ ہے۔ 'ٹماٹر' کی شروع کی آواز /ٹ/ ہے۔
- لفظ 'ٹماٹر' دو سے تین بار کہیے اور اس کے ذریعے سے /ٹ/ متعارف کروائیے۔
- 'ٹ' کا حرفی فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو اس کا نام اور آواز پانچ سے سات بار بتائیے۔ بچے بھی ساتھ ساتھ دُہرائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 12 پر موجود تصویرِ دکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ٹ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

ٹینا کی امی جان نے اسے بازار سے کیا لانے بھیجا؟	گھر سے نکلتے ہوئے ٹینا کو کس چیز کا خیال آیا؟	ٹینا نے ہاتھ میں کیا اُٹھایا؟
ٹینا کون سے ٹھیلے پر رُکی؟	ٹینا کی ٹوپی کیسے اُڑی؟	ٹماٹروں پر مٹی کیسے لگ گئی؟
ٹینا کیوں ڈر رہی تھی؟	ٹینا کی امی جان نے اس سے کیا کہا؟	کبھی آپ سے ایسی کوئی غلطی ہوئی ہے؟ پھر آپ نے کیا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ٹ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر کو بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ٹ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ٹے' کی آواز یعنی /ٹ/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: ٹینا/ٹ/ٹینا، ٹوکری/ٹ/ٹوکری، ٹوپی/ٹ/ٹوپی، ٹماٹر/ٹ/ٹماٹر۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'پٹ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 22 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ٹ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ٹ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو درسی کتاب کے صفحہ نمبر 12 اور 13 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ٹ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'ٹ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "ٹینا گھر سے ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "نکلی باہر ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ٹوکری بھر کے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "لائی ٹماٹر ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ٹینا کا پھر ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پھسلا پاؤں ۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "اُڑ گئی ٹوپی ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گرے ٹماٹر ۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'ٹ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (ٹینا، ٹوپی، ٹوکری، ٹماٹر) درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔

- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 13 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ٹ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ٹے) اور پھر اس کی آواز (/ ٹ /) ادا کروایئے۔
- بچوں کو 'ت' اور 'ٹ' کا فرق سمجھایئے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر / ت / اور / ٹ / کا فرق محسوس کر سکیں۔ تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور سمجھایئے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ٹ' کہاں ہے؟	ٹینا کے ہاتھ میں کیا ہے؟
ٹینا کے سر پر کیا ہے؟	ٹوکری میں کیا ہے؟

- 'ٹ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ٹ / کے ساتھ پڑھایئے۔
  مثلاً: / ٹ / ٹوکری، / ٹ / ٹماٹر، / ٹ / ٹوکری۔
- اگر وقت ہو تو 'ٹ' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ٹ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 23 پر موجود دونوں سرگرمیوں کی مشق بورڈ پر کروایئے۔ پھر کتاب پر پہلی سرگرمی کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ٹ / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 23 پر موجود دوسری سرگرمی کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ٹ' کی بناوٹ اور لکھائی

- 'ٹ' کی نظم سب بچے مل کر پڑھیں۔
- 'ٹ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچے گروپوں میں بیٹھ کر 'ٹ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ٹ' کے اوپر کیا آتا ہے؟
- بچوں کو زیادہ دقت 'ط' بنانے میں پیش آسکتی ہے۔ اس لیے بورڈ پر 'ط' بنوانے کی مشق کروایئے۔ پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ٹ' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 24 کھلوایئے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروایئے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر دیے گئے حروف لکھیے اور بچوں سے اس حرف کے نیچے گرد دائرہ بنوایئے، جس کی آواز / ٹ / ہے۔

ٹ، آ، ت، ب، آ، ٹ، ا، پ، آ، ٹ، ا، ب، ٹ

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 24 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ٹ' کی مشق

- بچوں کے ساتھ مل کر 'ٹ' کی نظم پڑھیے۔ بچوں سے 'ٹ' سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم مل کر ایک ایسی چیز بنانے والے ہیں، جو / ٹ / سے شروع ہوتی ہے۔
- بچوں سے ڈسپوزیبل پلیٹوں کی مدد سے 'ٹماٹر' بنوایئے۔
- بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے۔ ہر گروپ میں پہلے سے تیار کردہ ڈسپوزیبل پلیٹیں دے دیجیے۔
- تیار کرنے کے لیے ہر پلیٹ کو اُلٹا کیجیے اور اس پر مارکر کی مدد سے آنکھیں اور ہونٹ بنا دیجیے۔

- نمونے کی تصویر ساتھ دی جارہی ہے۔
- بچوں کو ڈسپوزیبل پلیٹیں، لال رنگ اور بُرش دیجیے۔ پلیٹوں میں رنگ بھروائیے۔
- پھر بچوں کو ہرے رنگ کے پتے کاٹ کر دیجیے اور گوند کی مدد سے پلیٹ پر چسپاں کروائیے۔
- ڈسپوزیبل پلیٹ کی مدد سے ٹماٹر بنوانے کے بعد بچوں سے پوچھیے کہ یہ کیا چیز ہے؟ (متوقع جواب: ٹماٹر)، 'ٹماٹر' کی شروع کی آواز کیا ہے؟ (/ ٹ /)
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ٹوکری' کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ٹ' کی نظم زبانی یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔



نمونہ

پانچواں دن: حرف 'ث' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ث' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ دو سے تین موسمی پھل لے آیئے اور انھیں کاٹ کر کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ ہر پھل الگ الگ پیالے میں ڈالیے۔
- دو سے تین بچوں کو بُلایئے۔ ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ ہر بچے کو ایک ایک پھل کھلایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کریں اور اس چیز کا نام بتائیں۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ پھل کا درست نام بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو مختلف پھلوں کے تصویری فلیش کارڈ دکھایئے اور ان سے پھلوں کے نام پوچھیے۔ پھلوں کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔

نوٹ: اساتذہ کرام کی سہولت کے لیے فلیش کارڈز کا مواد اس تدریسی منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔

- پھر بچوں کو بتایئے کہ تمام پھلوں کو 'ثمر' کہا جاتا ہے۔
- 'ثمر' کہتے ہوئے / ث / پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ث / اور نام 'ثے' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 14 پر موجود تصویرِ دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ث' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ث' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ث" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

ثنا کو پھل پسند کھانا پسند نہیں تھا۔ کبھی وہ چپس اور ٹافی کی فرمائش کرتی تو کبھی چاکلیٹ کی۔ ایسی چیزیں صحت کے لیے اچھی نہیں ہوتیں۔ ایک دن ثنا بیمار پڑ گئی اور دو دن اسکول نہ گئی۔ اس کے امی ابو اسے ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ ڈاکٹر بولا، ثنا! چاکلیٹ، ٹافی اور چپس وغیرہ زیادہ نہیں کھانے چاہییں۔ ان چیزوں کی بجائے تُم ثمر کھاؤ۔ اللہ نے سارے ثمر ہمارے لیے بنائے ہیں تاکہ ہم انھیں کھا کر صحت مند رہ سکیں۔ ثنا کو ڈاکٹر صاحب کی بات سمجھ میں آگئی۔ اس نے وعدہ کیا کہ وہ ایسی چیزیں نہیں کھائے گی، جس سے اس کی صحت کو نقصان ہوتا ہو۔ اس کے ابو جان اس کے لیے ثمر لے کر آئے۔ پھر سب نے مل کر یہ پھل کھائے اور 'الحمدُللہ' کہہ کر اللہ کا شُکر ادا کیا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد تمام بچوں کو موسمی پھل کھانے کے لیے دیجیے۔
- پھر بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

ثنا کو کیا کھانا پسند نہیں تھا؟	ثنا کیا فرمائش کرتی تھی؟	ثنا کو کیا ہوا؟
ڈاکٹر نے ثنا کو کیا بتایا؟	ابو جان کیا لے کر آئے؟	سب نے ثمر کھانے کے بعد کیا کہا؟
آپ کو کون سا ثمر کھانا پسند ہے؟	آپ اپنے امی ابو سے کن چیزوں کی فرمائش کرتے ہیں؟	

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ث' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ث' کے لفظ پر زور دے کر ادا کیجیے۔


  مثلاً: ثمر / ث / ثمر۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 25 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ث' لکھیے۔ بچوں سے اس حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 14 اور 15 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔


(پرنٹنگ کا مواد)


تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان تصاویر کے رنگین پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈز بنا کر سرگرمی کروائیے۔)









"ث" اور "ج" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ▪ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ▪ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ▪ 'ث' اور 'ج' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ▪ /ب/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ▪ 'ث' اور 'ج' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ▪ 'ا' سے 'ث' تک حروف شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ث' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 14 اور 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 25)
- دوسرے دن کے لیے: عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 26)، کریون، ریت کی ٹرے
- تیسرے دن کے لیے: ورک شیٹ، کریون، رنگین پنسلیں
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ث' کی نظمیں)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 27)، حروف کی لُڈو، لڈو کا دانہ
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 16 اور 17)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 29)، ایک چھوٹا جوتا (کھلونا جوتا بھی لیا جا سکتا ہے)، 'ج' کا حرفی فلیش کارڈ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ج' کی کہانی: (پانچویں دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! جنید کے گھر کے پاس ایک پارک تھا۔ ہر اتوار کو اس پارک میں رش لگ جاتا تھا۔ پتا ہے کیوں؟ کیوں کہ اتوار کو یہاں ایک جوکر آتا تھا۔ جوکر کا کام سب کو ہنسانا تھا۔ اس کے کپڑے اتنے رنگین ہوتے کہ اسے گزرتا دیکھ کے بچے اس کے پیچھے پیچھے کھنچے چلے آتے۔ اس کے سر پر ایک ٹوپی ہوتی اور ہاتھ میں طرح طرح کی انوکھی چیزیں ۔۔۔۔۔۔ اور پتا ہے وہ ان چیزوں کا کیا کرتا تھا؟ وہ ان چیزوں سے ایسے ایسے کرتب دِکھاتا کہ سب حیران رہ جاتے۔

اس بار جب جوکر آیا تو اس نے ہاتھ میں جُوتے اُٹھا رکھے تھے۔ دیکھتے ہی بچے پُرجوش ہو گئے۔ وہ سمجھ گئے تھے کہ آج جوکر میاں ان جوتوں کے ذریعے سے کوئی کرتب دکھانے والے ہیں۔ بس پھر کیا تھا۔۔۔۔ جنید اپنے دوستوں کے ساتھ کرکٹ کھیل رہا تھا۔ جوکر کو پارک کی طرف جاتا دیکھ کے جنید کھیل چھوڑ کر دوڑا، جاوید دوڑا، جلال دوڑا، جمیل دوڑا۔۔۔۔ دیکھتے ہی دیکھتے بچے جوکر کے گرد اکٹھے ہو گئے۔ جوکر نے دائیں ہاتھ میں پکڑا جُوتا ہوا میں اُچھالا اور بائیں ہاتھ سے پکڑ لیا۔ پھر بائیں ہاتھ کا جُوتا اُچھالا اور دائیں ہاتھ میں پکڑ لیا۔ اور پھر اس نے اتنی تیزی سے جوتوں کو ہوا میں اُچھالنے اور پکڑنے کا کرتب دکھایا کہ سب بچے خوشی سے تالیاں بجانے لگے۔ کرتب دیکھنے کے بعد سب بچوں نے جوکر کا شکریہ ادا کیا اور گھر کی طرف چل دیے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ث' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ وہ کون سا حرف ہے، جس کے اُوپر تین نقطے آتے ہیں؟ کسی بچے سے بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست حرف لکھنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ حرف کا نام اور آواز پڑھنے کی مشق کروائیے۔
- پھر اسپیکر کے ذریعے سے بچوں کو 'ث' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "تُم کو دُوں میں۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ایک خبر۔۔۔۔"

آپ کہیے: "اللہ نے بنائے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "سارے ثمر۔۔۔۔"

آپ کہیے: "آؤ ہم سب۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "مل کر کھائیں۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "اللہ کا شُکر ہم۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کرتے جائیں۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'ث' کے لفظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 15 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ث' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ثے) اور پھر اس کی آواز (/ ث /) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ث' کہاں ہے؟	'ثے' کی کیا آواز ہے؟	میز پر کیا رکھا ہے؟

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 25 کی دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔ پہلے بورڈ پر مشق کروائیے، اس کے بعد قاعدے پر کام کروائیے۔
- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ث / سے شروع ہونے والی چیز کا نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کوئی سے دو ثمر کا نام سوچ کر آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ث' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو کوئی سے دو ثمر کا نام سوچ کر آنے کا کام دیا گیا تھا۔ بچوں سے نام پوچھیے اور ان پھلوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- بچوں کو دوبارہ بتائیے کہ پھلوں کو ہی ثمر کہتے ہیں۔ اس کے بعد 'ث' کی نظم سب بچے مل کر پڑھیں۔
- 'ث' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچے گروپوں میں بیٹھ کر 'ث' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ث' کے اوپر کتنے نقطے ہوتے ہیں۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ث' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 26 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر اب تک پڑھائے گئے حروف لکھیے اور بچوں سے اس حرف کے گرد دائرہ بنوائیے، جس کی آواز / ث / ہے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 26 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

تیسرا دن : حرف 'ث' کی مشق

- بچوں کے ساتھ مل کر 'ث' کی نظم پڑھیے۔ بچوں سے 'ث' سے شروع ہونے والی چیز کا نام پوچھیے۔
- بچوں سے ہوا میں 'ث' لکھوائیے۔ پھر بینچ پر انگلی سے لکھیں۔
- اس کے بعد بچوں میں کریون، رنگین پنسلیں اور ورک شیٹ تقسیم کیجیے۔ اپنی نگرانی میں ورک شیٹ کا کام کروائیے۔
- دوسری سرگرمی کے لیے بچے اپنی مرضی کا پھل بنا سکتے ہیں۔ پھل بنانے اور رنگ کا انتخاب کرنے میں بچوں کی مدد کیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پوچھیے کہ 'ثمر' کسے کہتے ہیں؟ ثمر کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ث' کی نظم زبانی یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حروف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے بچوں کو 'ا' سے 'ث' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سُنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرۂ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 سے 15 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام بھی با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- حروف کی لڈو اس سبقی منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ اس کا رنگین پرنٹ لیجیے اور کسی گتے یا چارٹ پیپر پر چسپاں کر لیجیے۔
- 'حروف کی لُڈو' کو میز پر رکھیے اور بچوں کو دائرے کے صورت میں پاس کھڑا کر لیجیے۔ کسی بچے کو لُڈو پر دانہ (DICE) پھینکنے کی ہدایت دیجیے۔
- دانہ جس خانے پر رُکے گا، بچے کو اس حرف کا نام، آواز اور اس سے بننے والی کسی چیز کا نام بتانا ہو گا۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 27 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے دیے جانے والے سوالات پوچھیے۔

سوالات:

'ب' کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟	'ث' پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	'ا' کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟
'ٹ' کی کیا آواز ہے؟	'تربوز' کی شروع کی آواز کیا ہے؟	'پ' سے کون سی چیز کا نام شروع ہوتا ہے؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ج' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ج' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج آپ ایک پہیلی بوجھیں گے۔

  پہیلی: وہ کون سی چیز ہے، جسے چلتے ہوئے ہم اپنے پاؤں میں پہنتے ہیں؟
- بچے درست پہیلی بوجھ لیں تو ان کے لیے تالیاں بجوائیے۔ اگر بچے نہ بوجھ پائیں تو انھیں کھلونا جوتا یا کسی چھوٹے بچے کا جوتا دکھائیے اور پوچھیے کہ اسے کیا کہتے ہیں؟ 'جوتے' کے بارے میں بچوں سے بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ ہم جوتے کیوں پہنتے ہیں؟

  (بچے مختلف جوابات دے سکتے ہیں، اس لیے انھیں ٹوکنے کی بجائے حوصلہ افزائی کیجیے۔)
- 'جوتا' کہتے ہوئے /ج/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ج/ ہے۔ 'جوتے' کی شروع کی آواز /ج/ ہے۔
- لفظ 'جوتے' کے ذریعے سے /ج/ متعارف کروائیے۔ 'ج' کا حرفی فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو اس کا نام اور آواز پانچ سے سات بار بتائیے۔

- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 16 پر موجود تصویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ج' کی کہانی سُنایئے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

پارک کس بچے کے گھر کے پاس تھا؟	ہر اتوار کو پارک میں رش کیوں لگ جاتا تھا؟	اس بار جوکر کے ہاتھ میں کیا تھا؟
جوکر نے کیا کرتب دکھایا؟	بچوں نے جوکر کا شکریہ کیوں ادا کیا؟	کیا آپ نے کبھی جوکر کا کرتب دیکھا ہے؟ کیسا لگا؟
کیا آپ دوسروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں؟	شکریہ کب ادا کرتے ہیں؟	

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ج' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ج' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'جیم' کی آواز یعنی /ج/ متعارف کروایئے۔

مثلاً: جنید/ج/جنید، جلال/ج/جلال، جاوید/ج/جاوید، جوکر/ج/جوکر، جوتا/ج/جوتا۔


- کہانی اور نظم میں آنے والے /ج/ کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 29 کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ج' لکھیے۔ بچوں سے 'ج' کا نام اور آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 16 اور 17 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے۔اس ورک شیٹ کا کام انفرادی طور پر کروایئے۔)

کشتی میں چُھپا ہوا 'ث' تلاش کیجیے اور کریون پھیریے۔



اپنی مرضی کا ثمر بنایئے اور رنگ بھریے۔



حرف کی لُڈو (چوتھے دن کے لیے)

(رنگین پرنٹ لے کر کسی گتے یا چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ب	آ	ٹ	ا
پ	ت	پ	ث
ب	ث	ب	آ
ا	ٹ	ت	ث
ب	آ	ت	پ

"ج" اور "چ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ج' اور 'چ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /چ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ج' اور 'چ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 16 اور 17)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 30)
- دوسرے دن کے لیے: عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 31)، ریت کی ٹرے، کریون
- تیسرے دن کے لیے: سادہ کاغذ (بچوں کی تعداد کے مطابق)
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر سی ڈی ('چ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 18 اور 19)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 32)، چینی
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('چ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 18 اور 19)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 32)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'چ' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک چوہا بہت ہوشیار اور سمجھ دار تھا۔ اس چُوہے کی چڑیا کی دوستی ہو گئی۔ چوہا تو ایک بِل میں رہتا تھا لیکن چڑیا کچھ دُور ایک درخت پر اپنے گھونسلے میں رہتی تھی۔ ایک بار اُسے ایک شرارتی بچے نے پکڑ کر پنجرے میں بند کر دیا۔ چڑیا بہت پریشان ہوئی۔ وہ تو اپنے بچوں کے لیے کھانا لینے آئی تھی۔ پنجرے میں بند چڑیا کو اپنے بچوں کی یاد آ رہی تھی۔ وہ سوچ رہی تھی کہ اب وہ اپنے گھونسلے میں کیسی واپس جائے گی۔ اس نے زور زور سے "چُوں چُوں" بولنا شروع کر دیا جیسے کسی کو مدد کے لیے آواز دے رہی ہو۔ وہاں سے اس کا دوست چُوہا گزر رہا تھا۔ جیسے ہی اس نے چڑیا کی آواز سُنی وہ دوڑا دوڑا کمرے میں آ گیا۔ یہ کیا۔۔۔۔۔!!! چڑیا تو ایک پنجرے میں بند اُداس بیٹھی تھی۔ چڑیا نے چُوہے کو اپنی پریشانی بتائی۔ چوہا بولا، ارے چڑیا! تم پریشان مت ہو۔ میں ابھی پنجرے کی چابی لاتا ہوں اور تمھیں آزاد کر دیتا ہوں۔ چُوہے نہ یہاں وہاں دیکھا، لیکن چابی نہ ملی۔ اور پتا ہے چابی کہاں تھی؟ ایک بوتل میں۔ بوتل کا منھ اتنا تنگ تھا کہ وہ اندر نہ جا سکتا تھا۔ چوہے نے ایک ترکیب لڑائی اور اپنی دُم بوتل میں ڈال کر چابی نکال لی اور پنجرے کا تالا کھول کر چڑیا کو آزاد کر دیا۔ چڑیا نے چوہے کا بہت شکریہ ادا کیا اور پُھر سے اُڑ گئی۔ اچھا دوست وہی ہے، جو مشکل وقت میں اپنے دوست کے کام آئے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

پہلا دن: حرف 'ج' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے ابھی کون سا حرف پڑھا ہے؟ کیا آپ بورڈ پر لکھ کر دکھا سکتے ہیں؟
- مختلف بچوں کو بُلائیے اور ان سے بورڈ پر حرف 'ج' لکھوائیے۔ بچوں سے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- پھر اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'ج' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "رنگ برنگے۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "جوتے لے کے ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ہوا میں گول۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گھما تا جائے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "جوکر کا ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کرتب ہے کیسا۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "جہاز بھی دیکھ کے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ہنستا جائے۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'ج' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (جوکر، جوتا، جہاز) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 17 کھلوائیے اور انھیں حرف پر انگلی پھیرتے ہوئے 'ج' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (جیم) اور پھر اس کی آواز (/ج/) ادا کروائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ج' کہاں ہے؟	جوکر کہاں ہے؟
جوتا کہاں ہے؟	جہاز کہاں ہے؟

- 'ج' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ج/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ج/ جوکر، /ج/ جوتا، /ج/ جہاز۔

- اگر وقت ہو تو 'ج' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ج/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 30 پر موجود دونوں سرگرمیوں کی مشق بورڈ پر کروائیے۔ پھر کتاب پر پہلی سرگرمی کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 17 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 30 پر موجود دوسری سرگرمی کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ج' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو اچھی بات بتانے سے تدریس آغاز کیجیے۔ انھیں بتائیے کہ جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔ انھیں ہرگز کوئی تکلیف نہیں پہنچانی چاہیے۔
- 'ج' کی نظم سب بچے مل کر پڑھیں۔
- 'ج' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچے گروپوں میں بیٹھ کر 'ج' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ج' میں کتنے نقطے آتے ہیں؟
- بچوں کو 'ج' کی درست بناوٹ بنانے میں دقت پیش آسکتی ہے۔ اس لیے بورڈ پر 'ج' بنوانے کی مشق کروائیے۔ پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ج' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 31 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔

- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ج' کی املا کروایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 31 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن : حرف 'ج' کی مشق

- بچوں کے ساتھ مل کر 'ج' کی نظم پڑھیے۔ بچوں سے 'ج' سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم مل کر ایک ایسی چیز بنانے والے ہیں، جو /ج/ سے شروع ہوتی ہے۔
- ایک سادہ کاغذ لیجیے اور دیے گئے لنک کی مدد سے کاغذی جہاز بنایئے۔
https://www.youtube.com/watch?v=veyZNyurlwU
- پہلے خود بنایئے اور پھر مرحلہ وار بچوں سے بھی بنوایئے۔
- بنوانے کے بعد بچوں سے پوچھیے کہ یہ کیا چیز ہے؟ (متوقع جواب: جہاز)، 'جہاز' کی شروع کی آواز کیا ہے؟ (/ج/)
- بچوں کو کھیل کے میدان میں لے جایئے اور انھیں اپنے جہاز اُڑانے کی ہدایت دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'جوتے' کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ج' کی نظم زبانی یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'چ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'چ' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔
- کسی ڈبے میں چینی ڈال لیجیے۔ دو سے تین بچوں کو بُلایئے۔ ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ ہر بچے کو چینی کے کچھ دانے کھلایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کریں اور اس چیز کا نام بتائیں۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست نام بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- 'چینی' کہتے ہوئے /چ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /چ/ اور نام 'چے' ہے۔
- بچوں سے چینی کے ذائقے پر بات کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ ہم کن کھانوں میں چینی کا استعمال کرتے ہیں؟
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 18 پر موجود تصویرِ دکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'چ' کی کہانی سُنایئے۔
- پھر بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

ہوشیار اور سمجھ دار کون تھا؟	چوہے کی کس سے دوستی ہوئی؟	شرارتی بچے نے چڑیا کے ساتھ کیا کیا؟
چڑیا کیوں پریشان تھی؟	چڑیا کی مدد کے لیے کون آیا؟	بوتل میں کیا تھا؟
چوہے نے بوتل سے چابی کیسے نکالی؟	چڑیا نے چوہے کا شکریہ کیوں ادا کیا؟	اچھا دوست کون ہوتا ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'چ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'چ' کے الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے۔
مثلاً: چوہا/چ/چوہا، چڑیا/چ/چڑیا، چابی/چ/چابی۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 32 کی پہلی سرگرمی کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'چ' لکھیے۔ بچوں سے اس حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 18 اور 19 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'چ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ کیا انھیں کبھی چوٹ لگی ہے؟ انھوں نے کیا کیا؟ کسے بتایا؟
- تمام بچوں کو بات چیت میں حصہ لینے کا موقع دیجیے۔ اس سے ان میں اپنی بات اعتماد سے کہنے کی مہارت پروان چڑھے گی۔
- انھیں بتائیے کہ ایسے کھیل نہیں کھیلنے چاہییں، جس میں چوٹ لگنے کا خدشہ ہو اور اگر کبھی چوٹ لگ جائے تو رونا نہیں چاہیے بلکہ فوراً کسی بڑے اطلاع کرنی چاہیے تاکہ اس پر دوا لگائی جاسکے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'چوٹ' کی شروع کی آواز کیا ہے؟ درست بتانے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'چ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "چڑیا بولی۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "چُوں چُوں چُوں۔۔۔۔"

آپ کہیے: "میں پنجرے میں۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "بند ہوں کیوں۔۔۔۔"

آپ کہیے: "چوہا بھاگا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "چابی لایا۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "چڑیا کو۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پنجرے سے اُڑایا۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'چ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (چوہا، چڑیا، چابی) درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیے اور انھیں حرف پر انگلی پھیرتے ہوئے 'چ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (چے) اور پھر اس کی آواز (/چ/) ادا کروائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'چ' کہاں ہے؟	
چوہا کہاں ہے؟	چڑیا کہاں ہے؟
چابی کہاں ہے؟	چوہا کیا کر رہا ہے؟

- 'چ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /چ/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /چ/ چڑیا، /چ/ چوہا، /چ/ چابی۔

- اگر وقت ہو تو 'چ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /چ/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 32 پر موجود دوسری سرگرمی کی مشق بورڈ پر کروائیے۔ پھر کتاب پر سرگرمی کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 19 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 18 اور 19 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

'چ' اور 'ح' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'چ' اور 'ح' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /ح/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'چ' اور 'ح' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
پیریڈ: 40 منٹ	

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 18 اور 19)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 33)، ریت یا نمک کی ٹرے، پلے ڈو، رنگین پائپ
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، انٹرنیٹ، کمپیوٹر
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ح' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 20 اور 21)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 34)، حلوا، چمچ، ڈسپوزیبل گلاس، آنکھوں پر باندھنے کے لیے پٹی (دو یا تین)
- چوتھے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 20 اور 21)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 34)، 'ح' کا حرفی فلیش کارڈ
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 20 اور 21)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 35)، ریت یا نمک کی ٹرے۔

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ح' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! حمزہ، حامد اور علی تین دوست تھے۔ ان کے گھر کے پاس ایک بہت بڑا سا حوض تھا۔ وہ اکثر گرمی کے موسم میں اس حوض میں نہانے جاتے تھے۔ وہاں دوسرے بچے بھی آتے۔ حوض کا ٹھنڈا ٹھنڈا پانی انھیں بہت اچھا لگتا تھا۔ وہ پانی میں تیرتے اور خوب مزے کرتے۔ ایک دن وہ اسکول سے واپس آ رہے تھے۔ گرمی کے دن تھے۔ انھیں خوب پسینہ آ رہا تھا۔ علی بولا، شام کو چل کر حوض میں نہاتے ہیں تاکہ تازہ دم ہو جائیں۔ سب نے اس کی بات مان لی۔

شام کو جب وہ تینوں گھر سے نکلے تو اچانک حامد کو یاد آیا کہ اس کے بال بہت بڑھ چکے ہیں اور آج ہی اُستانی جی نے اسے حجامت کروانے کی ہدایت کی ہے۔ بس پھر کیا تھا! حامد فوراً حوض کے پاس حجام کی دُکان پر جا پہنچا اور اس سے حجامت کروانے بیٹھ گیا۔ وہ علی سے بولا کہ تم اور حمزہ حوض میں تیرو، میں ابھی حجامت کروا کر آتا ہوں۔ اتنے میں حمزہ کو حلوے کی میٹھی میٹھی سی خوشبو آئی۔ اس نے مُڑ کر دیکھا تو حلوائی چاچا نے حلوا بنا رکھا تھا۔ وہ فوراً دوڑا اور حلوا لے کر کھانے لگا۔ اسے حلوا بہت مزے کا لگتا تھا۔ حلوا بھلا کسے پسند نہیں ہوتا۔۔۔!!! حمزہ کو حلوا کھاتے دیکھ کر آخر علی اکیلا حوض میں چلا گیا اور نہانے لگا۔ حامد بھی حجامت کروانے کے بعد

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

حوض میں اُتر گیا۔ انھیں نہانے کا بہت مزہ آیا۔ صرف حمزہ حوض میں نہانے سے رہ گیا تھا لیکن اسے اس بات کا کوئی افسوس نہیں تھا۔ ارے بھئی! اس نے اتنے مزے کا حلوا جو کھا لیا تھا۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'چ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- ہر روز سبق پڑھانے سے قبل اس عمل کو دُہرائیے تاکہ بچے سلام کرنا، اس کا جواب دینا اور ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنا سیکھ جائیں۔
- اگلا سبق پڑھانے سے پہلے پچھلے سبق کا اعادہ کروایا جائے۔ بچوں سے پوچھیے کہ وہ کون سا حرف ہے، جس کے پیٹ میں تین نقطے آتے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- پھر بچوں کو مل کر 'چ' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ نظم میں آنے والے 'چ' کے ذخیرۂ الفاظ پوچھیے۔
- بورڈ پر 'چ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 18 اور 19 کھلوائیے اور 'چ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'چ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔ /چ/، /چ/، /چ/، /چ/، /چ/۔



نمونہ

- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت یا نمک کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'چ' لکھنے کی مشق کروائیے۔
- گروپوں میں پلے ڈو دیجیے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ پلے ڈو کو پھیلا لیں، پھر پائپ کی مدد سے اس پر 'چ' لکھیں۔



نمونہ

نوٹ: اساتذہ کرام کو سرگرمی کی واضح تفہیم کے لیے تصویری نمونہ بھی دیا جا رہا ہے۔

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 33 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 33 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'چ' کی مشق

- یہ دن بچوں کو 'چ' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے بچوں کے ساتھ مل کر 'چ' کی نظم پڑھیے۔ بچوں سے 'چ' سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- دیے گئے لنک کی مدد سے بچوں کو کارٹون دکھائیے۔

https://www.youtube.com/watch?v=SlDgBPqNKRQ

- بچوں سے پوچھیے کہ انھیں کارٹون کیسے لگے؟ سب سے زیادہ کیا پسند آیا؟
- کارٹون کے دو کرداروں کے نام پوچھیے۔ بچوں کو بتائیے کہ 'جیری' ایک چوہا ہے۔ بچوں سے 'چوہا' اور 'چوزا' کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیے۔ جیسے:

کارٹون میں چُوہے نے چوزے مدد کیسے کی تھی؟ — کیا آپ نے کبھی چُوہا دیکھا ہے؟

آپ کے خیال میں چُوہا کیا کھاتا ہو گا؟ — چوزہ کیا کھاتا ہے؟

- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'چابی' کی شروع کی آواز پوچھیے۔

Aqsa Online
We Publish Nature...
Publishers, Printers & Booksellers

- گھر کا کام: بچوں کو 'چ' کی نظم زبانی یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ح' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ح' متعارف کروانے کا ہے۔ گزشتہ حرف کے اعادے کے بعد اگلا حرف، یعنی کہ 'ح' پڑھوایئے۔
- 'ح' کے تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار چیز کھانے والے ہیں۔ آپ نے مل کر اس چیز کا نام بتانا ہے۔
- کچھ بچوں کو سامنے بُلایئے اور ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیجیے۔ حلوا پہلے سے تیار کر کے جماعت میں لے جایئے۔

آنکھوں پر پٹی باندھنے کے بعد بچوں کو حلوے کی ایک ایک چمچ کھلایئے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ چیز کھانے کے بعد اس کے ذائقے کو محسوس کریں اور نام بُوجھیں۔ سب سے پہلے درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔

- حلوا ڈسپوزیبل گلاسوں میں ڈالیے اور چمچ رکھ کر ہر بچے کو کھانے کے لیے دیجیے۔
- 'حلوا' کہتے ہوئے /ح/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ح/ ہے۔ بورڈ پر 'ح' لکھیے۔
- بچوں سے 'حلوے' کے ذائقے پر بات چیت کیجیے۔ انھیں بتایئے کہ کھانے والی چیزوں کا ایک ذائقہ ہوتا ہے۔ حلوے کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔

ان سے پوچھیے کہ حلوا کھانا کسے پسند ہے؟ تمام بچوں کو گفتگو میں شامل کیجیے۔

- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 20 پر موجود تصویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ح' کی کہانی سُنایئے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو کوئی نہ کوئی انعام بھی دیجیے۔

حمزہ، حامد اور علی کے گھر کے پاس کیا تھا؟	بچے حوض پر کیا کرنے جاتے تھے؟	شام کو وہ کیا کرنے باہر نکلے؟
اچانک حامد کو کیا یاد آیا؟	حوض کے پاس کون کون سی دُکانیں تھیں؟	حمزہ کیا کھانے چلا گیا؟
حجامت کروانے کے بعد حامد نے کیا کیا؟	آپ کو کون سا حلوا کھانا پسند ہے؟	

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ح' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ح' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ح' کی آواز یعنی /ح/ متعارف کروایئے۔

مثلاً: حمزہ /ح/ حمزہ، حامد /ح/ حامد، حلوا /ح/ حلوا، حلوائی /ح/ حلوائی، حجام /ح/ حجام، حجامت /ح/ حجامت، حوض /ح/ حوض۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ح' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 34 کی پہلی سرگرمی کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ح' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 20 اور 21 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ح' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پہیلی پوچھیے اور انھیں سوچ کر جواب دینے کی ہدایت دیجیے۔ درست اور سب سے پہلے جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- پہیلی: وہ کون سا حرف ہے، جس کا بڑا سا پیٹ تو ہے لیکن نقطہ کوئی نہیں۔
- پہیلی بجھوانے کا مقصد بچوں کو اعادہ کروانا ہے۔ اس کے بعد بورڈ پر 'ح' لکھیے۔ /ح/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- پھر بچوں کو 'ح' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "میٹھا میٹھا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "حلوا کھائے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "حمزہ خوب۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "مزے اُڑائے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "حامد تو۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کروائے حجامت۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "حوض میں علی۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "نہاتا جائے۔۔۔۔"

- نظم میں آنے والے 'ح' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (حلوا، حوض، حجامت) درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 21 کھلوائیے اور انھیں حرف پر اُنگلی پھیرتے ہوئے 'ح' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (حے) اور پھر اس کی آواز (/ح/) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ح' کہاں ہے؟	حمزہ کے ہاتھ میں کیا ہے؟
حجامت کہاں ہو رہی ہے؟	حوض کہاں ہے؟

- 'ح' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ح/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ح/ حلوا، /ح/ حوض، /ح/ حجام، /ح/ حجامت۔

- بچوں کو بتائیے کہ بال کٹوانا 'حجامت کروانا' کہلاتا ہے۔ اس کی شروع کی آواز بھی /ح/ ہے۔
- اگر وقت ہو تو 'ح' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ح/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 34 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ح/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 34 کی دوسری سرگرمی کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ح' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 21 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ کامیابی حاصل کرنے کے لیے دل لگا کر محنت کرنی چاہیے۔ محنت کرنے والے ہی کامیاب ہوتے ہیں۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'ح' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پڑھائیے۔
- درسی قاعدے کا صفحہ نمبر 21 کھلوائیے اور بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو 'ح' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچے اس پر حرف 'ح' لکھنے کی مشق کریں۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 35 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 21 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 35 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

پہلی ٹرم (دسواں ہفتہ)

"خ" اور "اعادہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں ۔
- 'خ' کا نام اور آواز بتا سکیں۔
- 'خ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'خ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ا' تا 'خ' حروف کی شناخت کر سکیں۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('خ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 22 اور 23)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 36)، خربوزہ (اصل یا تصویر)
- دوسرے دن کے لیے: "ج، چ، ح، خ" کے حرفی فلیش کارڈز ، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 22 اور 23)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر، 36)
- تیسرے دن کے لیے: عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 37)، پلے ڈو، ریت کی ٹرے
- چوتھے دن کے لیے: کمپیوٹر، اسپیکر، انٹرنیٹ، رنگین پنسلیں، ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'خ' کی نظمیں) ، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 38 اور 39)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'خ' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک دن خاور کے ابو جان اُسے اور اس کی چھوٹی بہن خولہ کو سیر کروانے لے کر گئے۔ یہ ایک خوب صورت جگہ تھی۔ ایک طرف بڑا سا پہاڑ تھا اور دوسری طرف ایک ندی بہ رہی تھی۔ خاور کے ابو جان نے ہری ہری گھاس پر چادر بچھائی۔ خاور کی امی جان نے انھیں کھانے کی مزے مزے کی چیزیں ساتھ دی تھیں۔ ان چیزوں میں ایک خربوزہ بھی تھا۔ بچوں نے مل کر کھانے پینے کا سامان چادر پر رکھا۔ اتنی دیر میں ابو جان نے وہاں ایک بڑا سا خیمہ بھی لگا دیا تا کہ رات کو خیمے میں سو سکیں۔ پھر انھوں نے خربوزہ کاٹا اور کھانے لگے۔ خربوزہ بہت میٹھا تھا۔

اتنے میں ایک چھوٹا سا خرگوش اُچھلتا اُچھلتا ان کے پاس آ گیا۔ شاید اس کو بھی بھوک لگی تھی۔ خاور نے خربوزے کا ایک ٹکڑا اُٹھایا اور خرگوش کو کھانے کے لیے دیا۔ خرگوش نے جلدی سے خربوزہ لیا اور گھپ گھپ کر کے کھا گیا۔ بچے ہنسنے لگے۔ خرگوش ان کا دوست بن گیا اور وہ مل کر کھیلنے لگے۔ بچوں نے خرگوش کے ساتھ تصویریں بھی بنائیں۔ رات ہوئی تو وہ خیمے میں سونے کے لیے چلے گئے۔ خاور بولا، شکریہ ابو جان! ہمیں یہ سیر ہمیشہ یاد رہے گی۔"

(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'خ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وعلیکم السلام' کہنا چاہیے۔
- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'خ' متعارف کروانے کا ہے۔ 'خ' کے تعارف کو دل چسپ بنائیے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ دو سے تین بچوں کو سامنے بُلائیے۔ ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکے۔
- اگر موسم ہو تو خربوزہ لیجیے اور کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پیالے میں ڈال لیجیے اور آنکھوں پر پٹی باندھنے کے بعد بچوں کو کھلائیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کھا کر بتائیں کہ یہ کون سا پھل ہے۔ درست جواب پر تالیاں بجوائیے۔
- اگر خربوزہ موجود نہ ہو تو اس تدریسی منصوبہ بندی کے ساتھ دیا گیا تصویری فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور خربوزے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- 'خربوزہ' کہتے ہوئے /خ/ پر زور دیجیے اور حرف 'خ' متعارف کروائیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کا نام 'خے' اور آواز /خ/ ہے۔ بچوں کو حرف 'خ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 22 اور 23 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'خ' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

خاور کی بہن کا کیا نام تھا؟	ان کے پاس کھانے کے لیے کون سا پھل تھا؟	ابو جان نے سونے کے لیے وہاں کیا لگایا؟
وہاں کون سا جانور آ گیا؟	بچوں نے خرگوش کو کھانے کے لیے کیا دیا؟	رات کو سونے کے لیے سب کہاں گئے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'خ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'خ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'خے' کی آواز یعنی /خ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (خے) بھی بتائیے۔
  مثلاً: خربوزہ /خ/ خربوزہ، خیمہ /خ/ خیمہ، خرگوش /خ/ خرگوش۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'خ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'خ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'خ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھروائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 36 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /خ/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'خ' لکھیے اور بچوں سے اس حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 22 اور 23 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'خ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو، ج، چ، ح، خ، کے حرفی فلیش کارڈ دکھائیے اور ان سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ ایک کارڈ چُنیں۔
- درست کارڈ چُننے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ج'، 'چ'، 'ح' اور 'خ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان حروف کے نقطوں میں کیا فرق ہے؟ حروف کی آوازیں اور نام پوچھیے۔
- بچوں کو اسپیکر کی مدد سے 'خ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'خ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

مثلاً: آپ کہیے:"سیر جب کرنے۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں:"جائیں ہم۔۔۔۔"

آپ کہیے:"بڑا سا خیمہ۔۔۔۔۔ " بچے کہیں:"لگائیں ہم۔۔۔۔ "

آپ کہیے:"کاٹیں میٹھا سا۔۔۔۔۔" بچے کہیں:"خربوزہ۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے:"خرگوش کو بھی۔۔۔۔۔" بچے کہیں:"کھلائیں ہم۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 23 کھلوایئے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'خ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پہلے حرف کا نام 'خے' پڑھیں، پھر اس کی آواز / خ / ادا کریں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'خ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ خربوزہ کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ خیمہ کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ خرگوش کہاں ہے؟

- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "خربوزہ" پر انگلی رکھ کر "خربوزہ" با آواز بلند کہیں۔ یہی عمل باقی چیزوں کے ساتھ بھی دُہرائیں۔
- بورڈ پر 'خ' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / خ / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / خ / خربوزہ، / خ / خرگوش، / خ / خیمہ۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 36 کی دوسری سرگرمی کا کام کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروایئے اور پھر بعد میں کتاب پر کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'خ' کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / خ / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / خ / سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 22 اور 23 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'خ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'خ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور ریت کی ٹرے پر 'خ' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو رنگین پلے ڈو دے دیجیے اور انھیں پلے ڈو کے ذریعے سے 'خ' بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- حرف کی درست شکل بنانے والے بچوں کو خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 37 کھلوایئے اور بچوں کو 'خ' کے خاکے میں دو سے تین بار کریون پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- پھر عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 37 کا آدھا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 23 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 37 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Agriculture We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

چوتھا دن: حرف 'خ' کی مشق

- یہ دن بچوں کو 'خ' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- کمپیوٹر اور اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'خرگوش' کے کارٹون دکھائیے۔ لنک ساتھ دیا جارہا ہے۔
https://www.youtube.com/watch?v=fPlLyyY1Omw
- کارٹون دِکھانے کے بعد بچوں سے اس کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیں۔ جیسے کہ پرندے کی مدد کس نے کی؟ آپ کو کون سا کردار سب سے زیادہ اچھا لگا؟ کیوں اچھا لگا؟ آپ کو کارٹون دیکھنا کیسا لگا؟ وغیرہ۔
- بچوں سے پوچھیے کہ کارٹون میں آنے والے 'خرگوش' کی شروع کی آواز کیا ہے؟ (بچے / خ / کہیں گے۔) پھر ان سے / خ / کی آواز والے حرف کا نام پوچھیے۔ بورڈ پر 'خ' لکھ دیجیے۔
- بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان سے خرگوش کے خاکے میں رنگ بھروائیے۔ بعد ازاں متعلقہ حرف، یعنی 'خ' بھی لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور کوئی انعام بھی دیجیے۔ جیسے ٹافی وغیرہ۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'خربوزہ' کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے بورڈ پر 'خ' لکھوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'خ' کی نظم یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حروف 'ا' 'تا' 'خ' کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ اب تک پڑھی گئی نظموں میں سے کون سی نظم انھیں سب سے زیادہ پسند آئی ہے؟
- ان کی پسندیدہ نظمیں سی ڈی کی مدد سے چلائیے۔ ہر نظم کے بعد پوچھیے کہ یہ کس حرف کی نظم ہے؟ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بھی پوچھیے۔ پھر درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 23) کھلوائیے اور باری باری ہر حرف پڑھوائیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے حرف کا نام اور پھر آواز ادا کروائیے۔ یاد رکھیے! حرف کی آواز سکھانا بہت اہم ہے کیونکہ حروف کی آوازیں ہی مل کر لفظ بناتی ہیں۔
- بورڈ پر 'ا' 'تا' 'خ' حروف کچھ یوں لکھیے کہ کچھ حروف کی جگہ خالی چھوڑ دیجیے۔ یہ خالی جگہ بچوں سے پُر کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ا' 'تا' 'خ' کی املا لکھوائیے اور ہر حرف سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ا' سے 'خ' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

تصویر میں رنگ بھریے اور نیچے خانوں میں حرف لکھیے۔



"د" اور "ڈ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'د' اور 'ڈ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'د' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ڈ' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'د' اور 'ڈ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('د' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 24 اور 25)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 40) دودھ کے فوائد
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('د' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 25)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 40)، تصویری فلیش کارڈز (دروازہ، دُدھ، درخت) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہو 'د'
- تیسرے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 25)، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 41)، کریون
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ڈ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 26 اور 27)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 42) میلے کی سیر
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 27)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 43)، تصویری فلیش کارڈز (ڈاکٹر، ڈبّا، ڈول) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہو 'ڈ'، ریت کی ٹرے، کریون

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'د' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! دانیال صبح سویرے اپنے دادا جان کے ساتھ سیر کے لیے گیا۔ صبح کی تر و تازہ ہوا آلودگی سے پاک ہوتی ہے جو صحت کے لیے بہت اچھی ہوتی ہے۔ اس لیے دانیال ہر روز صبح کی سیر کے لیے اپنے دادا جان کے ساتھ جاتا ہے۔ جب دانیال اپنے دادا جان کے ساتھ گھر واپس آیا تو اس نے دروازہ پر دستک دی اس کی دادی نے دروازہ کھولا۔ دانیال نے اندر جا کر ہاتھ منہ دھویا۔ اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔ دانیال نے دروازہ کھولا تو دروازے پر دودھ والا کھڑا تھا۔ دانیال نے دادی جان کو کہا کہ دودھ والا آیا ہے۔ دادی نے کچن سے دیگچی لی اور دودھ لینے دروازے پر گئی۔ دودھ والا درخت کے نیچے سائے میں کھڑا تھا۔ اس نے اپنا ڈول اٹھایا اور دیگچی میں دودھ ڈال دیا۔ دادی نے دادا جان اور دانیال کے لیے ناشتہ تیار کیا۔ دانیال اسکول جانے کے لیے تیار ہو گیا اور میز پر ناشتہ کھانے بیٹھ گیا۔ دادا جان نے دیکھا کہ دانیال صرف ڈبل روٹی اور جیم کھا رہا ہے اور دودھ کا گلاس ویسے کا ویسا ہی پڑا ہے۔ دادا جان نے دانیال کو کہا کہ بیٹا دودھ بھی پیو۔ دانیال نے کہا کہ دادا جان مجھے دودھ نہیں پسند۔ دادا جان نے دانیال کو سمجھایا۔ بیٹا دودھ ایک اہم غذا ہے۔ دودھ پینے سے تمہاری ہڈیاں مضبوط ہو گئیں۔ دماغ تیز ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے تم

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

اسکول کا کام اچھے طریقے سے یاد کر سکوں گے اور تمہاری صحت بھی اچھی رہے گی۔ دانیال نے دادا جان کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اتنی اچھی باتیں بتائیں۔ دانیال نے دادا جان سے وعدہ کیا کہ وہ اب روزانہ دودھ پیا کرے گا۔ دادا جان نے دانیال کو شاباش دی۔ دانیال نے دودھ پیا اور اپنے بستہ پکڑا اور اسکول چلا گیا۔۔۔۔۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'د' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- ہر دن کا آغاز ایسے ہی کیجیے۔ پھر سبق کی تدریس شروع کروانے سے پہلے بچوں سے معمول کی گفتگو کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے۔ ہر بچے کو شاملِ گفتگو ہونے کا موقع دیجیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 24 اور 25 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'د' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

دانیال کس کے ساتھ صبح کی سیر کے لیے جاتا تھا ؟	دروازے پر کس نے دستک دی تھی؟	دانیال کو کیا چیز نہیں پسند تھی؟
دودھ پینے سے کیا مضبوط ہوتا ہے؟	دانیال نے دادا جان سے کیا وعدہ کیا؟	دودھ پینے کے بعد دانیال کہاں گیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'د' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'د' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'دال' کی آواز یعنی / د / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (دال) بھی بتائیے۔

مثلاً: دروازہ / د / دروازہ، دودھ / د / دُودھ، دد یگچی / د / دد یگچی۔

- بچوں کو حرف 'د' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'د' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'د' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'د' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز / د / ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'د' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 24 اور 25 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'د' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'د' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'د' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "دُودھ والا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "آیا ہے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "دُودھ لے کے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "آیا ہے۔۔۔۔"

Publishers, Printers & Booksellers

آپ کہیے: "دروازہ کھولیں،۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "دیگچی لائیں۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "میٹھا میٹھا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "دُودھ لے جائیں۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'د' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (درخت، دُودھ، دروازہ) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 25 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'د' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (دال) اور پھر اس کی آواز (/ د /) ادا کروائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "دروازہ" پر انگلی رکھ کر "دروازہ" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'د' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ دروازہ کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ دُودھ کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ درخت کہاں ہے؟

- 'د' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / د / کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: / د / دروازہ، / د / دُودھ، / د / درخت
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 40 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'د' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / د / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 25 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 40 پر موجود دونوں سرگرمیوں کو کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'د' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 25 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ ہمیشہ اچھے بچوں سے دوستی کیجیے تا کہ آپ ان سے اچھی اچھی باتیں سیکھ سکیں۔ جیسے کہ والدین کا احترام کرنا، ان کا حکم ماننا، ہمیشہ سچ بولنا، اپنا کام روزانہ یاد کرنا، وغیرہ۔
- بورڈ پر 'د' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'د' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'د' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'د' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'د' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'د' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'د' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 41 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'د' کی املا کروائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 41 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پہلا دن: حرف 'ڈ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنی چاہیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- یہ دن بچوں میں 'ڈ' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے سوالات پوچھنے کی سرگرمی کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو ہمارا علاج کون کرتا ہے؟ ہسپتال میں کون مریضوں کو چیک کرتا ہے؟ ہمیں دوائی کون دیتا ہے؟ ہمیں ٹیکا کون لگاتا ہے؟
- اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سوالات پوچھنے کی سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو ڈاکٹر کے بارے میں بتائیے اور ساتھ ڈاکٹر کا تصویری فلیش کارڈ بھی دیکھائیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم دودھ لانے کے لیے کون سے برتن کا استعمال کرتے ہیں؟ کیا یہ برتن شیشے کا ہے یا سٹیل کا ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (ڈول) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- 'ڈاکٹر' کہتے ہوئے /ڈ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ڈ/ ہے۔ 'ڈاکٹر' کے نام میں شروع کی آواز /ڈ/ ہے۔
- 'ڈول' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ڈول' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ڈ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ڈ' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ڈ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "آ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! احمد کے گاؤں میں لوگ میلے کی تیاری کر رہے تھے۔ احمد بھی اپنے ابا جان کے ساتھ گاؤں کے میلے میں گیا۔ وہاں اس نے رنگ برنگے چیزیں دیکھیں، جھولے لیے، سرکس دیکھا اور بہت لطف اندوز ہوا۔ میلے میں کھلونوں کے ٹھیلے بھی لگے تھے۔ احمد نے ٹھیلوں سے اپنے پسند کے کھلونے خریدے۔ میلے میں طرح طرح کی مٹھائیاں اور قلفیاں بھی مل رہی تھی۔ احمد نے بھی اپنے ابا جان سے فروٹ چارٹ کھانے کی فرمائش کی۔ اس کے ابا جان نے اسے سمجھایا کہ احمد بیٹا میلے میں کھانے کی چیزیں پر جراثیم ہوتے ہیں تم یہ چیزیں کھا کر بیمار ہو سکتے ہو۔ لیکن احمد نے فروٹ چارٹ کھانے کی ضد کی اور رونے لگا۔ ابا جان نے اس کی ضد پوری کرتے ہوئے اس کو فروٹ چارٹ کھانے کی اجازت دے دی۔ اس نے مزے مزے سے فروٹ چارٹ کھائی۔ جب احمد گھر آیا تو کچھ دیر بعد اس کے پیٹ میں درد شروع ہو گیا۔ تکلیف اس حد تک بڑھ گئی کہ احمد کو ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے۔ ڈاکٹر نے احمد کو چیک کیا اور کہا لگتا ہے کہ احمد نے کچھ غلط چیز کھالی ہے۔ اس پر احمد نے کہا کہ اس نے میلے سے چارٹ کھائی تھی۔ ڈاکٹر نے کہا کہ تبھی تمہاری طبعیت خراب ہو گئی ہے۔ میلے پر کھانے پینے کی بکنے والی چیزیں جراثیم والی ہوتی ہیں۔ اب تمھیں ٹیکا لگانا پڑے گا۔ اس پر احمد ڈر گیا اور ابا جان کی طرف دیکھنے لگا۔ ابا جان نے کہا، بیٹا میں نے تم کو کہا تھا لیکن تم نے ضد کی اب تم کو ٹیکا لگوانا ہی پڑے گا۔ ڈاکٹر صاحب نے احمد کو ٹیکا لگایا اور کچھ دوائی بھی کھانے کے لیے دی۔ واپسی پر ابا جان نے دودھ والے سے دودھ کا ڈول لیا اور گھر آ گئے۔ احمد کی امی نے احمد کو دودھ گرم کر کے دیا اور انھوں نے ڈبے سے بسکٹ نکال کر بھی احمد کو کھلائے۔ اس کے بعد احمد نے دوائی کھائی اور سو گیا۔ صبح تک احمد طبعیت بالکل ٹھیک ہو گئی۔ اس نے ابا جان سے وعدہ کیا کہ اب وہ کبھی بھی باہر کی جراثیم والی چیزیں نہیں کھائے گا۔ ابا جان نے اس کو شاباش دی۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

احمد اپنے ابا جان کے ساتھ کہاں گیا تھا؟	احمد نے میلے سے کیا چیز خرید؟	احمد نے کیا چیز کھانے کی ضد کی؟
ڈاکٹر کے پاس جا کر احمد کیوں ڈر گیا؟	ڈاکٹر نے احمد کو چیک کر کے کیا کہا؟	احمد نے ابا جان سے کیا وعدہ کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ڈ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ڈال' کی آواز یعنی /ڈ/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: ڈاکٹر /ڈ/ ڈاکٹر، ڈبا /ڈ/ ڈبا، ڈول /ڈ/ ڈول

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ڈ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 42 کی دونوں سرگرمی کا کام کروائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ڈ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے 'ڈبّا' کی شروع کی آواز پوچھیے اور ان سے پوچھیے کہ ان کے پاس گھر میں کوئی ڈبّا ہے۔ اگر ہے تو وہ اس میں کیا کیا چیزیں رکھتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیے کہ ڈبے میں ہم اپنی ضرورت کی مختلف چیزیں رکھتے ہیں جیسے جوتے، کھلونے، کتابیں وغیرہ۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 27 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اپنے کھلونے اور ضروری اشیا، الماری یا کسی ڈبے میں رکھیے تاکہ کمرے میں بے ترتیبی نظر نہ آئے۔ جیسے اپنے کھلونوں کو رکھنا، کتابوں کو الماری میں ترتیب سے رکھنا تاکہ جب جس چیز کی ضروری ہو آسانی کے ساتھ مل جائے۔
- اس کے بعد قاعدے کا صفحہ نمبر 27 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ڈ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ڈال) اور پھر اس کی آواز (ڈ) ادا کروائیے۔
- بچوں کو 'د' اور 'ڈ' کا فرق سمجھائیے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر 'د' اور 'ڈ' کا فرق محسوس کر سکیں۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور 'د' اور 'ڈ' کا فرق بتائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ڈاکٹر" پر انگلی رکھ کر "ڈاکٹر" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ڈ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ڈاکٹر کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ ڈبّا کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ڈول کہاں ہے؟

- 'ڈ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ڈ/ کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: /ڈ/ڈاکٹر، /ڈ/ڈبّا، /ڈ/ڈول
- بورڈ پر 'ڈ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ڈ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھ کر 'ڈ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ڈ' کے اوپر کیا چیز آتی ہے؟
- بچوں کو 'ڈ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ڈ' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ڈ' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 43 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے ڈاکٹر، ڈبّا، ڈول کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 27 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 43 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

	د
	

Aquiline

تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ڈ ط	
	

دوسری ٹرم (دوسرا ہفتہ) **"ذ" اور "ر" کی تدریسی منصوبہ بندی**

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'د' اور 'ڈ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'د' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ڈ' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'د' اور 'ڈ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ذ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 28 اور 29)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 44) ذخیرہ اندوزی
- دوسرے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 29)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 45)، تصویری فلیش کارڈز
- ■ (ذخیرہ، ذرّات) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ذ'، ریت کی ٹرے، کریون
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ر' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 30 اور 31)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 46) دوسروں کی مدد کرنا
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ر' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 31)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 46)، تصویری فلیش کارڈز (روٹی، رسّی، ریل گاڑی) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ر'
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 31)، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 47)، کریون

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

پہلا دن: حرف 'ذ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ذ' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے سوالات پوچھنے کی سرگرمی کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ کیا انھوں نے گندم، چاول اور دالیں دیکھی ہیں؟ گندم سے ہم کیا حاصل کرتے ہیں؟ چاول کے دانے کیسے ہوتے ہیں؟ چاول کس رنگ کے ہوتے ہیں؟

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سوالات پوچھنے کی سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب (آٹا، چاول، لمبے، باریک اور سفید رنگ) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو گندم، چاول اور دالوں کے بارے میں بتایئے اور ساتھ ان سب کے تصویری فلیش کارڈ بھی دیکھایئے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم گندم اور چاول کس چیز میں ڈالتے ہیں؟ گندم، چاول اور دالوں کے دانوں کو کیا کہتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (بوری اور ذرّات) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- 'ذرّات' کہتے ہوئے /ذ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ذ/ ہے۔ 'ذرّات' کے نام میں شروع کی آواز /ذ/ ہے۔
- 'ذرّات' کا فلیش کارڈ دکھایئے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ذرّات' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ذ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ذ' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ذ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "آ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! بہت سے لوگ اپنے کارخانے میں آٹا، چینی، دالیں اور گندم وغیرہ کا ذخیرہ کرتے ہیں۔ اسی طرح ذوالفقار بھی ایک کارخانے میں کام کرتا تھا۔ ذوالفقار کا مالک بہت لالچی تھا۔ وہ اپنے کارخانے میں بہت سامال جیسے گندم، آٹا، چینی، دالیں وغیرہ کا ذرخیزہ کرتا اور جب مارکیٹ میں ان میں سے کسی چیز کی کمی ہوتی تو وہ ان کو دُگنے داموں میں فروخت کرتا تھا۔ ایک دفعہ اسی طرح ذوالفقار کے علاقے میں آٹے کی کمی ہوگئی۔ لوگ آٹا لانے کی حد درجہ کوشش کر رہے تھے۔ لیکن ان کو آٹا نہیں مل رہا تھا۔ لوگ رات بھر بھوکے سو رہے تھے۔ ذوالفقار کو لوگوں کی حالت پر رحم آیا۔ وہ اپنے خار خانے کے مالک سے غداری تو نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن لوگوں کی اس پریشانی کی وجہ سے اس کو یہ راز پولیس کو بتانا پڑا۔ پولیس والوں نے کارخانے میں جا کر مالک کو کہا کہ سنا ہے تمھاری کارخانے میں بہت سا آٹا ذخیرہ ہے۔ کیا تمھیں پتا نہیں کہ ذخیرہ اندوزی کرنا کتنا بڑا گناہ ہے۔ پولیس کے سامنے کارخانے کے مالک نے صاف انکار کر دیا۔ لیکن جب کارخانے کی اچھی طرح تلاشی لی گئی تو کارخانے کے تہ خانے میں بہت سے آٹے کا ذخیرہ بر آمد ہوا۔ پولیس نے کارخانے کے مالک کو گرفتار کر لیا اور لوگوں نے کارخانے کے مالک کو بُرا بھلا کہا۔ ذوالفقار جس کی وجہ سے تمام لوگوں کو آٹا نصیب ہوا تمام لوگوں نے اس کا شکریہ ادا کیا۔ خوشی خوشی رہنے لگے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

کارخانے میں کون کام کرتا تھا؟	کارخانے کا مالک کیسا انسان تھا؟	ذوالفقار کے علاقے میں کس چیز کی کمی ہوگئی تھی؟
ذخیرہ اندوزی کرنا کیسا عمل ہے؟	ذوالفقار نے ذخیرہ اندوزی کا کس کو بتایا؟	پولیس نے کارخانے کے مالک کے ساتھ کیا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ذ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ذال' کی آواز یعنی /ذ/ متعارف کروایئے۔

مثلاً: ذوالفقار /ذ/ ذوالفقار ، ذخیرہ /ذ/ ذخیرہ

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ذ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 44 کی دونوں سرگرمی کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ذ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 28 اور 29 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے 'ذخیرہ' کی شروع کی آواز پوچھیے اور ان سے پوچھیے کہ ان کے پاس گھر میں کسی چیز کا ذخیرہ ہے۔ اگر ہے تو وہ اس کا نام بتائیے ۔
- بچوں کو بتائیے کہ ہم اپنی خوراک " ذخیرہ" کرتے ہیں تا کہ بہ وقت ضرورت کے ہم ان کو استعمال کر سکیں ۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 29 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ ذخیرہ کرنے والی چیزیں ہماری خوراک ہوتی ہیں اور ہر ایک چیز کا اپنا ذائقہ ہوتا ہے۔ جب بھی کھانا کھانے بیٹھیں تو کسی چیز کے ذائقے کو بُرا مت کہیے۔ اگر پسند نہ آئے تو خاموشی سے اُٹھ جائیے یا کوئی اور چیز کھا لیجیے۔
- اس کے بعد قاعدے کا صفحہ نمبر 29 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ذ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ذال) اور پھر اس کی آواز (ذ) ادا کروائیے۔
- بچوں کو 'د'، 'ڈ' اور 'ذ' کا فرق سمجھائیے۔ تینوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تا کہ بچے سُن کر 'د'، 'ڈ' اور 'ذ' کا فرق محسوس کر سکیں۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور 'د'، 'ڈ' اور 'ذ' کا فرق بتائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ذخیرہ" پر انگلی رکھ کر "ذخیرہ" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ذ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ذخیرہ کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ذرّات کہاں ہیں؟

- 'ذ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ذ / کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: / ذ / ذخیرہ، / ذ / ذرّات
- بورڈ پر 'ذ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ذ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ذ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ذ' کے اوپر کیا چیز آتی ہے؟
- بچوں کو 'ذ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ذ' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ذ' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 45 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے ذخیرہ، ذرّات کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 29 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 45 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

حرف 'ر' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! سر راحیل سکول میں ریاضی پڑھاتے ہیں ان کے پاس سرخ رنگ کی ایک خوبصورت کار ہے۔ وہ اپنی کار کو اسکول آنے جانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ انہیں اپنی کار بہت پسند ہے۔ اسکول سے گھر کے راستے میں ریل کی پٹری بھی آتی ہے۔ اکثر سر راحیل کی کار اسی وقت پٹری کے پاس سے گزرتی جب وہاں سے ریل کاڑی کا گزر ہوتا ہے۔ ایک دن سر راحیل دیر سے سکول سے نکلے۔ سر راحیل کی کار کی رفتار کافی تیز تھی۔ اچانک ان کی نظر سامنے آتے ہوئے بکریوں کے ریوڑ پر پڑی۔ بکریوں کے ریوڑ کو بچانے کے غرض سے انھوں نے کار کا سیٹرنگ زور سے گھمایا تو کار ریل کی پٹری پر چڑھ گئی۔ بکریوں کا ریوڑ تو بچ گیا۔ لیکن کار کے پہیے ریل کی پٹری میں پھنس گئے۔ سر راحیل نے کار پٹری سے اتارنے کی بہت کوشش کی لیکن کار جوں سے توں نہ ہوئی۔ سر راحیل کو دور سے ریل کے ہارن

کی آواز سنائی دی۔ تو وہ بہت پریشان ہو گئے۔ پریشانی میں انہیں پسینے آنے لگے۔ انھوں نے جیب سے اپنا رومال نکال کر اپنا چہرہ صاف کیا۔ سر راحیل نے کس سے مدد لینے کا فیصلہ کیا۔ کار سے اتر کر انھوں نے اِدھر اُدھر نظر دوڑائی تو انہیں ایک لڑکا نظر آیا۔ اس کا نام ریحان تھا۔ ریحان وہیں کار رہائشی لگتا تھا۔ وہ ریحان کے پاس پہنچے تو انھوں نے دیکھا ریحان کے سامنے ایک رومال ہے۔ رومال کے اوپر ایک روٹی رکھی ہوئی۔ ریحان وہ روٹی رائتے کے ساتھ کھا رہا ہے۔ سر راحیل نے ریحان کو مخاطب کیا اور اسے سارا واقعہ سنانے کے بعد اس سے مدد طلب کی۔ ریحان فوراً رضامند ہو گیا اور مدد کے لیے اٹھ کھڑا ہوا۔ ریحان نے کچھ راہ گیروں کو روکا اور ایک موٹی رسی کا نتظام کیا۔ رسی کا ایک سرا کار سے باندھا اور دوسرا سرے سے سب نے زور لگا یا کر کھینچنا شروع کیا۔ جیسے جیسے ٹرین قریب آرہی تھی وہ اور زور لگاتے جا رہے تھے۔ آخر کار انھوں نے کار کو پٹری سے اتار لیا۔ جیسے ہی کار پٹری سے نیچے اتری، ٹرین تیز رفتاری سے پاس سے گزر گئی۔ سر راحیل نے ریحان اور تمام راہ گیروں کا شکریہ ادا کیا۔ اس دن سر راحیل رات گئے گھر پہنچے۔ اور اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا۔

(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

تیسرا دن: حرف 'ر' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ر' متعارف کروانے کا ہے۔ پہلے بچوں سے 'ر' کے ذخیرہ الفاظ پوچھیے۔ اس کے بعد 'ر' کو پڑھوائیے۔
- تعارف کو دلچسپ بنانے کے لیے جماعت میں روٹی لے جائیے۔ بچوں کو دکھائیے اور اس کا نام پوچھیے۔
- جو بچے درست جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بچوں سے روٹی کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ روٹی ہم کب کھاتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیے کے گندم سے آٹا بنتا ہے اور اس سے ہم روٹی بناتے ہیں۔ جس کو ہم صبح، شام اور رات کو کھانے کے ساتھ کھاتے ہیں۔
- 'روٹی' کہتے ہوئے /ر/ پر روز دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں۔ اس کی آواز /ر/ ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 30 اور 31 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ر' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

سر راحیل اسکول میں کیا پڑھاتے تھے؟	سر راحیل کے پاس کیا چیز تھی؟	سر راحیل کی کار کس رنگ کی تھی؟
کار کہاں پھنس گئی تھی؟	کس نے سر راحیل کی مدد کی؟	سر راحیل کب گھر پہنچے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ر' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ر' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'رے' کی آواز یعنی /ر/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (رے) بھی بتائیے۔

مثلاً: رسی /ر/ رسی، رومال /ر/ رومال، ریحان /ر/ ریحان

- بچوں کو حرف 'ر' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ر' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ر' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ر' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 46 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ر/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ر' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 30 اور 31 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ر' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ر' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- دو سے تین بار سنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ر' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "چُھک چُھک کرتی ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ریل آئے ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "گاڑی کو اب ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کون بچائے؟ ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "روٹی چھوڑو، ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "تُم بھی آؤ ۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "رسّی کھینچو ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گاڑی بچاؤ ۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ر' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (ریل، روٹی، رسی) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 31 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ر' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (رے) اور پھر اس کی آواز (/ر/) ادا کروائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "روٹی" پر انگلی رکھ کر "روٹی" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ر' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ روٹی کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ رسّی کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ریل گاڑی کہاں ہے؟

- 'ر' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ر/ کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: /ر/ روٹی، /ر/ رسّی، /ر/ ریل گاڑی۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 46 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ر' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ر/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 31 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 46 پر موجود دونوں سرگرمیوں کو کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں : حرف 'ر' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 31 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اپنے پاس ایک رومال ضرور رکھیے اور ضرورت پڑنے پر استعمال بھی کیجیے۔ جیسے اگر کوئی گندی چیز ہاتھ میں لگ جائے، ناک صاف کرنے کے لیے، ہاتھوں کو خشک کرنے کے لیے ہم رومال کا استعمال کرتے ہیں اور جراثیم سے محفوظ رہتے ہیں اور بہت سی بیماریوں سے بچ جاتے ہیں۔
- بورڈ پر 'ر' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ر' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ر' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ر' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ر' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ر' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ر' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 47 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔


Publishers, Printers & Booksellers

- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- چانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ر' کی املا کروایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 47 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)



ز



Aquiline
Future..
Publi ksellers

تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

	ر
	

Aquiline
We ... uture..
Pu...ers, Printers ...ilers

"ڑ" اور "ز" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ڑ' اور 'ز' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ڑ' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ز' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ر' اور 'ز' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ڑ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 32 اور 33)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 48) مری کی سیر
- دوسرے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 33)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 49)، تصویری فلیش کارڈز
- (پہاڑ، گڑیا، گاڑی) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ڑ'، ریت کی ٹرے، کریون
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ز' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 34 اور 35)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 50) چڑیا گھر کی سیر
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ز' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 35)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 50)، تصویری فلیش کارڈز (زرافہ، زبان، زیبرا) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ز'
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 35)، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 51)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

پہلا دن: حرف 'ڑ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ڑ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے بتائیے کہ 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں استعمال ہوتا ہے اور اس کی آواز صرف الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتی ہے۔ جیسے لکڑی، گاڑی، پہاڑ وغیرہ۔
- یہ دن حرف 'ڑ' کو متعارف کروانے کا ہے۔ کھلونا گاڑی جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

اشارے: یہ ایک مشین ہے۔ یہ بہت تیز چلتی ہے۔ اس کے چار پہیے ہیں۔ یہ پٹرول سے چلتی ہے۔ اس میں ہم بیٹھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاسکتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے کھلونا گاڑی نکالیے۔ بچوں کو 'گاڑی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے گاڑی کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس کھلونا گاڑی ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ یہ کیسے چلتی ہے؟
- 'گاڑی' کہتے ہوئے /ڑ/ کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ڑ/ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتی ہے۔ 'گاڑی' کے نام میں /ڑ/ کی آواز ہے۔
- 'گاڑی' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'گاڑی' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز /ڑ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 32 اور 33 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ڑ' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ڑ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ڑ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! آمنہ اپنی پیاری امی، ابو مری کی سیر کرنے کے لیے اپنی گاڑی میں گئے۔ میرے ابو نے ہمیں مری کی مال روڈ کی سیر کرائی۔ وہاں ہمیں نے مختلف اسٹال سے چیزیں خریدیں۔ مجھے ایک گڑیا پسند آگئی اور میرے ابو نے مجھے وہ خرید کر دے دی۔ میں نے اس کا نام ڈولی رکھا۔ اس کی آنکھیں نیلی نیلی تھی اور بال سنہری تھے۔ گھر پر جاتے ہوئے ہم مختلف سیر گاہوں سے گزریں۔ اتنے خوبصورت اور دلکش برف سے بھرے پہاڑ بہت دلفریب دکھائی دے رہے تھے۔ میں نے اپنی گڑیا کو دلکش پہاڑوں کا منظر دکھایا۔ ایک جگہ رک کر ہوٹل میں ہم نے دوپہر کا کھانا کھایا۔ تھوڑی دیر کے بعد امی اور ابو نے چائے پی اور پھر دوبارہ ہم گھر کی چرف چل دیے۔ راستے پر ایک جگہ پر بہت سی برف پڑی تھی۔ امی اور ابو نے وہاں پر تصاویر لیں۔ ہم نے برف سے بالکل اپنی گڑیا جیسی ایک برف کی گڑیا بنائی۔ ہم نے اس برف کی گڑیا کے ساتھ بھی تصویر لی۔ یہ میری زندگی کی بہترین چھٹیاں تھی جو میں نے اپنی فیملی کے ساتھ گزاری۔ گھر واپس پہنچ کر میں نے ڈولی کو الماری میں سنبھال کر رکھ دیا۔ اب میں پر روز پڑھائی کے بعد اپنی گڑیا ڈولی کے ساتھ کھیلتی ہوں۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

آمنہ کس کے ساتھ مری کی سیر کرنے کے لیے گئی؟	آمنہ نے کہاں سے چیزیں خریدیں؟	آمنہ کو کیا چیز پسند آگئی تھی؟
آمنہ نے اپنی گڑیا کا کیا نام رکھا تھا؟	آمنہ نے برف پر کیا چیز بنائی تھی؟	گھر آکر آمنہ نے گڑیا کا کہاں رکھا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ڑ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ڑے' کی آواز یعنی /ڑ/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: پہاڑ /ڑ/ پہاڑ، گڑیا /ڑ/ گڑیا گاڑی /ڑ/ گاڑی

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ڑ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 48 کی دونوں سرگرمی کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ڑ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 32 اور 33 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے 'پہاڑ' میں 'ڑ' کی آواز پوچھیے اور ان سے پوچھیے کہ انھوں نے کبھی پہاڑ کی سیر کی ہے یا اس کو دیکھا ہے۔ اگر ہاں تو جگہ کا نام بتائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 33 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ کاپی پر ربڑ کا استعمال احتیاط سے کیجیے۔ زیادہ مٹانے سے صفحہ پھٹ سکتا ہے۔

اس کے بعد قاعدے کا صفحہ نمبر 33 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ڑ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ڑے) اور پھر اس کی آواز (ڑ) ادا کروایئے۔
- بچوں کو 'ر'، 'ڑ' کا فرق سمجھایئے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تا کہ بچے سُن کر 'ر'، 'ڑ' کا فرق محسوس کر سکیں۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور 'ر'، 'ڑ' کا فرق بتایئے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "پہاڑ" پر انگلی رکھ کر "پہاڑ" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ڑ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ پہاڑ کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ گڑیا کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ گاڑی کہاں ہیں؟

- 'ڑ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ڑ/ کے ساتھ پڑھایئے۔ مثلاً: /ڑ/ پہاڑ ، /ڑ/ گڑیا /ڑ/ گاڑی
- بورڈ پر 'ڑ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'ڑ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ڑ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ڑ' کے اوپر کیا چیز آتی ہے؟
- بچوں کو 'ڑ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ڑ' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ڑ' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 49 کھلوایئے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروایئے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے پہاڑ، گڑیا، گاڑی کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 33 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 49 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

حرف 'ز' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ہمارے سکول میں ٹریپ کا اہتمام ہوا۔ زارا اور زاہد بہن بھائی تھے۔ جو اپنے اسکول کے ٹریپ کے ساتھ چڑیا گھر گئے۔ دونوں اپنے اساتذہ کے ہمراہ ٹکٹیں خرید کر چڑیا گھر میں داخل ہوئے۔ وہاں انھوں نے ہاتھی کی سیر کی اس کے بعد تھوڑا آگے گئے تو بندروں کے پنجرے تھے۔ زارا نے بندروں کو کیلے کھلائیں اور زاہد نے اپنے دوستوں کے ساتھ ان کے پنجرے کے باہر کھڑے ہو کر تصویریں بھی لی۔ اچانک انھیں شیر کے دھاڑنے کی آواز آئی۔ پہلے پہل سے تو سارے بچے ڈر گئے لیکن ان کے اساتذہ نے انھیں سمجھایا کہ ڈرنے کی ضرورت نہیں، یہاں شیر پنجرے میں ہیں اور یہاں ٹرینڈ گارڈ ہوتے ہیں جو ان کی نگرانی اور دیکھ بھال کرتے ہیں۔ پھر انھوں نے شیر کے پنجرے کے پاس گئے۔ سنہری رنگ کے ببر شیر دیکھ کر انھوں نے ایک لمبی گردن والے جانور کو دیکھا۔ جو درختوں سے پتے کھا رہا تھا۔ زارا کو اس جانور کا نام نہیں آ رہا تھا۔ اس نے اپنے بھائی سے زاہد سے اس جانور کا نام پوچھا زاہد نے کہا کہ بہن اس جانور کو زرافہ کہتے ہیں۔ یہ وہ واحد جانور ہے جس کی گردن اتنی لمبی ہوتی ہے۔ تھوڑا آگے گئے تو انھوں نے گھوڑے کی طرح ایک جانور دیکھا یہ گھوڑا نہیں تھا کیونکہ اس کے جسم میں سفید اور کالی دھاریاں بنی ہوئی تھی۔ یہ جانور بہت خوبصورت تھا اس کا نام زیبرا تھا۔ پھر اساتذہ نے ان کو کنٹین سے آئس کریم لے کر دیں۔ انھوں نے آئس کریم کھانے کے بعد دیگر پنجروں کی طرف بھی رخ کیا۔ انھوں نے بہت سے دوسرے جانور دیکھے جیسے ریچھ، سانپ، گینڈا، بارہ سنگھا وغیرہ۔ شام ہونے سے پہلے وہ سب واپس گھر آ گئے۔ اور رات کو ابا جان اور اپنی امی کو چڑیا گھر کی ٹریپ کے بارے میں بتایا۔ وہ بہت خوش ہوئے۔ اب زارا اور زاہد تھک چکے تھے۔ انھوں نے ٹوتھ برش کیا اور سو گئے۔۔۔۔!!!

(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے)

تیسرا دن: حرف 'ز' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ز' متعارف کروانے کا ہے۔ پہلے بچوں سے 'ز' کے ذخیرہ الفاظ پوچھیے۔ اس کے بعد 'ز' کو پڑھوائیے۔
- تعارف کو دلچسپ بنانے کے لیے جماعت میں چھوٹی سی زنجیر لے جائیے۔ بچوں کو دکھائیے اور اس کا نام پوچھیے۔
- جو بچے درست جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بچوں سے زنجیر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ زنجیر کو ہم کس لیے استعمال کرتے ہیں
- بچوں کو بتائیے کے زنجیر سے ہم بڑے جانوروں کو باندھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ ہمیں نقصان نہ پہنچا سکیں ۔
- 'زنجیر' کہتے ہوئے /ز/ پر روز دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں۔ اس کی آواز /ز/ ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 34 اور 35 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ز' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

دونوں بہن بھائی کے کیا نام تھے؟	اسکول کا ٹریپ کہاں سیر کرنے گیا تھا؟	کس کی آواز سن کو سب ڈر گئے تھے؟
زارا کو کس جانور کا نام نہیں آرہا تھا؟	زیبرا کے جسم پر کیس رنگ کی دھاریاں بنی ہوئی تھی؟	چڑیا گھر میں کون کون سے جانور تھے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ز' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ز' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'زے' کی آواز یعنی /ز/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (زے) بھی بتائیے۔

مثلاً: زاہد /ز/ زاہد، زرافہ /ز/ زرافہ، زیبرا /ز/ زیبرا

- بچوں کو حرف 'ز' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ز' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ز' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ز' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 50 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ز/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ز/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 34 اور 35 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ز' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ز' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ز' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "سفید اور کالی۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "دھاری والا۔۔۔۔"

آپ کہیے: "زیبرا ہے بڑا نِرالا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "بڑا نِرالا۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "اور زرافے کو ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "تو دیکھو ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ہے اک لمبی ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گردن والا ۔۔۔۔"

Agahi We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ز' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔(زرافہ، زبان، زیبرا) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 35 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ز' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (زے) اور پھر اس کی آواز (/ز/) ادا کروائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "زرافہ" پر انگلی رکھ کر "زرافہ" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ز' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ زرافہ کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ زبان کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ زیبرا کہاں ہے؟

- 'ز' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ز/ کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: /ز/ زرافہ ، /ز/ زبان، /ز/ زیبرا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 50 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ز' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ز/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 35 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 50 پر موجود دونوں سرگرمیوں کو کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں : حرف 'ز' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 35 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اپنے بستے کی زِپ کا ہمیشہ خیال رکھیے۔ زپ کھلی رہنے سے آپ کی کتابیں یا کاپیاں گم ہو سکتی ہیں۔
- بچوں کو 'ر'، 'ز' کا فرق سمجھائیے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تا کہ بچے سُن کر 'ر'، 'ز' کا فرق محسوس کر سکیں۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور 'ر'، 'ز' کا فرق بتائیے۔
- بورڈ پر 'ز' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ز' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ز' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ز' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ز' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ز' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ز' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ز' لکھنے کی ہدایت دیجیے اور نیچے دیئے گئے خاکوں کی شناخت کر کے اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)


- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 51 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔

- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- چانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ز' کی املا کروایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 51 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ڑ	
	

تصویری فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ز	
	


Aquiline
We Publish Future...
interstate & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کر حرف "ز" میں پھیریے۔ حرف کا نام اور آواز بتائیے۔











دی گئی تصاویر کی شناخت کیجیے اور ان سے شروع ہونے والے حرف کا نام بھی بتائیں اور ان میں اپنی مرضی کے رنگ بھریے۔





"ژ" اور "اعادہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ژ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ژ' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ژ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ا' تا 'ژ' تک حروف شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ژ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 36 اور 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 52) سردیوں کی چھٹیاں
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ژ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 52)، تصویری فلیش کارڈز (ژالہ باری) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ژ'
- تیسرے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 37)، ریت کی ٹرے، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 53)، کریون
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ث' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 اور 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 27،28)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج' تا 'ژ' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 16 اور 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 38،39،55،54)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ژ' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! علی اپنی نانی کے گھر سردی کے چھٹیاں گزارنے گیا۔ اس کے ساتھ اس کا بھائی فیضان بھی تھا۔ ایک دن علی اور فیضان شام کو اپنی چھت پر کھیل رہے تھے۔ کہ اچانک گھنے بادل آسمان پر چھا گئے۔ اور تیز بارش شروع ہو گئی۔ علی کی نانی نے علی اور فیضان کو آواز دی کہ بیٹا نیچے آ جاؤ۔ بارش میں مت بھیگنا ورنہ سردی میں بیمار ہو جاؤ گے۔ علی اور فیضان نے اپنی نانی کی بات مانی اور فوراً نیچے روم میں آ گئے۔ اور کمرے میں کھڑکی سے بارش کا نظارہ دیکھنے لگے۔ علی کی نانی بچوں کے کھانے کے لیے چپس لے آئیں۔ دونوں بھائیوں نے مزے مزے سے چپس کھائی اور بارش کے نظارے سے لطف اندوز ہوئے۔ بارش کے آتے ہی تمام تر اشیاء دھل گئی۔ اور ان میں زندگی کی ایک خوش نمائی نظر آنے لگی۔ اچانک بارش کے ساتھ ساتھ اولے بھی پڑنا شروع ہو گئے۔ نانی نے جب اولوں کی آواز سُنی تو کہا۔ بچوں اب تو ژالہ باری بھی شروع ہو گئی ہے۔ علی اور فیضان نے کہا، نانی ژالہ باری کسے کہتے ہیں۔ نانی نے جواب دیا کہ بچوں بارش کے ساتھ جب اولے پڑتے ہیں تو اس کو ہم ژالہ باری کہتے ہیں۔ فیضان نے کہا کہ علی بھی چلیں باہر جا کر ژالہ باری کا مزہ لیتے ہیں۔ تو نانی نے کہا کہ یہ ژالہ باری میں بغیر چھتری کے بارے جانے سے تمھیں

نقصان پہنچ سکتا ہے۔ کیا تم دیکھ نہیں رہے کہ زمین پر گرنے سے کتنی سخت آواز آرہی ہے۔ اگر تم چھتری کے بغیر جاؤ گے تو تمھیں نقصان پہنچ سکتا ہے۔ علی اور فیضان نے چھتری لی اور گھر کے باہر ژالہ باری کا مزہ لینے آ گئے۔ اس کے ہمسائے نور اور اس کا چھوٹا بھائی ہارون بھی ژالہ باری کا منظر دیکھنے کے لیے آ گئے۔ ان چاروں نے خوب مزے لیے اور کچھ اولے جمع بھی کیے۔ علی اور فیضان کی نانی کے گھر یہ یادگار چھٹیاں تھیں۔ انھوں نے نانی کے گھر خوب مزے کیے۔۔۔۔۔!!!

(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ژ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ژ' متعارف کروانے کا ہے۔ چھتری کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کھولے بغیر بچوں کو دیکھائیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ہم بارش، ژالہ باری میں استعمال کرتے ہیں۔ اس سے ہم اپنے کپڑوں کو گیلا ہونے سے بچاتے ہیں۔ یہ مختلف رنگوں میں ہوتی ہے۔ اسے ہم آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور چھتری کو کھول کر دیکھائیے۔ بچوں کو 'ژالہ باری' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ژالہ باری کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ جب ژالہ باری ہوتی ہے تو آپ کیا کیا کرتے ہیں؟ کس کس کے پاس گھر میں چھتری موجود ہے اور اور اس کا رنگ کون سا ہے؟
- 'ژالہ باری' کہتے ہوئے /ژ/ کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ژ/ ہے۔
- 'ژالہ' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ژالہ باری' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز /ژ/ پر زور دیجیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 36 اور 37 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ژ' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

علی کس کے گھر چھٹیاں گزارنے گیا تھا؟	نانی نے علی اور فیضان کو کیا کرنے سے منع کیا؟	نانی کھانے کے لیے کیا چیز لے کر آئی؟
بارش کے ساتھ کیا پڑنا شروع ہو گئے؟	علی اور فیضان کیا چیز لے کر ژالہ باری کا مزہ لینے گئے؟	ہمسائے میں کو ژالہ باری کا منظر دیکھنے آئے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ژ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ژے' کی آواز یعنی /ژ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ژے) بھی بتائیے۔

مثلاً: ژالہ باری /ژ/ ژالہ باری

- بچوں کو حرف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ژ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ژ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ژ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھروائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 52 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ژ/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ژ' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 36 اور 37 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ژ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ژ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "بادل آئیں۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گھَن گھَن گھَن ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "بارش برسے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "چھَم چھَم چھَم۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ژالہ باری،۔۔۔۔۔" کہیں: "ساتھ میں آئے۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "بچھے بھاگیں ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "دَھن دَھن دَھن ۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ژ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (ژالہ باری) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 37 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ژ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ژے) اور پھر اس کی آواز (/ ژ /) ادا کروائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ژالہ باری" پر انگلی رکھ کر "ژالہ باری" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ژ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ژالہ باری کہاں ہے؟

- 'ژ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ژ / کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: / ژ / ژالہ باری
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 52 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ژ' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ژ / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 37 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 52 پر موجود دونوں سرگرمیوں کو کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ژ' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 37 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ بارش کے ساتھ ژالہ باری بھی ہو رہی ہو تو باہر نہ نکلیے۔ اس سے چوٹ لگ سکتی ہے وغیرہ۔
- بچوں کو 'ر'، 'ڑ' 'ز' اور 'ژ' کا فرق سمجھائیے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تا کہ بچے سُن کر 'ر'، 'ڑ' 'ز' اور 'ژ' کا فرق محسوس کر سکیں۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور 'ر'، 'ڑ' 'ز' اور 'ژ' کا فرق بتائیے۔
- بورڈ پر 'ژ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ژ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ژ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ژ' میں کتنے نقطے آتے ہیں؟

Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو 'ژ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ژ' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ژ' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 53 کھلوایئے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروایئے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- چانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ژ' کی املا کروایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 53 س کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ث' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 15 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دیئے گئے حروف کی شناخت کیجیے اور ایک جیسے حروف کو پنسل سے ملائیں اور اس جیسا رنگ بھی بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 27 کھلوایئے اور کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

"آ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"ت" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ٹ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"ث" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ب" کا نقطہ کہا لگایا جاتا ہے؟	"ٹ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف (ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ج' سے 'ژ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 16 تا صفحہ نمبر 37 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی سے رنگ بھریے اور شروع کی آواز والا حرف بھی لکھیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 54، 38 کھلوایئے اور کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

"ج" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"خ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ڈ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"ز" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ژ" کا نقطہ کہا لگایا جاتا ہے؟	"ڑ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 55، 39 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

تصویری فلیش کارڈز (دوسرا دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ژ





(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)


رنگ میں انگلی ڈبو کو "ز" میں لکھیے۔






















ایک جیسے حروف کو آپس میں ملایئے (چوتھے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو ایک جیسے حروف کو ملانے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)





























دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچوں کو شروع کی آواز والا حرف لکھنے اور رنگ کرنے کے لیے بھی دیجیے)

دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی سے رنگ بھریے اور شروع کی آواز والا حرف بھی لکھیے۔







Agwwwe Publish Future..
& Booksellers

پہلی ٹرم (پانچواں ہفتہ)

"س" اور "ش" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'س' اور 'ش' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'س' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'س' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('س' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 38 اور 39)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 56)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('س' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (سیب، سُورج، سائیکل) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'س'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 39)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 56)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 57)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: ڈسپوزیبل پلیٹیں، سرخ، سبز اور براؤن پیپر کے کٹے پیس، گوند، سیب کے تراشے
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ش' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 40 اور 41)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58)، شہد، شتر مرغ اور شیر کی تصاویر

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'س' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک دفعہ کا ذکر ہے ساجد گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنے نانا نانی کے پاس ان کے فارم ہاؤس گیا۔ ساجد کی فیملی بھی اس کے ساتھ تھی۔ ایک دن انھوں نے فارم ہاؤس کے اردگرد باغات کی سیر کا پروگرام بنایا۔ سورج چمک رہا تھا۔ جھیل کے کنارے ساجد اپنی سائیکل پر سوار لطف اندوز ہو رہا تھا۔ جھیل کا پانی ٹھنڈا اور صاف ستھرا تھا۔ ساجد نے باغ میں بہت سے درخت دیکھے لیکن ایک درخت بالکل جھیل کے کنارے تھا اور اس پر بہت سے سرخ رنگ کے سیب لگے ہوئے تھے۔ ساجد نے باغ کے قریب پڑی ایک سیڑھی کو درخت سے لگایا اور اس پر چڑھ کر سرخ رنگ کے سیب اتار کر درخت کے نیچے پڑی ایک ٹوکری میں سیب ڈالے ساجد یہ سیب کی ٹوکری گھر لایا تو سب نے مل کر سیب کھائے۔ ساجد کی بہن سارا نے سیب کا جوس نکال کر پیا ساجد کی نانی نے سیب کا مربہ تیار کیا اور جب ساجد واپس گھر آنے لگا تو اس کی نانی نے یہ مربہ ساجد کو دیا۔ اور کہا بیٹا یہ سیب کا مربہ اپنے دوستوں کو بھی دینا۔ ساجد نے نانی اماں کا شکریہ ادا کیا اور خوشی خوشی گھر واپس آ گیا۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

Aquiline We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'س' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'س' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ سیب کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ کسی بچے کو بُلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچہ دیکھ نہ سکے۔ بچے کو سیب کا ایک ٹکڑا کھلائیے۔ بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتائیے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو سیب کھانے کے لیے دیجیے۔ سیب کا موسم نہ ہو تو پھر سیب کا تصویری فلیش کارڈ لے جائیے اور بچوں سے اس پھل کا نام پوچھیے۔ اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ سیب کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہمیں صبح کے وقت آسمان پر کیا چیز نظر آتی ہے؟ کیا ہم اس کی طرف آسانی سے دیکھ سکتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (سُورج، نہیں) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- سیب کہتے ہوئے / س / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / س / ہے۔ 'سیب' کے نام میں شروع کی آواز / س / ہے۔
- 'سیب' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'سیب' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز / س / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 38 اور 39 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'س' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

ساجد گرمیوں کی چھٹیوں میں کہاں گیا تھا؟	جھیل کے کنارے کونسا درخت تھا؟	ساجد درخت پر کیسے چڑھ گیا تھا؟
ساجد نے درخت سے کیا توڑا تھا؟	ساجد کی بہن نے کیا پیا تھا؟	نانی اماں نے ساجد کو گھر جاتے ہوئے کیا دیا تھا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'س' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'س' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'سین' کی آواز یعنی / س / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (سین) بھی بتائیے۔

مثلاً: سیب / س / سیب، سورج / س / سورج، سیڑھی / س / سیڑھی

- بچوں کو حرف 'س' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'س' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'س' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'س' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 56 کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز / س / ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'س' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 38 اور 39 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'س' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'س' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'س' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "سائیکل کی گھنٹی۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ٹَن ٹَن ٹَن ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "سورج چمکے۔۔۔۔۔ " بچے کہیں: "چَم چَم چَم ۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "مُنا توڑے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "میٹھے سیب اور۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "کھاتا جائے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گَھپ گَھپ گَھپ ۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 39 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'س' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "سیب" پر انگلی رکھ کر "سیب" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'س' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ سیب کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ سُورج کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ سائیکل کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'س' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / س / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / س / سیب، / س / سُورج، / س / سائیکل

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 56 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'س' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / س / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے سیب، سُورج، سائیکل کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 38 اور 39 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'س' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'س' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'س' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'س' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'س' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'س' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'س' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'س' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'س' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔انھیں خوب سراہیے۔اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 57 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 39 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 57 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'س' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 39 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔انھیں بتائیے کہ سیڑھی چڑھتے اور اُترتے ہوئے احتیاط کیجیے۔جلدی مت کیجیے اور ہر قدم دیکھ کر رکھیے۔سیڑھی چڑھتے وقت "اَللّٰہُ اکبر" اترتے وقت "اَلْحَمْدُلِلّٰہ" پڑھیے۔بچوں جب بھی سیڑھی چڑھیں یا اتریں تو اپنے دوست یا ساتھی کو دھکا نہ دیں اور نہ ہی اس کو کھینچیں۔اس سے آپ دونوں کو چوٹ لگ سکتی ہے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'س' کی نظم سُنوائیے۔بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- سیب موسم کے لحاظ سے اگر دستیاب ہو، وہ جماعت میں لے جائیے اور کچھ بچوں کو سامنے بُلا کر آنکھیں بند کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- پھر انھیں پھل کھلائیے اور ان سے پھل کا نام بوجھنے کی ہدایت دیجیے۔اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ڈسپوزیبل پلیٹیں، سرخ، سبز اور براؤن پیپر کے کٹے پیس، گوند وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ڈسپوزیبل پلیٹیں سرگرمی کا نمونہ ساتھ دیے جارہا ہے۔بچوں کو اس کے مطابق ہدایت دیجیے اور ان کی رہنمائی بھی کیجیے۔)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔"سیب" کی شروع کی آواز پوچھیے۔کچھ بچوں سے "سُورج" کی شروع کی آواز پوچھیے۔"سائیکل" کی شروع کی آواز پوچھیے۔
بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'س' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے

پانچواں دن: حرف 'ش' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ش' متعارف کروانے کا ہے۔
- یہ دن حرف 'ش' کو متعارف کروانے کا ہے۔ایک ڈبی میں شہد ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائیے اور سات ڈسپوزیبل چمچ لیجیے۔
- تین سے چار بچوں کو اپنے پاس بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔اب بچوں کو ایک ایک چمچ میں تھوڑا سا شہد ڈال کر دیجیے اور انھیں پینے کی ہدایت کیجیے۔بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟

- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اُتار دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ ہم شہد کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟ متوقع جواب: (شہد کی مکھی سے حاصل کرتے ہیں۔) دینے کے بعد
- 'شہد' کہتے ہوئے / ش / کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ش / ہے۔ 'شہد' کی شروع کی / ش / ہے۔
- 'شہد' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'شہد' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز / ش / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 40 اور 41 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ش' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ش' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "آ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! کسی جنگل میں ایک شیر رہتا تھا۔ اس کو میٹھا بہت پسند تھا۔ اس کا ایک دوست تھا۔ جس کا نام شتر مرغ تھا۔ ایک صبح دونوں دوست شیر اور شتر مرغ جنگل کی سیر کر رہے تھے۔ شیر اپنے دل کا حال شتر مرغ کو بتا رہا تھا کہ بھائی شتر مرغ آج میرا میٹھا کھانے کو بہت دل کر رہا ہے۔ چلو گھنے جنگل چلتے ہیں اور کچھ میٹھے پھلوں کھاتے ہیں۔ شتر مرغ بھی راضی ہو گیا۔ دونوں گھنے جنگل میں چل رہے تھے کہ اچانک ان کی نظر شہد کی مکھیوں پر پڑی جو پھولوں سے رس چوس چوس کر اپنے چھتے میں جمع کر رہی تھیں۔ شتر مرغ نے شہد کی مکھیوں نے کہا کہ بھائی شیر میاں کا کچھ میٹھا کھانے کو دل کر رہا ہے۔ اگر تم کو اعتراض نہ ہو تو کیا ہم تمھارے چھتے میں سے کچھ شہد کھانے کے لیے لے لیں۔ شہد کی مکھیوں نے کہا شیر میاں جنگل کا بادشاہ ہے۔ بھلا ہمیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ شتر مرغ نے چھتے میں چونچ ماری اور وہاں سے شہد کے قطرے گرنے لگے۔ شیر نے جی بھر کر شہد پیا اور دونوں دوستوں نے شہد کی مکھیوں کا شکریہ ادا کیا اور اپنے گھر واپس آ گئے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

شیر جنگل کا کیا ہے؟	شیر کو کیا چیز بہت پسند تھی؟	شیر کے دوست کا کیا نام تھا؟
شیر اور شتر مرغ دونوں سیر کرنے کہاں گئے؟	شیر اور شتر مرغ نے کیا دیکھا؟	شیر نے کس طرح شہد پیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ش' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ش' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'شین' کی آواز یعنی / ش / متعارف کروائیے۔

مثلاً: شیر / ش / شیر، شتر مرغ / ش / شتر مرغ، شہد / ش / شہد۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ش' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 58 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ش' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 40 اور 41 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aqsa Printers Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)


س	
	

(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "س" میں لکھیے۔






س



س



"ش" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ش' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ش' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ا' سے 'ش' تک حروف کی شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ش' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (شیر، شتر مرغ اور شہد) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ش'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 41)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58)
- دوسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 59)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 41)
- تیسرے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 41)، شیر، شتر مرغ کے خاکے پر پنسل پھیریے اور رنگ بھریے۔
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ذ' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 اور 29)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 27، 38)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ر' تا 'ش' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 30 اور 41)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 54)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

پہلا دن: حرف 'ش' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ش' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ش' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "بھِن بھِن کرتی۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "شہد کی مکھیّ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "کام بڑا ہے، ۔۔۔۔۔ " بچے کہیں: "خود ہے چھوٹی۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "میٹھا میٹھا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "شہد بنائے۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "شیر مکھیّ کو ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "تکتا جائے ۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- قاعدے کا صفحہ نمبر 41 کھلوایئے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ش' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "شہد" پر انگلی رکھ کر "شہد" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ش' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ شیر کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ شتر مرغ کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ شہد کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ش' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ش / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / ش / شیر، / ش / شتر مرغ، / ش / شہد۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 58 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ش' کی کہانی ایک بار پھر سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ش / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے شیر، شتر مرغ، شہد کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 40 اور 41 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ش' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ش' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'ش' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ش' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ش' میں کتنے نقطے آتے ہیں؟
- بچوں کو 'ش' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ش' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ش' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ش' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)


- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 59 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 59 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔


تیسرا دن: حرف 'ش' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 41 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ جماعت یا گھر میں شور مت کیجیے۔ خصوصاً تب، جب کوئی پڑھ رہا ہو یا آرام کر رہا ہو۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ش' کی نظم سنوایئے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔

- جام شیریں یا روح افزا شربت کمرہ جماعت میں بنا کر لے جائے اس کو تین یا چار ڈسپوزیبل گلاس میں تھوڑا تھوڑا ڈال لیجیے۔ گلاس کو ڈھانپ دیجیے تا کہ بچے دیکھ نہ سکیں۔
- یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے ہی کر لیا جائے۔ تین سے چار بچوں کو بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک گلاس دیجیے اور انھیں پینے کی ہدایت کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو شیر اور شتر مرغ کے خاکوں پر پنسل پھیرنے اور ان کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے شیر اور شتر مرغ کے خاکے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)





آرٹ اور کرافٹ کے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "شیر" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "شتر مرغ" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ جانور یا پرندے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ش' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ذ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 29 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- حروف 'ا' سے 'ذ' تک نقاط کو ترتیب سے ملاتے ہوئے تصویر مکمل کیجیے اور اس میں اپنی مرضی کے مطابق رنگ بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 38، 27 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ج" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"د" سے پہلے کونسا حرف آتا ہے؟	"ث" سے شروع ہونے والی کسی چیز کا نام بتائیں؟
"چ" پر کتنے نقطے آتے ہیں؟	"ذ" سے پہلے کونسا حرف آتا ہے؟	"ا" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28، 39 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پہلا دن: حرف (ر، ڑ، ز، ژ، س، ش) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ر' سے 'ش' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 30 تا صفحہ نمبر 41 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمیاں دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دی گئی تصاویر کی بچوں کو پہچان کروائیے اور ان کے درست حرف کے دائرے میں اپنی مرضی کا رنگ بھرنے کی ہدیت کیجیے۔
- تمام بچوں کو "ر" حرف کی شناخت کروائیے اور دی گئی سرگرمی میں تمام "ر" کو (رنگین پنسل یا سادہ پنسل سے) ملاتے ہوئے ریچھ کو شہد تک پہنچائیے۔ اور اپنی مرضی کا رنگ بھرنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 54 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

کیا "ر" کے اوپر کوئی نقطہ آتا ہے؟	"ز" سے بننے والی کسی چیز کا نام بتائیں۔	"ژ" سے پہلے آنے والا حرف کونسا ہے؟
"ش" میں کتنے نقطے آتے ہیں؟	"س" میں کتنے نقطے آتے ہیں؟	"ژ" میں کتنے نقطے آتے ہیں؟

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 55 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ش	
	

Aquiline
We Publish Nature..
Printers & Bookbinders

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو ''ش'' میں لکھیے۔









ش ش

ش ش

تصویری تراشے (تیسرے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)






حروف کو ترتیب وار ملا کر تصویر مکمل کیجیے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو ترتیب وار حروف کو ملانے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)







درست حروف کی نشاندہی اور راستہ تلاش کرنے میں رہنمائی کیجیے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو درست حروف کی نشاندہی اور راستہ تلاش کرنے کی سرگرمی کروائیں اور رنگ کرنے کے لیے بھی دیجیے)

دی گئی تصاویر کو دیکھیں اور درست حرف کے دائرے میں رنگ بھریے۔



تمام "ر" کو ملاتے ہوئے ریچھ کو شہد تک پہنچائیں۔



پہلی ٹرم (ساتواں ہفتہ)

"ص" اور "ض" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ص' اور 'ض' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ص' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ص' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ص' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 42 اور 43)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 60)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ص' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (صابُن، صوفا، صندوق) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ص'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 43)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 60)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 61)، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: صوفا اور صندوق کے تراشے، رنگین پیپرز، گوند، رنگین پنسلیں۔
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ض' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 44 اور 45)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 62)، ضعیف کی تصویر

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ص' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! صہیب اپنے دوستوں کے ساتھ شام کو گھر کے قریب کھیل کے میدان میں کرکٹ کھیلنے جاتا ہے۔ ایک دن صہیب جب کھیل کر گھر واپس آیا تو بہت تھکا ہوا دیکھائی دے رہا تھا۔ اس کی امی نے پوچھا کیا ہوا صہیب بیٹا! آج بہت تھک گئے ہو تو صہیب نے بتایا کہ امی جان جس کھیل کے میدان میں ہم کھیلتے ہیں آج وہاں بہت گند تھا۔ جگہ جگہ سوکھی پتیاں، ریپرز اور بوتل کے ٹین تھے۔ میں اور میرے ساتھوں نے آج اس میدان کی صفائی کی ہے۔ صہیب نے یہ بھی بتایا کہ وہاں پر موجود لوگوں نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے کوڑا اور ریپرز اٹھا کر قریب ہی پڑے کوڑا دان میں ڈالیں۔ سب نے مل کر اس میدان کی صفائی کی۔ اب انشاءاللہ ہم کل صاف ستھرے میدان میں کرکٹ کھیلیں گئیں۔ یہ کہہ کر امی نے صندوق سے صہیب کے لیے صابن نکالا اور صہیب سے کہا یہ تو تم نے اور تمھارے دوستوں نے بہت اچھا کام کیا اب یہ لو صابن اور جا کر ہاتھ منہ دھو لو۔ اور جلدی سے آجاؤ۔ صہیب نے صابن لیا اور اچھی طرح سے اپنے ہاتھ منہ دھوئے اور صوفے پر آکر بیٹھ گیا۔ اس کی امی نے کھانے کے لیے چارٹ لے آئیں۔ صہیب نے مزے مزے سے چارٹ کھائی اور امی کا شکریہ ادا کیا۔ ۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

Aquiline We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'ص' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ص' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ صابُن کو کمرہ جماعت میں لے جائیے۔ بچوں کو صابُن دیکھائیے اور ان سے پوچھیے کہ یہ کیا چیز ہے؟ یہ ہمارے کس کام آتی ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو اس کا نام اور اس کا کام بتائیے (صابُن، ہاتھ اور منہ دھونے کے لیے ہمارے کام آتا ہے یعنی گندگی کو صاف کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے)
صابُن نہ ہو تو پھر صابُن کا تصویری فلیش کارڈ لے جائیے اور بچوں سے اس کا نام پوچھیے۔ اس کے استعمال کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ صابُن کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔ یعنی وہ کون سا صابُن استعمال کرتے ہیں کس کی خوشبوں ان کو سب سے زیادہ پسند ہے۔
- صابُن کہتے ہوئے / ص / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ص / ہے۔ 'صابُن' کے نام میں شروع کی آواز / ص / ہے۔
- 'صابُن' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'صابُن' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز / ص / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 42 اور 43 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ص' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

صہیب کھیل کے میدان میں کیا کھیلنے جاتا تھا؟	کھیل کے میدان میں کیا ہوا تھا؟	صہیب اور اس کے دوستوں نے کیا کیا؟
امی نے صندوق سے صہیب کو کیا نکال کر دیا؟	صہیب نے صابن کے ساتھ کیا کیا؟	صہیب کی امی اُسے کھانے کے لیے کیا دیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ص' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ص' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'سواد' کی آواز یعنی / ص / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (سواد) بھی بتائیے۔
مثلاً: صہیب / ص / صہیب، صابن / ص / صابن، صندوق / ص / صندوق
- بچوں کو حرف 'ص' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ص' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ص' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ص' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 60 کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز / ص / ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ص' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 42 اور 43 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ص' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ص' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ص' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "ہاتھ جب گندے۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ہوتے ہیں۔۔۔۔"

آپ کہیے: "صابُن سے ہم ۔۔۔۔۔ " بچے کہیں: "دھوتے ہیں ۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "کپڑے، جوتے۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اور سامان۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "صندوق میں۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ہم رکھتے ہیں ۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 43 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ص' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "صابُن" پر انگلی رکھ کر "صابُن" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ص' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ صابُن کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ صوفا کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ صندوق کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ص' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ص / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / ص / صابُن، / ص / صوفا، / ص / صندوق ۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 60 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ص' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ص / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے صابُن، صوفا، صندوق کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 42 اور 43 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ص' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ص' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ص' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ص' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ص' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ص' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ص' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ص' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ص' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)


- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 43 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ص' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 43 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ اپنے کمرے کو صاف ستھرا رکھیے۔ خود بھی صفائی اپنایئے اور ہر روز نہایئے۔ تاکہ ہم تمام قسم کی بیماریوں سے بچ سکیں اور صحت اور تندرستی حاصل کر سکیں۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ص' کی نظم سُنوایئے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- صوفے کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ یہ ہمارے کس کام آتا ہے؟ ہمیں اسے اپنے گھر میں کہاں رکھتے ہیں؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو صابن اور صندوق کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز صوفا اور صوفے کے کشن میں اپنی مرضی سے رنگین پیپرز کو گوند کی مدد سے چسپاں کریں اور مختلف رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے صابن، صندوق، صوفا اور صوفے کے کشن کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "صابُن" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "صوفا" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "صندوق" کی شروع کی آواز پوچھیے۔

بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

- گھر کا کام: 'ص' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ض' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ض' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیے۔ جیسے ان کے گھر میں سب سے بڑا کون ہے؟ کیا ان کے دادا، دادی ان کے ساتھ رہتے ہیں؟ ان کے نانا، نانی کہاں رہتے ہیں؟
- درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجائیں۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔
- بچوں کو بتایئے کہ دادا، دادی، نانا، نانی ہمارے گھر میں سب سے بڑے ہوتے ہیں۔ ہمیں ان کی عزت کرنی چاہیے اور ان کا کہنا ماننا اور ہر طرح سے ان کا خیال رکھنا ہمارا فرض ہے۔ یہ ہمارے گھر کے بڑے ہیں۔ ان کو ضعیف بھی کہتے ہیں۔

- 'ضعیف' کہتے ہوئے / ض / کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ض / ہے۔ 'ضعیف' کی شروع کی / ض / ہے۔
- 'ضعیف' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ضعیف' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز / ض / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 44 اور 45 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ض' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ض' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ض" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ضیا بہت اچھا بچہ ہے۔ وہ والدین کا کہنا مانتا ہے اور اپنے اساتذہ کی بھی عزت کرتا ہے۔ ایک دن اس کی کلاس میں سر ضیا الحق صاحب تشریف لائے۔ اور انھوں نے کہا پیارے بچو آج کے سبق کا عنوان ہے "ٹریفک کے اصول" کیا آپ میں سے کوئی ٹریفک کے اصول بتا سکتا ہے؟ ضیا نے ہاتھ کھڑا کیا اس کے استاد نے کہا، جی ضیا آپ بتاؤ کیا جانتے ہو۔ ٹریفک کے اصول کے بارے میں ضیا نے کہا سر زیادہ کچھ نہیں ایک دفعہ میں اپنے بابا کے ساتھ جا رہا تھا۔ راستے پر بابا نے ایک جگہ گاڑی روکی اور تھوڑی دیر بعد گاڑی چلا دی۔ میں نے بس اتنا نوٹ کیا کہ سرخ بتی جلنے پر بابا نے گاڑی روک دی اور سبز بتی جلتے ہی بابا نے گاڑی چلا دی۔ سر نے پوچھا کیا تمھیں پتا ہے کہ تمھارے بابا نے گاڑی کیوں روکی تھی؟ ضیا خاموش رہا۔ سر نے کہا میں تمھیں بتاتا ہوں جہاں تمھارے بابا نے گاڑی روکی وہاں پر تمھیں تین رنگ کی لائٹ والا ایک کھمبا نظر آئے گا۔ اس کھمبے کو ٹریفک سگنل کہتے ہیں۔ جب اس سگنل پر سرخ رنگ جلتی ہے تو اس کا مطلب ہے گاڑی روک دو۔ یعنی رک جاؤ۔ جب پیلی رنگ کی بتی جلے تو گاڑی کو سٹاٹ کر دو یعنی چلنے کے لیے تیار ہو جاؤ اور جب سبز رنگ کی بتی جلتی ہے تو گاڑی چلا دو۔ جب ٹریفک رکتی ہے تو لوگوں کو زیبرا کراسنگ سے گزرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ سر نے کہا اگر کوئی اس لائٹ کے جلنے کا خیال نہ رکھے تو سڑک پر حادثات پیش آتے ہیں۔ پیارے بچو! آپ بھی ٹریفک کے قوانین کا خیال رکھیں۔ ضیا نے کہا کہ ہمیں آج بہت سے اصولوں کا پتہ چل گیا ہے اور ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اس اصولوں پر عمل کریں گے۔ ضیا گھر آیا۔ کپڑے بدلے اور اپنے دوست کے گھر جانے لگا۔ راستے میں اس ایک ضعیف عورت نظر آئی۔ اس نے ٹریفک رکنے کا انتظار کیا اور ضعیف عورت کو زیبرا کراسنگ سے راستہ پار کروایا۔ اس عورت نے ضیا کو دعائیں دی اور ضیا ہنسی خوشی دوسرے کے گھر چلا گیا۔ اس نے اپنے دوست کو ضعیف عورت کی مدد کرنے کا بتایا۔ اس کے دوست نے کہا کہ میں بھی آئندہ دوسروں کی مدد کروں گا۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

ضیا کیسا بچہ تھا؟	کلاس میں سبق کا عنوان کیا تھا؟	جب سرخ بتی جلتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟
جب پیلی بتی جلتی ہے تو کیا کرتے ہیں؟	سبز بتی جلنے پر ہم کیا کرتے ہیں؟	ضیا نے کس کی مدد کی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ض' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ض' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'زواد' کی آواز یعنی / ض / متعارف کروائیے۔

مثلاً: ضیا / ض / ضیا، ضعیف / ض / ضعیف،

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ض' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 62 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ض' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔


گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 44 اور 45 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ص	

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

رنگ میں انگلی ڈبو کو ''ص'' میں لکھیے۔




ص


ص


ص


تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو رنگ کرنے یا کرافٹ کرنے کے لیے دیجیے)











تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ض





پہلی ٹرم (آٹھواں ہفتہ) **"ض"اور"ط"کی تدریسی منصوبہ بندی**

کُل دن:5 پیریڈ: 40منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ض'اور'ط' کا نام اور آواز اوران سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ض'اور'ط' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ض'درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

■ پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی('ض'کی نظم) ، تصویری فلیش کارڈز (ضعیف) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہو 'ض'درسی قاعدہ(صفحہ نمبر44اور45)،درسی قاعدہ(صفحہ نمبر62)

■ دوسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر63)، پلے ڈو،ورک شیٹ، رنگ،ڈسپوزیبل پلیٹیں

■ تیسرے دن کے لیے: ضعیف کے تراشے،چھپی ہوئی تصویر کی تلاش،رنگین پنسلیں

■ چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی('ط'کی نظم) درسی قاعدہ(صفحہ نمبر46)، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر64)

■ پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی('ط'کی نظم)،تصویری فلیش کارڈز(طوطا،طالب علم،طلبہ)،گتے کا کٹا ہو 'ط'درسی قاعدہ(صفحہ نمبر46)،درسی قاعدہ(صفحہ نمبر64)

مرکزی مہارتیں:

■ سُننا
■ بولنا
■ پڑھنا
■ لکھنا

ذیلی مہارتیں:

■ یاد میں لانا
■ مشاہدہ کرنا
■ سمجھنا

حرف'ط'کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! طارق ہر روز سکول جاتا ہے۔جب وہ سکول سے واپس گھر آتا ہے تو راستے میں ایک جگہ طاہر (طبلہ والا) طبلہ بجا کر اپنے گھر والوں کے لیے روزی کماتا ہے۔اس کے پاس ایک خوبصورت طوطا بھی ہے۔جب طاہر طبلہ بجاتا ہے تو اس کا خوبصورت طوطا اس کا طبلہ سن کر گانا گاتا ہے۔یوں لوگ طاہر اور طوطے کی موسیقی اور گانے سے لطف اندوز ہو کر اسے پیسے دیتے ہیں۔ایک دن طاہر کا طوطا بیمار ہو گیا۔جس کی وجہ سے طوطا گانا نہیں کا سکتا تھا۔تو طاہر صرف طبلہ بجاتا رہا لیکن لوگوں کو طوطے کا گانا بھی سنا تھا۔طاہر بہت پریشان تھا۔طارق نے جب یہ سارا ماجرہ دیکھا۔تو طاہر کے طوطے کے لیے کے میڈیکل سٹو سے دوائی لے کر آیا۔اور اس کے طوطے کو دوائی دی۔طاہر نے طارق کا شکریہ ادا کیا۔اگلے روز جب طاہر طبلہ بجا رہا تھا تو اس کے طوطے نے گانا شروع کیا۔آج اس نے گانے کے ساتھ ساتھ کچھ لطیفے بھی سنائیں۔لوگ اتنے خوش ہوئے کہ آج انھوں نے طوطے کے ساتھ تصویر بھی کھینچوائیں اور طاہر (طبلہ والے) کو بہت سے پیسے دیے۔یوں طاہر نے اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے)

پہلا دن: حرف'ض'کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

■ بچوں کو'ض'کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔

- نظم میں آنے والے 'ض' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "ضیا اک اچھا ------" بچے کہیں: "بچّہ ہے ----"

آپ کہیے: "اچھے کام وہ ------ " بچے کہیں: "وہ کرتا ہے ---- "

آپ کہیے: "ہاتھ پکڑ کے-----" بچے کہیں: "ضعیف کا ------ "

آپ کہیے: "سڑک پار -----" بچے کہیں: "کرواتا ہے ---- "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 45 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ض' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ضعیف" پر انگلی رکھ کر "ضعیف" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ض' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ضعیف کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ض' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ض / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / ض / ضعیف،

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 62 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ض' کی کہانی ایک بار پھر سنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ض / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے ضعیف کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 44 اور 45 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ض' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ض' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ض' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ض' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ض' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ض' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ض' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ض' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ض' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 63 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 45 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

Agriculture Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 63 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ض' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 45 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ کبھی کسی چیز کی ضد مت کیجیے۔ ہمیشہ اپنے والدین اور بڑوں کا کہنا مانیے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ض' کی نظم سُنوائیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- ضعیف کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دیکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کون ہے؟ ان کا ہمارے ساتھ کیا رشتہ ہوتا ہے؟ کیا ہمیں ان کی ہر بات ماننی چاہیے؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کلرنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ بچوں کو ضعیف کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز دی گئی تصاویر کے خاکے میں "ضعیف" کی تصویر اور "ض" حرف کو مختلف رنگ کر کے تلاش کیجیے اور بچوں کی رہنمائی کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ضعیف کے تراشے اور چھپی ہوئی تصاویر کے خاکے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)



آرٹ اور کلرنگ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "ضعیف" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "ضیا" کی شروع کی آواز پوچھیے۔
بچوں سے ان کے دادا، دادی، کا نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ض' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ط' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ط' متعارف کروانے کا ہے۔ ایک چھوٹے پنجرے میں ایک طوطے کو ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائے اور کوشش کریں ایک اس کو ایک کپڑے سے ڈانپ دیں تاکہ بچے اس کو نہ دیکھ سکیں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس کپڑے کے نیچے کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔
اشارے: یہ ہوا میں اڑتا ہے۔ اس کے دو ٹانگیں اور پَر بھی ہیں۔ یہ مختلف رنگوں میں بھی ہوتا ہے۔ اس کو چُوری اور امرود بہت پسند ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور کپڑے کو ہٹا کر طوطے کو دیکھائیے۔ بچوں کو 'طوطا' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے طوطے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے گھر میں طوطا پالا ہوا ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ یہ کیا چیز شوق سے کھاتا ہے؟

- 'طوطا' کہتے ہوئے / ط / کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ط / ہے۔
- 'طوطے' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'طوطا' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز / ط / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 46 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ ' ط ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

کون طبلہ بجاتا تھا؟	طاہر کے پاس ایک خوبصورت کیا چیز تھی؟	لوگ گانے اور موسیقی سے لطف اندوز ہو کر طاہر کو کیا دیتے تھے؟
ایک دن طاہر کے طوطے کو کیا ہو گیا تھا ؟	طارق نے طوطے کو کیا چیز لا کر دی؟	طاہر نے کس کا شکر ادا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے ' ط 'کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ط' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'طوئیں' کی آواز یعنی / ط / متعارف کروائیے۔

مثلاً: طارق / ط / طارق، طاہر / ط / طاہر، طوطا / ط / طوطا

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں ' ط 'کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 64 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر ' ط 'لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 46 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ط' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ط' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے ' ط 'کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "طوطا بولا۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ٹیں ٹیں ٹیں ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "طبلہ کتنا ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اچھّا ہے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "طاہر جب بھی۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "طبلہ بجائے ۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "طوطا ٹیں ٹیں ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کرتا جائے۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 46 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ط' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "طوطا" پر انگلی رکھ کر "طوطا" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ط' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ طوطا کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ طبلہ کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ طالب علم کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ط' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ط / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / ط / طوطا، / ط / طبلہ، / ط / طالب علم

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 46 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ط' کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ط / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 46 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 46 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (پہلا دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ض







(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)


رنگ میں انگلی ڈبو کو "ض" میں لکھیے۔















تصویری تراشے (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو رنگ کرنے کے لیے دیجیے)










تمام ''ض'' میں سرخ اور باقی تمام حروف میں سبز رنگ بھریں۔



تمام ''ض'' میں نیلا رنگ بھریں اور باقی حروف میں سبز رنگ بھریں۔



تصویری فلیش کارڈز (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ط	
	

"ط" اور "ظ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ظ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ظ' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ط' اور 'ظ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ا' تا 'ظ' تک حروف شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 46)، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 65)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ظ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 47)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 66) سرکس کی سیر
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ظ' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 47)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 66)، تصویری فلیش کارڈز (ظریف، ظروف) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ظ'
- چوتھے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 47)، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 67)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ظ' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 اور 47)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 27، 38، 54)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ظ' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! آج ارمان اپنے عمر ماموں کے ساتھ سرکس دیکھنے کے لیے گیا۔ ارمان نے آج سے پہلے کبھی سرکس نہیں دیکھا تھا۔ ماموں جان نے سرکس میں جانے کے لئے سب سے پہلے ٹکٹیں خریدیں اور اندر جا کر اپنی جگہ پر بیٹھ گئے۔ سب سے پہلے کچھ لڑکیوں نے رسی پر چل کر اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور لوگوں سے داد لی۔ پھر ہاتھی نے فٹ بال سے کھیل کر لوگوں کو حیران کر دیا۔ پھر کچھ شیر دکھائے گئے۔ شیر نے سرکس میں آتے ہی پہلے دھاڑ لگائی اس کی دھاڑ تے ہی پیلے ارمان ڈر گیا۔ پھر ایک آدمی نے ایک گول دائرہ نما ring میں آگ لگائی شیر کافی دور سے بھاگ کر آیا اور اس نے ring میں سے گزرا اور باحفاظت شیر نے یہ کرتب مکمل کیا تو لوگوں نے یہ دیکھتے ہی تالیاں بجائی۔ پھر کچھ موسیقی کے بعد وہاں پر ایک پہیے اور دو پیڈل پر بہت سے ظریف پہیہ چلاتے ہوئے آئے۔ پہلے انھوں نے کچھ گیند کو ہوا میں اچھالتے ہوئے کرتب دکھایئے۔ پھر ان ظریف کو کچھ برتن دیئے گئے۔ ان مٹی کے برتن کو ظروف کہتے ہیں۔ ظریف نے ظروف کو دونوں ہاتھوں میں اٹھائے اور پہیہ چلاتے رہے۔ لوگوں نے اس کے کرتب کی بہت تعریف کی۔ عمر ماموں نے ارمان سے پوچھا بیٹا کیا تم کو سرکس میں مزا آیا۔ ارمان نے کہا جی ماموں

جان، میں نے اتنے کرتب پہلے کبھی نہیں دیکھے۔ارمان نے کہا،ماموں میں بھی یہ کرتب گھر میں کروں گا۔ماموں نے ارمان کو سمجھایا بیٹا یہ لوگ ان کرتب کو کرنے لئے ٹرینڈ کیے جاتے ہیں اور جب یہ ٹرینڈ ہو جاتے ہیں تو ان کو براہ راست سرکس پر کرتب دکھانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔اگر تم یہ گھر میں یہ کرتب کرنے کی کوشش کروں گئے تو تم کو سخت چوٹ لگ سکتی ہے۔ارمان کو ماموں جان کی بات سمجھ میں آگئی اور اس نے ماموں جان سے وعدہ کیا کہ وہ اس طرح کے کرتب کبھی نہیں کرے گا۔ماموں جان نے اس کو شاباش دی اور دونوں گھر آگئے۔۔ ۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے)

پہلا دن: حرف 'ط' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 46 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔انھیں بتایئے کہ بہت سے بچوں کو طوطا پالنا اچھا لگتا ہے۔اگر آپ کے پاس طوطا یا کوئی پالتو جانور ہے تو اس کے کھانے پینے اور آرام کا بہت خیال رکھیے۔کیونکہ ہماری طرح ان کو بھی بھوک، پیاس لگتی ہے۔اور چوٹ لگنے پر ان کو بھی درد ہوتا ہے
- بورڈ پر 'ط' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'ط' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ط' لکھیں۔بچوں سے پوچھیے کہ 'ط' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ط' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ط' بنوانے کی مشق کروایئے۔اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ط' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ط' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔انھیں خوب سراہیے۔اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 65 کھلوایئے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروایئے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- چانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ط' کی املا کروایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 65 س کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ظ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ظ' متعارف کروانے کا ہے۔ایک ڈبہ میں ظروف رکھیے اور کمرہ جماعت میں لے جایئے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ مٹی کے بنے ہوتے ہیں۔ان کو ہم کھانا کھانے کے دوران استعمال کرتے ہیں۔یہ کئی رنگوں میں ہوتے ہیں۔ان کو احتیاط سے رکھتے ہیں۔اگر گر جائیں تو ٹوٹ جاتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے میں سے ظروف نکال کر بچوں کو دیکھایئے۔بچوں کو 'ظروف' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ظروف کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ان سے پوچھیے کہ جب آپ کھانا کھاتے ہیں تو کس رنگ کے ظروف استعمال کرتے ہیں۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- 'ظروف' کہتے ہوئے /ظ/ کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ظ/ ہے۔
- 'ظروف' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ظروف' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز /ظ/ پر زور دیجیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 47 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ظ' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

ارمان اپنے ماموں کے ساتھ کہاں گیا؟	ہاتھی نے کس کے ساتھ کھیل کر لوگوں کو حیران کیا؟	کس کی آواز سے ارمان ڈر گیا؟
مٹی کے برتن کو کیا کہتے ہیں؟	لوگوں نے کس کے کرتب کی بہت تعریف کی؟	ارمان نے ماموں جان سے کیا وعدہ کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ظ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ظوئے' کی آواز یعنی /ظ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ظوئے) بھی بتائیے۔

مثلاً: ظریف /ظ/ ظریف ، ظروف /ظ/ ظروف،

- بچوں کو حرف 'ظ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ظ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ظ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ظ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 66 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ظ/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ظ' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ظ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ظ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "ظریف آیا، ـــــــ" بچے کہیں: "ظریف آیا ـــــ"

آپ کہیے: "ظروف کا اک ـــــــ" بچے کہیں: "ڈھیر لایا ـــــ"

آپ کہیے: "سر پر اُٹھا کے ـــــــ" کہیں: "سارے ظروف ـــــــ"

آپ کہیے: "واہ! کیا اچھا ـــــــ" بچے کہیں: "کھیل دِکھایا ـــــ"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ظ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (ظریف، ظروف) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 47 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ظ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ظوے) اور پھر اس کی آواز (/ظ/) ادا کروائیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ظریف" پر انگلی رکھ کر "ظریف" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ظ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ ظریف کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ ظروف کہاں ہے؟	

- 'ظ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ظ/ کے ساتھ پڑھایئے۔ مثلاً: /ظ/ظریف، /ظ/ظروف
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 67 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ظ' کی کہانی ایک بار پھر سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ظ/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 47 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 66 پر موجود دونوں سرگرمیوں کو کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ظ' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 47 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ کھانے کے بعد ظروف باورچی خانے میں رکھیے۔ انھیں احتیاط سے اُٹھایئے یا کسی بڑے کی مدد لیجیے۔ تاکہ ظروف ہاتھ سے پھسل کر ٹوٹ نہ جائیں اور خود کو چوٹ نہ لگ جائے۔
- بچوں کو 'ط' اور 'ظ' کا فرق سمجھایئے۔ دونوں حروف کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر 'ط' اور 'ظ' کا فرق محسوس کر سکیں ۔
- تحریری فرق سمجھانے کے لیے بورڈ پر حروف لکھیے اور 'ط' اور 'ظ' کا فرق بتایئے۔
- بورڈ پر 'ظ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'ظ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ظ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ظ' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ظ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ظ' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ظ' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ظ' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 67 کھلوایئے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروایئے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر "ط" "ظ" کی املاء کروایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 67 س کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف ("ا" سے " ظ ") کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ظ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 47 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- تمام بچوں کو "ط" حرف کی شناخت کروائیے اور دی گئی سرگرمی میں تمام "ط" کو (رنگین پنسل یا سادہ پنسل سے) ملاتے ہوئے طوطے کو درخت تک پہنچائیے۔ اور اپنی مرضی کا رنگ بھرنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- بچوں کو مناسب حرف لگا کر خالی جگہ پُر کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 54، 38، 27 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے ۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ڈ" کے بعد کیا آتا ہے؟	"س" سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز کا نام بتائیے۔	"ص" اور "ص" میں کیا فرق ہے؟
"ظ" میں کتنے نقطے لگتے ہیں؟	"پ" کے نیچے کتنے نقطے لگتے ہیں؟	"ڑ" کے اوپر کیا لگاتے ہیں؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر، 55، 29، 28، کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔


We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "ط" میں لکھیے۔









تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ظ






Aamiline
Publish Future..
Publishe & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "ظ" میں لکھیے۔









راستہ تلاش کرنے اور خالی جگہ کو درست حرف سے پُر کیجیے (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو طوطے کو راستہ تلاش کرنے کی اور درست حرف سے خالی جگہ پُر کرنے کی ہدایت دیجیے)

تمام "ط" کو ملاتے ہوئے لومڑی کو درخت تک پہنچایئے۔



مناسب حرف لگا کر خالی جگہ پُر کیجیے۔

ا _____ ب _____ ت ٹ _____ ج _____

_____ خ د ڈ ذ _____ ڑ _____ ژ س

_____ _____ ض ط _____

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

دوسری ٹرم (دسواں ہفتہ)

"ع" اور "غ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ع' اور 'غ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ع' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'غ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ع' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 48 اور 49)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 68)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ع' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (عُقاب، عینک، عمارت) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ع'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 49)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 68)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 69)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: عینک اور عقاب کے تراشے، عینک بنانے کا طریقہ، گوند، رنگین پنسلیں
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('غ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 50 اور 51)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 70)، غار، غلیل، غُبارہ کی تصاویر

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ع' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! عامر اپنے گھر میں صحن میں کھیل رہا تھا کہ اچانک اس نے آسمان پر ایک عقاب دیکھا۔ عامر کو عقاب بہت اچھا لگا۔ عقاب بھی آسمان پر اڑتا ہوا ایک درخت کے گرد گھومنے لگا اور بالآخر عامر کی چھت پر آ بیٹھا۔ عامر نے اپنے ابو سے کہا ابو جان مجھے یہ عقاب پکڑ کر دیں۔ میں اس کو اپنے پاس رکھوں گا۔ عامر کے ابو نے کہا کہ عامر بیٹا عقاب ایک طاقتور پرندہ ہے۔ اس کو ایسے ہی نہیں پکڑا جا سکتا۔ ابھی دونوں باتیں ہی کر رہے تھے کہ عقاب اڑ گیا۔ عامر کے ابو نے کہا دیکھا۔ یہ بہت ہی عقل مند پرندہ بھی ہے۔ عامر کو یہ اڑتا ہوا اتنا خوبصورت لگا وہ اس کے پیچھے چل پڑا۔ عامر نے اپنی عینک لگا اور عقاب کے پیچھے دوڑ پڑا۔ کچھ فاصلے پر جا کر عقاب عامر کی آنکھ سے اوجھل ہو کر بادلوں کے پار چلا گیا۔ عامر اس کا پیچھا کرتے کرتے اپنے گھر کے قریب ایک نئی عمارت دیکھی۔ یہ عمارت بہت سی منزلوں پر مشتمل تھی۔ دراصل یہ ایک شاپنگ مال پوائنٹ تھا۔ عامر نے کہا چلو عقاب کو تو نہ پکڑ سکا چلو شاپنگ مال کی سیر ہی کر لوں۔ شاپنگ مال میں ہر طرح کی دکانیں تھی۔ عامر ایک کھلونوں کی دکان پر چلا گیا۔ وہاں اس نے پرندوں کے حوالے سے کھلونے دیکھنے شروع کر دیئے۔ آخر کار اس کی نظر ایک عقاب کے کھلونے پر پڑی۔ عامر کو یہ عقاب دیکھ کر پہلے والے عقاب کا خیال آیا۔ اس نے فوراً یہ عقاب خرید لیا۔ جب عامر گھر آیا تو اس کے ہاتھ میں شاپنگ بیگ دیکھ کر اس کے ابو نے پوچھا کہ بیٹا کیا خرید کر لائے ہو؟ اس نے کہا، ابو جان عقاب خرید کر لایا ہوں۔ اس کے ابو جان حیران ہو گئے، کہ عقاب؟ وہ کیسے دیکھاؤں کون سا عقاب لائے ہو تم؟ عامر نے

شاپنگ بیگ سے کھلونے والا عقاب نکال کر اپنے ابو کو دیکھایا۔ دونوں یہ عقاب دیکھ کر بہت ہنسے۔ عامر عقاب خرید کر بہت خوش تھا۔ ابو نے کہا یہ تو کھلونے والا عقاب ہے۔ خوب عامر خوب تم نے واقعی عقاب پکڑ ہی لیا۔ عامر بہت خوش ہوا اور عقاب کو لے جا کر اپنے کمرے میں کھلونوں والی الماری میں سنبھال کر رکھ دیا۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے)

پہلا دن: حرف 'ع' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ع' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ عینک کو کمرہ جماعت میں لے جایئے۔ بچوں کو عینک دیکھایئے اور ان سے پوچھیے کہ یہ کیا چیز ہے؟ یہ ہمارے کس کام آتی ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو اس کا نام اور اس کا کام بتایئے (عینک کو ہم تیز دُھوپ میں لگاتے ہیں، تیز دُھوپ میں سورج کی روشنی تیز ہوتی ہے جس کی وجہ سے ہم ٹھیک سے آسمان کو اور دُور کی چیزوں کو نہیں دیکھ سکتے ہیں۔ عینک کی وجہ سے ہم آسانی سے دیکھ سکتے ہیں اور ہماری آنکھیں بھی محفوظ رہتی ہیں)
عینک نہ ہو تو پھر عینک کا تصویری فلیش کارڈ لے جایئے اور بچوں سے اس کا نام پوچھیے۔ اس کے استعمال کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ عینک کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔ یعنی ان کے پاس کوئی عینک ہے، وہ کونسے رنگ کی ہے وغیرہ
- عینک کہتے ہوئے /ع/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ع/ ہے۔ 'عینک' کے نام میں شروع کی آواز /ع/ ہے۔
- 'عینک' کا فلیش کارڈ دکھایئے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'عینک' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ع/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 48 اور 49 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ع' کی کہانی سُنایئے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

عامر کہاں کھیل رہا تھا؟	عامر نے آسمان پر کیا دیکھا؟	عامر نے کس کو عقاب کو پکڑنے کے لیے کہا؟
عامر نے کیا چیز لگائی اور عقاب کے پیچھے چل دیا؟	عقاب کے پیچھے چلتے ہوئے عامر نے کیا دیکھا ؟	عامر شاپنگ مال سے کیا چیز خرید کر لایا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ع' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ع' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'آئین' کی آواز یعنی /ع/ متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (آئین) بھی بتایئے۔
مثلاً: عامر /ع/ عامر، عقاب /ع/ عقاب، عینک /ع/ عینک
- بچوں کو حرف 'ع' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتایئے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ع' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ع' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ع' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 68 کا کام کروایئے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ع/ ہے۔

- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ع' بورڈ پر لکھوائیے ۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 48 اور 49 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ع' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ع' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ع' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "نیلے نیلے ------" بچے کہیں: "آسمان میں ----"

آپ کہیے: "عُقاب اک ------ " بچے کہیں: "اُڑتا جائے ---- "

آپ کہیے: "عینک لگا کے------" بچے کہیں: "دیکھے عامر ------ "

آپ کہیے: "خُوشی سے ------" بچے کہیں: "مُسکرائے ---- "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 49 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ع' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "عُقاب" پر انگلی رکھ کر "عُقاب" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ع' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ عُقاب کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ عینک کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ عمارت کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ع' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ص / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ع/ عُقاب، /ع/ عینک، /ع/ عمارت ۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 68 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ع' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ع/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے عُقاب، عینک، عمارت کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 48 اور 49 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ع' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ع' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ع' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ع' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ع' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ع' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ع' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ع' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو، ورک شیٹ دیجیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ع' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)


- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 69 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 49 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 69 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ع' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 49 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ اپنے بڑوں کی عزت کیجیے۔ جب ان سے بات کریں تو ہمیشہ "آپ" کہہ کر بُلایئے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ع' کی نظم سُنوایئے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- عینک کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ یہ ہمارے کس کام آتی ہے؟ اس کے کتنے رنگ ہوتے ہیں؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- عینک کے تراشوں کو پہلے ہی اساتذہ قینچی سے کاٹ کر رکھیں تا کہ بچے ان پر رنگ کریں، صرف عینک کے ہینڈل کو گوند سے چسپاں کریں اور عینک لگالیں۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو عُقاب اور عینک کے تراشوں کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے عُقاب اور عینک کے تراشے ساتھ دیے جارہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "عُقاب" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "عینک" کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- بچوں سے ان کے پسندیدہ لباس کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ع' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

پانچواں دن: حرف 'غ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'غ' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ غبارے کو ایک ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کے تجسس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

- اشارے: یہ ایک چیز ہے جو مختلف رنگوں میں ہوتی ہے۔ یہ ربڑ کی بنی ہوتی ہے۔ اس میں ہوا بھری جاتی ہے۔ اس کے آگے دھاگا باندھا جاتا ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے غبارہ آہستہ آہستہ باہر نکالیے۔ بچوں کو 'غبارہ' چار سے پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے غبارے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے غبارہ دیکھا ہے؟ ان کو کس رنگ کا غبارہ پسند ہے؟ کیا ان کا غبارہ ہوا میں اڑتا ہے؟
- 'غبارہ' کہتے ہوئے /غ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /غ/ ہے۔ 'غبارہ' کے نام میں شروع کی آواز /غ/ ہے۔
- 'غبارہ' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'غبارہ' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /غ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 50 اور 51 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'غ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

حرف 'غ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "غ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! غنی اور اس کے دوست غلام رسول بازار گئے۔ وہاں انھوں نے غلیل خریدلی۔ غنی نے بھی بازار سے بہت سے رنگ برنگے غبارے خریدے ۔ دونوں اس کو لے کر گھر واپس آرہے تھے کہ انھوں نے ایک غار نظر آئی۔ غلام رسول نے کہا، غنی ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ تم اپنے غبارے ہوا میں اُڑاؤ۔ میں انھیں غلیل سے پھوڑوں گا اور تم انھیں پھوڑنے سے بچانا۔ اگر میں نے زیادہ غبارے پھوڑے تو میں جیت گیا اور اگر تم نے زیادہ غبارے بچائے تو تم جیت گئے۔ غنی نے کہا ٹھیک ہے۔ دونوں میں کھیل شروع ہو گیا۔ غنی نے اپنے غبارے ہاتھ سے چھوڑ دیئے اور غار کے اوپر پہاڑی پر انھیں پکڑنے کے لیے بھاگا۔ دوسری طرف غلام رسول نے غباروں پر نشانہ باندھنے لگا۔ سب سے پہلے غنی نے ایک گلابی پکڑا پھر غلام رسول نے ایک پیلا غبارہ پھوڑا۔ اس طرح غنی نے تین غبارے پکڑ لیے اور غلام رسول نے تین پھوڑے۔ اس کھیل میں دونوں بہت ہی لطف اندوز ہوئے اور باقی بچے ہوئے غبارے لے کر گھر واپس آ گئے۔ اور گھر آ کر انھوں نے اپنا آج کا کھیل اپنے گھر والوں کو بتایا اور سب گھر والے ہنسنے لگے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

غنی اور غلام رسول کہاں گئے تھے؟	غلام رسول کو کیا پسند آ گئی تھی؟	غنی نے کیا خریدے؟
راستے میں غنی اور غلام رسول کو کیا نظر آیا؟	غلام رسول نے پیلے کونسا غبارہ پھوڑا؟	غنی نے سب سے پہلے کونسا غبارہ پکڑا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'غ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'غ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'غائین' کی آواز یعنی /غ/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: غنی /غ/ غنی، غلام رسول /غ/ غلام رسول، غلیل /غ/ غلیل

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'غ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 70 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'غ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 50 اور 51 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ع	

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)


Publishers, Printers & Booksellers

رنگ میں انگلی ڈبو کو ''ع'' میں لکھیے۔











تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو رنگ کرنے یا کرافٹ کرنے کے لیے دیجیے)





دوسری ٹرم (گیارہواں ہفتہ)

"غ" اور "ف" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'غ' اور 'ف' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'غ' اور 'ف' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'غ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('غ' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (غار، غلیل، غُبارہ) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہو 'غ'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 51)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 70)
- دوسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 71)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 51)
- تیسرے دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 51)، غُبارہ اور غلیل، کے تراشے، رنگین پیپرز، گوند، رنگین پنسلیں، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ف' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 52،53)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 74) (غریب کی مدد)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ف' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (فقیر، فوّارہ، فاختہ) کی تصاویر،
- گتے کا کٹا ہو 'ف' کی تصاویر، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 53)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 74)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ف' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک دن شام کو فہد کھیل کے میدان سے فٹ بال کھیل کر گھر واپس آ رہا تھا۔ راستے میں اس نے ایک بھوکے فقیر کو دیکھا۔ اس کی حالت بہت خراب تھی۔ فہد کو اس پر ترس آیا۔ فہد نے س کی مدد کرنا چاہی لیکن اس کے پاس فقیر کو دینے کے لیے کچھ نہ تھا۔ فہد گھر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ اس کے ابو جان فوارے کے پاس بیٹھے چائے پی رہے تھے اور اس کا بڑا بھائی فواد فاختہ کو دانہ ڈال رہا تھا۔ اتنے میں فہد کی امی نے فہد کو آواز دی کہ فہد ہاتھ منہ دھو لو اور کچھ کھا لو۔ ابو جان تمھارے لیے بازار سے فالودہ لائے ہیں۔ جیسے ہی فہد میز پر فالودہ کھانے بیٹھا اس کو اُس فقیر کی یاد آ گئی جو راستے میں بھوکا تھا۔ فہد نے جلدی سے ایک پلیٹ میں روٹی ڈالی اور ساتھ کچھ پھل ڈالے اور باہر کی طرف جانے لگا۔ فہد کی امی نے فہد کو آواز دی کہ کہاں جا رہے ہو؟ فہد نے امی سے کہا کہ امی جان راستے میں ایک فقیر بھوکا ہے اس کو کھانا دینے جا رہا ہوں۔ فہد کی بات سن کر فہد کے ابو جان نے اس کو پاس بلایا اس کو شاباش دی اور کہا ہمیں اس طرح غریبوں کی مدد کرنی چاہیے۔ اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور ہمیں ثواب ملتا ہے۔ فہد تم اپنے بڑے بھائی کو ساتھ لے جاؤ اور اس فقیر کو کھانا دے آؤ۔ فہد اس پر خوش ہوا اور اپنے بڑے بھائی کے ساتھ فقیر کو کھانا دے آیا ۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'غ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'غ' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'غ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروایئے۔

مثلاً: آپ کہیے: "نیلے پیلے ------" بچے کہیں: "لال غُبارے ----"

آپ کہیے: "کیسے اچھّے ------" بچے کہیں: "کیسے پیارے ----"

آپ کہیے: "غُلیل سے تم نہ------" بچے کہیں: "ان کو پھوڑو ------"

آپ کہیے: "تم بھی لے لو، ------" بچے کہیں: "ان سے کھیلو ----"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 51 کھلوایئے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'غ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "غار" پر انگلی رکھ کر "غار" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'غ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ غار کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ غلیل کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ غُبارہ کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'غ' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /غ/ کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: /غ/ غار، /غ/ غلیل، /غ/ غُبارہ

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 70 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'غ' کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /غ/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے غار، غلیل، غُبارہ کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 50 اور 51 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'غ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'غ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'غ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'غ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'غ' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'غ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'غ' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'غ' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور انھیں رنگین پلے ڈو، ورک شیٹ دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'غ' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

Feature Publishers, Printers & Booksellers


- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 71 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 51 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 71 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'غ' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 51 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اگر غصّہ آئے تو خاموش ہو جائیے۔ پھر جب غصہ کم ہو جائے تو اپنی بات مناسب الفاظ میں کہیے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'غ' کی نظم سُنوائیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- غبارے کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دیکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ یہ کیا چیز ہے؟ ہم اس سے کیا کرتے ہیں؟ یہ کتنے رنگوں میں ہوتے ہیں؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- رنگین مختلف پیپرز کو بیضوی یا دائرہ کی شکل میں چھوٹا چھوٹا کاٹ کر ڈسپوزیبل پلیٹیں میں رکھا دیجیے۔ اور بچوں کو غباروں کے خاکے کو گوند سے چسپاں کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- بچوں کو غلیل کے خاکے کو اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کی ہدایت دیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے غباروں اور غلیل کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "غار" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "غلیل" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "غُبارہ" کی شروع کی آواز پوچھیے۔
بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'غ' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے

چوتھا دن: حرف 'ف' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ف' متعارف کروانے کا ہے۔ ایک چھوٹے پنجرے میں ایک فاختہ کو ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائے اور کوشش کریں ایک اس کو ایک کپڑے سے ڈانپ دیں تا کہ بچے اس کو نہ دیکھ سکیں۔ اگر اس طرح ممکن نہ ہو تو فاختہ کا ایک فلیش کارڈ ساتھ لے جائیں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس کپڑے کے نیچے کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ہوا میں اڑتی ہے۔ اس کے دو ٹانگیں اور پَر بھی ہیں۔ یہ دانا دنکا کھاتی ہے۔ یہ سرمائی، ہلکا گلابی اور سفید رنگ کی ہوتی ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور کپڑے کو ہٹا کر فاختہ کو دیکھائیے۔ بچوں کو 'فاختہ' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے فاختہ کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے اپنے گھر کے قریب فاختہ کو دیکھا ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ یہ کیا چیز شور سے کھاتی ہے؟
- 'فاختہ' کہتے ہوئے /ف/ کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ف/ ہے۔
- 'فاختہ' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'فاختہ' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز /ف/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 53 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ف' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

فہد کیا کھیل کر واپس آ رہا تھا؟	فہد کو راستے میں کون نظر آیا؟	فہد کے ابو جان کہاں بیٹھے ہوئے تھے؟
فہد کا بڑا بھائی کیا کر رہا تھا؟	فہد کے ابو جان کیا لے کر آئے تھے؟	فہد فقیر کو کیا دینے جا رہا تھا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ف' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ف' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'فے' کی آواز یعنی /ف/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: فہد /ف/ فہد فقیر /ف/ فقیر، فالودہ /ف/ فالودہ

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ف' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 74 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ف' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 52، 53 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ف' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ف' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ف' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "فہد بھاگا ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "بھاگا آئے ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "فقیر کے لیے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کھانا لائے۔۔۔۔"

آپ کہیے: "فوّارے پہ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "اُڑتی اُڑتی ۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "فاختہ پیچھے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "پیچھے آئے۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 53 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ف' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "فقیر" پر انگلی رکھ کر "فقیر" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ف' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ فقیر کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ فوّارہ کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ فاختہ کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ف' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

  یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ف/ کے ساتھ پڑھایئے۔

  مثلاً: /ف/ فقیر، /ف/ فوّارہ، /ف/ فاختہ

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 74 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ف' کی کہانی ایک بار پھر سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ف/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 53 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 52،53 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (پہلا دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

غ	
	


Aguiline
We Publish Future...


(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "غ" میں لکھیے۔








غ غ


Future..
ellers

تصویری تراشے (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو رنگین پیپرز کو چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)







تصویری فلیش کارڈز (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ف	
	

دوسری ٹرم (بارھواں ہفتہ)

"ف" اور "ق" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ف' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ف' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ف' اور 'ق' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ا' تا 'ق' تک حروف شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 75)، کریون، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 53)
- دوسرا دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ق' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 54،55)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 76) (قیصر کا پسندیدہ قلم)
- تیسرا دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ق' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (قلم، قینچی، قمیص) کی تصاویر،
- گتے کا کٹا ہوا 'ق' کی تصاویر، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 54)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 76)
- چوتھے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 77)، کریون، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 55)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ق' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 اور 55)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 72، 54، 38، 27) خالی جگہ اور دوسری سرگرمیاں

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ق' کی کہانی: (دوسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! قیصر کے ابو درزی تھے۔ وہ لوگوں کے کپڑے سی کر اپنے خاندان کا پیٹ پالتے تھے۔ قیصر ایک چھابچہ تھا۔ وہ ہمیشہ اپنے والدین کا احترام کرتا اور ان کو کبھی تنگ نہیں کرتا تھا۔ ایک اچھا بیٹا ہونے کے ساتھ ساتھ وہ پڑھائی میں بھی بہت ذہین تھا۔ ایک دفعہ قیصر ایک دوکان پر گیا۔ وہاں سے ایک قلم بہت پسند آیا۔ اس نے دکاندار سے اس کی قیمت پوچھی تو دکاندار نے اس کی قیمت کچھ زیادہ بتائی۔ قیصر کے پاس اتنے پیسے نہیں تھے۔ وہ اپنے ابو سے بھی پیسے نہیں مانگ سکتا تھا۔ قیصر نے سوچا کیوں نہ خود کی کمائی سے قلم خرید اجائے۔ قیصر اپنے ابو کو بچپن سے ہی کپڑے سیتا دیکھتا تھا۔ اس کو بھی کپڑے سینے آتے تھے۔ لیکن پڑھائی کی وجہ سے وہ کبھی کبھی اپنے ابو کا ہاتھ بٹاتا اور کپڑے سینے میں ان کی مدد کرتا تھا۔ قلم خریدنے کے لیے بھی قیصر نے یہی کیا۔ اُس نے ابو سے کہا کہ مجھے قلم اپنے پیسوں سے خریدنا ہے۔ آپ مجھے کچھ سینے کے لیے دیے دیں۔ قیصر کے ابو قینچی سے ایک قمیض سلائی کے لیے کاٹ رہے تھے۔ انہوں نے قیصر کو قمیض سلائی کے لیے کاٹ کر دی۔ قیصر نے ایک گھنٹے میں قمیض سی دی۔ اس کی محنت دیکھ کر اس کے ابو بہت خوش ہوئے اور انھوں نے اس کی رقم قیصر کو دی۔ قیصر نے پیسے لیے اور قلم خریدنے کے لیے دکان دار کے پاس گیا۔ قیصر کو جو قلم پسند تھا اس نے اپنی کمائی گئی رقم سے وہ قلم خریدا۔ کچھ دنوں بعد قیصر کے امتحانات تھے۔ اس نے اسی قلم سے

اپنے پیپر حل کیے اور کلاس میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی۔ قیصر کے گھر والے قیصر کی کامیابی پر بہت خوش ہوئے۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے)

پہلا دن: **حرف 'ف' کی بناوٹ اور لکھائی**

- قاعدے کے صفحہ نمبر 53 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ اپنی جیب خرچ سے کسی فقیر کی مدد کیجیے، لیکن ایسا صرف تبھی کیجیے، جب کوئی بڑا آپ کے ساتھ ہو۔
- بورڈ پر 'ف' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'ف' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ف' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ف' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ف' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ف' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ف' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 75 کھلوایئے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروایئے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروایئے۔
- چانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ف' کی املا کروایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 75 س کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: **حرف 'ق' کا تعارف**

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ق' متعارف کروانے کا ہے۔ ایک ڈبہ میں قلم رکھیے اور کمرہ جماعت میں لے جایئے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ پلاسٹک کا بنا ہے، اس میں سیاہی ڈالتے ہیں، ہم اس کو لکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، یہ کئی رنگوں میں ہوتا ہے، اس کو احتیاط سے رکھتے ہیں۔ اس یہ گر جائے تو اس کی پن خراب ہو جاتی ہے اور ہم اس سے لکھ نہیں سکتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے میں سے قلم نکال کر بچوں کو دیکھایئے۔ بچوں کو 'قلم' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے قلم کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کیا آپ نے کبھی قلم دیکھا ہے۔ اگر ہاں تو اس کا رنگ کیا تھا۔
- 'قلم' کہتے ہوئے / ق / کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ق / ہے۔
- 'قلم' کا فلیش کارڈ دکھایئے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'قلم' کہنے کی ہدایت دیجیے اور آواز / ق / پر زور دیجیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 54،55 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ق' کی کہانی سُنایئے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

قیصر کو کیا چیز پسند آئی تھی؟	قیصر نے قلم کو خریدنے کے لیے کیا کیا؟	قیصر کس سے پیسے نہیں مانگنا چاہتا تھا؟
قیصر کے ابو نے اس کو کیا سینے کے لیے دیا؟	قیصر نے قلم سے کیا چیز حل کی؟	قیصر نے کلاس میں کون سی پوزیشن حاصل کی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ق' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ق' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'قاف' کی آواز یعنی / ق / متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (قاف) بھی بتایئے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

مثلاً: قیصر /ق/ قیصر ، قلم /ق/ قلم، قمیض /ق/ قمیض

- بچوں کو حرف 'ق' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتایئے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ق' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ق' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ق' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 76 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروایئے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ق/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ق' بورڈ پر لکھوایئے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 55،54 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ق' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ق' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- دو سے تین بار سنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ق' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروایئے۔

مثلاً: آپ کہیے: "درزی درزی ------" بچے کہیں: " سی دو کپڑے ----"

آپ کہیے: "پیارے پیارے -----" بچے کہیں: "اچھے کپڑے ----"

آپ کہیے: "پہلے کپڑا قینچی -----" کہیں: "سے کاٹو-----"

آپ کہیے: "پھر سی کے -----" بچے کہیں: "قمیص بنادو ----"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ق' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ (قینچی، قمیص) درست نشان دہی پر تالیاں بھی بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 55 کھلوایئے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ق' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (قاف) اور پھر اس کی آواز (/ق/) ادا کروایئے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "قلم" پر انگلی رکھ کر "قلم" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ق' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ قلم کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ قینچی کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ قمیص کہاں ہے؟

- 'ق' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ق/ کے ساتھ پڑھایئے۔ مثلاً: /ق/ قلم، /ق/ قینچی، /ق/ قمیص
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 77 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ق' کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ق/ ہو۔

Aqsa Publishers, Printers & Booksellers

- جانچ: جانچ کے لیے قاعدے کے صفحہ نمبر 55 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 77 پر موجود دونوں سرگرمیوں کو کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ق' کی بناوٹ اور لکھائی

- قاعدے کے صفحہ نمبر 55 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اسکول کینٹین اور چھٹی کے وقت قطار بنا کر چلیے۔ قطارے بنانے سے ہمارا بہت سا وقت بچ جاتا ہے اور کوئی پریشانی بھی نہیں اٹھانی پڑتی۔ اور ہم چوٹ لگنے سے بھی بچ جاتے ہیں۔
- بورڈ پر 'ق' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ق' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ق' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ق' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ق' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ق' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ق' لکھ رہے ہیں۔
- ریت کی ٹرے میں مشق کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیے اور حرف کے خاکے میں تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- اس کے بعد پہلی دو سطروں کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر "ق" کی املاء کروائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 77 س کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف ("ا" سے "ق") کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ق' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 55 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیے گئے حروف پر نقاط لگائیں اور درمیان میں آنے والے حرف لگا کر خالی جگہ پُر کیجیے۔
- دی گئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق حل کیجیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 72، 54، 38، 27 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے ۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔


"ق" کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں؟	"ک" کے بعد کیا آتا ہے؟	"ظ" کے اوپر کتنے نقطے لگتے ہیں؟
"غ" کے بعد کیا آتا ہے	"ع" سے پہلے کیا آتا ہے؟	"ف" کے بعد کیا آتا ہے؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 73، 55، 39، 28 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ق	
	

Aquiline

درمیان میں آنے والے حرف لکھیے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو درمیان میں آنے حرف لکھنے اور مناسب نقاط لگا کر حرف واضح کرن کی ہدایت دیجیے)

ا_____ب　　ت_____ث　　ج_____ح

خ_____ڈ　　ذ_____ڑ　　ز_____س

ش_____ض　　ص_____ط　　ض_____ظ

ظ_____غ　　ف_____ک　　ث_____چ

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

دیئے گئے تمام حروف پر نقاط لگا کر حرف واضح کریں اور ان کو پڑھیے۔


ب ب ب ب ب ب ب د د ر ر ر

ح ح ح س ص ط ع ق ف

نیچے دی گئی ہدایت کے مطابق سرگرمیاں حل کروائیں اور رنگ بھی بھرنے کی ہدایت کیجیے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو حروف کی درست متعلقہ تصویر سے ملانے کی سرگرمی کروائیں اور رنگ کرنے کے لیے بھی دیجیے)

تمام "ط" کو ملاتے ہوئے طوطے کو درخت تک پہنچنے میں مدد کیجیے۔



دیئے گئے حروف میں سے "ع" کو تلاش کریں اور ان پر پنسل پھیریے۔

ا ڑ ء ڈ و ح م ث ع ع ڈ پ ت ج ش
گ ص ل ق ت ع ع ے د ب س ص
ط ذ ا ڈ پ ت ن ع ع ع ص ل ش ر ب
و م ی ے ض ق ے ع ڈ و ح د ن
ط ت ڈ ط م ی ب ط ع د ب س ص
ڑ ء ڈ ز ژ ع ث ط ت ع م ے ن ب
چ ک ی س ع د ع ن ع ڑ ر د ے
گ ص ل ق س ع ع ع ع ع ع ظ ط و د ن
د م ے ض ن د ع ع ع ع ع ض ث ص ش

تیسری ٹرم (پہلا ہفتہ)

"ک" اور "گ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ک' اور 'گ' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ک' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ک' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ک' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 56 اور 57)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 78)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ک' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (کیلا، کشتی، کوّا) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ک'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 57)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 78)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 79)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: کیلے اور کشتی کے خاکے، رنگین پنسلیں۔
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('گ' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 58 اور 59)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 80)، گدھا، گاجر، گائے کی تصاویر

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ک' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک دن کاشف اپنے چھوٹے بھائی کامران کے ساتھ دریا کے کنارے گیا۔ دریا کے کنارے ایک کیلے والا تھا۔ کاشف نے اس سے کھانے کے لیے کیلے خریدے۔ دریا کے کنارے ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر دریا کا منظر دیکھا۔ دریا کے کنارے ایک خوبصورت کشتی تھی۔ کامران نے اپنے بھائی سے کشتی کی سیر کرنے کو کہا، کاشف نے کہا کہ بھائی پہلے کچھ کھالو۔ پھر کشتی کی شیر کریں گے۔ کامران نے کیلے کھائیں اور اس کے چھلکے راستے پر پھینک دیئے۔ کامران کی اس حرکت کو دیکھ کر کاشف نے کہا، بھائی میرے اس طرح راستے میں کیلے کے چھلکے پھینکنے سے کوئی پھسل سکتا ہے اور اس کو شدید چوٹ بھی لگ سکتی ہے۔ اتنے میں وہاں پر ان لوگوں کو کھیلے کھاتے دیکھ کر درخت پر بیٹھا کوا کائیں کائیں کرنے لگا۔ کامران نے پوچھا کہ یہ کوا کائیں کائیں کیوں کر رہا ہے۔ کاشف نے کہا، لگتا ہے اس کو بھی کیلے پسند ہیں۔ یا پھر اس کو بھوک لگی ہے۔ اتنے میں کامران کشتی کی جانب بڑھا۔ جیسے ہی وہ کشتی کے پاس جانے لگا اس کا پاؤں اس کے پھینکے ہوئے کیلے کے چھلکوں پر پھسلا اور کامران بری طرح سے گر پڑا۔ کاشف نے کہا تمھیں کہا تھا یہاں پر چھلکے نہ پھینکو کوئی گر سکتا ہے۔ لیکن تم نے میری بات نہ مانی۔ کامران نے کاشف سے وعدہ کیا کہ وہ آئندہ اس کی بات مانے گا۔ اس طرح دونوں نے چھلکے اٹھا کر کوڑادان میں ڈال دیے اور کشتی کی سیر کی۔ ۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے)

پہلا دن: حرف 'ک' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ک' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ کیلا کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ کسی بچے کو بُلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچہ دیکھ نہ سکے۔ بچے کو کیلے کا ایک ٹکڑا کھلائیے۔ بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتائیے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو کیلے کھانے کے لیے دیجیے۔ کیلا اگر دستیاب نہ ہو تو پھر کیلے کا تصویری فلیش کارڈ لے جائیے اور بچوں سے اس پھل کا نام پوچھیے۔ اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ کیلے کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم کس چیز کے ذریعے دریا پر سفر کر سکتے ہیں؟ یہ چیز کس کی بنی ہوتی ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (کشتی، لکڑی) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- کیلا کہتے ہوئے /ک/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ک/ ہے۔ 'کیلا' کے نام میں شروع کی آواز /ک/ ہے۔
- 'کیلا' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'کیلا' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ک/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 56 اور 57 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ک' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

کاشف کس کے ساتھ دریا کے کنارے گیا؟	دریا کے کنارے کون تھا؟	دریا کے کنارے کیا چیز تھی؟
کامران نے اپنے بھائی کو کس کی سیر کرنے کو کہا؟	کوا کائیں کائیں کیوں کر رہا تھا؟	کامران کس طرح گر پڑا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ک' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ک' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'کاف' کی آواز یعنی /ک/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (کاف) بھی بتائیے۔

مثلاً: کاشف /ک/ کاشف، کیلا /ک/ کیلا، کوا /ک/ کوا

- بچوں کو حرف 'ک' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ک' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ک' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ک' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 78 کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ک/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ک' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 56 اور 57 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ک' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ک' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ک' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "ہاتھ کوّا بولا ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کائیں کائیں کائیں ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "ایک کیلا ۔۔۔۔۔ " بچے کہیں: "مُجھ کو بھی کھلائیں ۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "وہ دیکھیں۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کاشف جا پھسلا ۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "رستے میں ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "چھلکا نہ گرائیں ۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 57 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ک' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "کیلا" پر انگلی رکھ کر "کیلا" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ک' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ کیلا کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ کشتی کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ کوّا کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ک' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ک/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ک/ کیلا، /ک/ کشتی، /ک/ کوّا۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 78 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ک' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ک/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے کیلا، کشتی، کوّا کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 56 اور 57 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ک' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ک' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ک' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ک' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ک' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ک' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ک' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ک' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ک' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers


(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)


- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔انھیں خوب سراہیے۔اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 79 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 57 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 79 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ک' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 57 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔انھیں بتایئے کہ گھر جا کر اسکول کا کام باقاعدگی سے کیجیے اور روزانہ سبق یاد کیجیے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ک' کی نظم سُنوایئے۔بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- کوّا کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔جیسے یہ کیا ہے اس کا نام کیا ہے؟ یہ کہاں رہتا ہے؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔تراشے دیجیے اور بچوں کو کیلے کے خاکے پر پنسل پھیرنے اور کشتی کے خاکے کے تمام نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے اور ان خاکوں کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے کیلے اور کشتی کے تراشے ساتھ دیے جارہے ہیں۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)





آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔"کیلا" کی شروع کی آواز پوچھیے۔کچھ بچوں سے "کشتی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔"کوّا" کی شروع کی آواز پوچھیے۔بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ک' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'گ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'گ' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دلچسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔گاجر کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پلیٹ میں ڈال لیجیے۔کسی بچے کو بُلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچہ دیکھ نہ سکے۔بچے کو گاجر کا ایک ٹکڑا کھلایئے۔بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتایئے۔اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔بعد ازاں تمام بچوں کو گاجر کھانے کے لیے دیجیے۔گاجر اگر دستیاب نہ ہو تو پھر گاجر کا تصویری فلیش کارڈ لے جایئے اور بچوں سے اس پھل کا نام پوچھیے۔اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔گاجر کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہہ ہم دودھ کس جانور سے حاصل کرتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔درست جواب (گائے) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- گاجر کہتے ہوئے /گ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /گ/ ہے۔ 'گاجر' کے نام میں شروع کی آواز /گ/ ہے۔
- 'گاجر' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'گاجر' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /گ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 58 اور 59 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'گ' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'گ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "آ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! گڈو صاحب ہر روش شہر کی گلیوں میں سبزیاں بیچنے کے لیے اپنی گدھا گاڑی پر جایا کرتا تھا۔ اس کی سبزی بہت تازہ ہوتی تھی۔ ان سبزیوں میں گاجر، مولی، کدو، پیاز، آلو اور سلاد کی تمام چیزیں ہوتی تھی۔ ایک دن ایک آدمی نے گڈو کو کچھ سبزیاں لانے کے لیے کہا۔ اس آدمی کے گھر شادی کا فنکشن تھا۔ گڈو صاحب اپنی گدھا گاڑی لے کر منڈی گئے اور وہاں سے انھوں نے تازہ تازہ سبزیاں لی۔ اس چکر میں وہ گڈو اپنے گدھے کو کھانا دینا بھول گیا۔ ایک جگہ پر سرسبز میدان تھا۔ گڈو کو خیال آیا کہ آج اس نے اپنے گدھے کو کچھ کھانے کے لیے نہیں دیا۔ اس نے گدھے کو ٹھیلے سے الگ کر کے کھول دیا کہ گدھا تھوڑی بہت گھاس کھالے۔ وہیں میدان میں گائے بھی تھی۔ گڈو نے گدھے کو کھول کر خود پانی لینے چلا گیا۔ گائے نے دیکھا کہ گڈو پانی لینے چلا گیا ہے تو گائے نے گدھے کو کہا کیوں گدھے میاں مزاج کیسے ہیں۔ گدھے نے کہا، گائے بی مزاج ٹھیک ہیں۔ گائے نے کہا تو آج یہاں کیسے۔ گدھے نے کہا کیا بتاؤں آج گڈو نے مجھے کچھ نہیں کھلایا اور ہم منڈی سبزیاں لینے چلے گئے۔ اب راستے میں اس کو خیال آ گیا۔ تو مجھے چرنے کے لیے ٹھیلے سے الگ کر دیا کہ کچھ کھالوں۔ گائے نے کہا تم گھاس کھا رہے ہو جب کہ تمھاری ٹھیلے پر اتنی مزے مزے کی گاجریں اور دوسری سبزیاں ہیں۔ گڈو کو تمھیں کچھ گاجریں دے دینی چاہیے تھی۔ گدھے کو اس کی بات سن کر خیال آیا کہ واقعی میں دو تین گاجریں کھالیتا ہوں اس نے ٹھیلے سے دو تین گاجریں لیں اور کھانے لگا۔ اتنے میں گڈو وہاں آ گیا۔ اس نے اس کو آواز دی۔ ابے گدھے میاں کیا کر رہے ہو؟ گدھا اس کو دیکھ کر بھاگا کہ کہیں گڈو اس کو پکڑ کر مارے نہ۔ گڈو اس کو پکڑنے کے لیے اس کے پیچھے بھاگا اور اس کو پکڑ کر واپس ٹھیلے کے ساتھ باندھا اور شکر ادا کیا کہ وہ وقت پر آ گیا۔ ورنہ آج تو گدھے میاں ساری سبزیا کھا جاتے۔ ساتھ اس کو اپنی بے وقوفی پر افسوس بھی ہوا کہ اس نے کیوں آج گدھے کو کھانا نہیں دیا۔ اس نے گدھے کو پیار کیا اور اس کو کہا کہ آج کے بعد میں تمھارے کھانے پینے کا خیال رکھوں گا ۔۔۔۔!!!" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

گڈو ہر روز شہر میں کیا بیچنے جاتا تھا؟	گڈو شہر کس میں جایا کرتا تھا؟	آدمی نے گڈو کو کیا لانے کے لیے کہا؟
کیا گڈو نے گدھے کو کھانا دیا تھا؟	میدان میں کیا چیز تھی؟	گدھے میاں نے ٹھیلے سے کیا چیز کھالی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'گ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'گ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'گاف' کی آواز یعنی /گ/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: گڈو /گ/ گڈو، گاجر /گ/ گاجر، گدھا /گ/ گدھا

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'گ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 80 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'گ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 58 اور 59 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ک	

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

رنگ میں انگلی ڈبو کو ''ک'' میں لکھیے۔








ک


ک


ک

تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو نقاط کو ملانے، پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)







"گ" اور "ل" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'گ' اور 'ل' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'گ' اور 'ل' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'گ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('گ' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (گدھا، گاجر، گائے) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'گ'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 59)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 80)
- دوسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 81)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 59)
- تیسرے دن کے لیے: گائے اور گاجر کے خاکے، اورنج، سبز پیپرز، گوند، رنگین پنسلیں
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ل' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 60)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 82)
- پانچواں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ل' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (لومڑی، لیمو، لٹو) کی تصاویر،، گتے کا کٹا ہوا 'ل'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 61)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 82)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ل' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! لقمان اپنی بہن لائبہ کے ساتھ ہر ہفتے اپنے باغ میں لیموں توڑنے جاتا تھا۔ وہاں پر دونوں بہن بھائی کھیلتے کودتے بھی تھے۔ ایک دن لقمان ابو کے ساتھ بازار گیا۔ وہاں اُسے ایک لٹو نظر آیا، لقمان کو لٹو بہت پسند آیا۔ اس نے ابو سے کہا کہ مجھے لٹو لے دیں۔ اس کے ابو نے دکاندار کو پیسے دے کر لقمان کو لٹو خرید کر لے دیا۔ لقمان لٹو لے کر بہت خوش ہوا۔ گھر آ کر اس نے یہ لٹو اپنی لاڈلی بہن لائبہ کو بھی دیکھایا۔ دونوں لٹو پر رسی کو چڑھا کر باری باری پھینکتے تھے۔ اس طرح دونوں ایک لٹو کے ساتھ مل کر کھیلتے تھے۔ اس کے ابو نے کہا، لائبہ اور لقمان اب لٹو کے ساتھ ہی کھیلتے رہو گے۔ جاؤ باغ سے امی کو لیموں توڑ کر لا دو۔ لقمان نے پوچھا، ابو امی نے لیموں کا کیا کرنا ہے۔ ابو نے کہا، بیٹا آج ہمارے گھر تمھاری پھوپھی لبنا آ رہی ہے۔ اس نے اچار ڈالنا ہے اس لیے اُن کو چاہیے اور تمھاری امی نے ہم سب کے لیے لیموں کا شربت بھی بنانا ہے۔ جاؤ بیٹا، پہلے جا کر لیموں لے آؤ۔ اور دھیان سے جانا سُنا ہے، ہمارے باغ کے پاس ایک لومڑی بھی رہتی ہے۔ جو ہمارے باغ کے لیموں اور دوسرے پھل توڑ کر کھاتی ہے۔ لقمان نے پوچھا، ابو لومڑی کہاں رہتی ہے۔ ابو نے کہا، باغ کے پاس ندی کے قریب ایک درخت کے پاس میں نے اسے دیکھا تھا۔ تم جاؤ اور لائبہ کو ساتھ لے جاؤ، باغ میں تمھارے چچا لال دین بھی ہو گئے۔ تم کو لومڑی سے ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ پھر لقمان اور لائبہ باغ میں لیموں توڑنے گئے۔ جب لائبہ لیموں توڑ رہی تھی تو اس نے درخت کے پاس لومڑی کو دیکھا تو اس نے اپنے بھائی لقمان کو آواز دی اور کہا، لقمان بھائی دیکھو، وہ لومڑی

وہاں ہے۔ جاؤ جا کر چچا لال دین کو بتاؤ۔ وہ اس کو یہاں سے بھگا دیں گئے۔ تا کہ وہ یہاں آ کر ہمارے پھل نہ توڑ سکے۔ لقمان چچا لال دین کو لے آیا۔ چچا لال دین نے لومڑی کو دو چار پتھر مارے اور اسے وہاں سے بھگا دیا۔ لقمان اور لائبہ لیموں لے کر گھر آ گئے اور سارا قصہ اپنے ابو کو بتایا۔ اس کے ابو نے ان کی بہادری پر ان کو شاباش دی اور اس طرح سب نے مل کر لیموں کا شربت پیا۔۔۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'گ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'گ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'گ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "دیکھو دیکھو ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "گدھے کو دیکھو ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "گاجر لے کر، ۔۔۔۔۔ " بچے کہیں: "دوڑا جائے ۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "ٹھیلے والا ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "بھاگے پیچھے ۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے: "گائے دیکھ کر ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "ہنستی جائے ۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 59 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'گ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "گاجر" پر انگلی رکھ کر "گاجر" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'گ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ گدھا کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ گاجر کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ گائے کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'گ' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / گ / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / گ / گدھا، / گ / گاجر، / گ / گائے

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 82 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'گ' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / گ / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے گدھے، گاجر، گائے کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 58 اور 59 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'گ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'گ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'گ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'گ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'گ' کے کتنے ڈنڈے ہوتے ہیں؟
- بچوں کو 'گ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'گ' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'گ' لکھ رہے ہیں۔

Publishers, Printers & Booksellers

- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'گ' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 81 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 81 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'گ' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 59 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ گلاس میں اتنا ہی پانی ڈالے، جتنا پینا چاہتے ہیں۔ زیادہ پانی ڈال کر ضائع مت کیجیے ۔ پانی اللہ تعالیٰ کی ایک خاص نعمت ہے۔ جو ہماری زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'گ' کی نظم سُنوائیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- گاجر کا حلوا یا گاجر کا جوس کمرہ جماعت میں بنا کر لے جائے اس کو تین یا چار ڈسپوزیبل گلاس یا پلیٹوں میں تھوڑا تھوڑا ڈال لیجیے۔ گلاس یا پلیٹوں کو ڈھانپ دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔
- یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے ہی کر لیا جائے۔ تین سے چار بچوں کو بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک گلاس یا پلیٹ دیجیے اور انھیں پینے یا کھانے کی ہدایت کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر یا کھا کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ گاجر کے خاکے، اورنج اور سبز پیپر کے کٹے پیس، گوند وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو گائے کے خاکے پر پنسل پھیرنے اور ان کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے گاجر اور گائے کے خاکے ساتھ دیے جارہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "گدھے" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "گاجر" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ سبزی کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'گ' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔





آرٹ اور کرافٹ کے

چوتھا دن: حرف 'ل' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ل' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ لیمو کا شربت (سکنجبین) بنا کر تین سے چار ڈسپوزیبل گلاس لیجیے اور اس میں تھوڑا لیمو کا شربت (سکنجبین) ڈال لیجیے اور ان کو ڈھانپ دیجیے تا کہ بچے دیکھ نہ سکیں۔
- یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے ہی کر لیا جائے۔ تین چار بچوں کو بلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک گلاس دیجیے اور انھیں پینے کی ہدایت کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اتار دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہہ ہم لیمو کا شربت (سکنجبین) کب پیتے ہیں؟ (متوقع جواب: جب ہمیں بہت گرمی یا پیاس لگتی ہے۔) اس سوال کو یوں بھی پوچھ سکتے ہیں کہ جب ہمیں زیادہ گرمی اور پیاس لگے تو کیا کرنا چاہیے؟ بچے 'لیمو کا شربت (سکنجبین)' کہیں گے۔
- لیمو کہتے ہوئے /ل/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ل/ ہے۔ 'لیمو' کے نام میں شروع کی آواز /ل/ ہے۔
- 'لیمو' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'لیمو' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ل/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 60 اور 61 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ل' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

لقمان کس کے ساتھ بازار گیا؟	لقمان کو بازار میں کیا چیز پسند آگئی؟	لقمان کے ابو نے باغ سے کیا توڑ کر لانے کو کہا؟
لقمان کے گھر آج کون آرہی تھی؟	امی نے لیموں کے ساتھ کیا بنانا تھا؟	باغ کے پاس کون سی چیز رہتی تھی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ل' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ل' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'لام' کی آواز یعنی /ل/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: لقمان /ل/ لقمان، لومڑی /ل/ لومڑی، لائبہ /ل/ لائبہ لال دین /ل/ لال دین

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ل' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 82 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ل' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 60 اور 61 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ل' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ل' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ل' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "لٹو گھومے ------" بچے کہیں: "گول گول ----"

آپ کہیے: "کھٹّے کھٹّے -----" بچے کہیں: "لیمو توڑ----"

آپ کہیے: "لائبہ جلدی -----" بچے کہیں: "جلدی آؤ -----"

آپ کہیے: "لیمو کا۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "شربت بناؤ ۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 61 کھلوایئے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ل' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "لیمو" پر انگلی رکھ کر "لیمو" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ل' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ لیمو کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ لومڑی کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ لٹّو کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ل' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ل / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / ل / لومڑی، / ل / لیمو، / ل / لٹّو

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 82 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ل' کی کہانی ایک بار پھر سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ل / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے لومڑی، لیمو اور لٹّو کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 60 اور 61 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔


We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

گ








Aquiline
We Publish Future...


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "گ" میں لکھیے۔











تصویری تراشے (تیسرے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)





تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ل	
	

"ل" اور "م" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ل' اور 'م' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ل' اور 'م' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ل' اور 'م' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 83)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 61)
- دوسرے دن کے لیے: لیمو اور لٹو کے خاکے، پیلے، سبز پیپرز، گوند، رنگین پنسلیں
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('م' کی نظم)، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 62 اور 63)،
- عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 84)، گھر کی صفائی
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('م' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (مچھلی، مکڑی، مینڈک) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'م'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 63)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 84)
- پانچویں دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 85)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 63)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'م' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! مہوش اور ماریا نے عید کی تیاریوں کے لیے گھر کی صفائی شروع کر دی۔ انھوں نے پورا گھر صاف کیا۔ کیونکہ دو دن بعد بکرا عید تھی۔ ان کی گلی میں پروقت مکھیوں کی بھنکار رہتی تھی۔ امی نے خاکروب کو پیسے دے کر گلی سے سارا کوڑا کرکٹ اٹھوایا۔ جس کی وجہ سے اس پر مکھیاں بیٹھتی تھی۔ بعد میں خاکروب نے پوری گلی کی صفائی کی۔ مہوش نے کہا، امی جان آپ گلی کی صفائی کیوں کروا رہی ہیں۔ امی نے کہا، مہوش گلی محلے کی صفائی بھی ہم رہنے والوں پر فرض ہے۔ اگر ہم گلی کی صفائی نہیں رکھیں گے تو مکھیاں اور مچھر مختلف قسم کی بیماریوں کی وجہ سے ہمیں بیمار کر دیں گے۔ تم دونوں گھر کی صفائی کرو۔ تمام مکڑی کے جالے صاف کرو۔ اس کی وجہ سے گھر بہت گندہ لگتا ہے۔ مہوش نے جالے صاف کیے اور ماریا نے مچھلی والا ایکوریم اچھی طرح صاف کیا۔ ایکوریم صفائی کے بعد انتہائی صاف اور خوبصورت لگ رہا تھا اور اس میں مچھلی بھی بہت پیاری لگ رہی تھی۔ اچانک بادل آ گئے۔ موسم ٹھنڈا ہو گیا اور بارش شروع ہو گئی۔ جیسے ہی بارش ختم ہوئی اور گھر کے پاس ایک تالاب میں بھی پانی مزید بھر گیا۔ مہوش اور ماریا چھت پر ٹھنڈے موسم کا مزہ لینے گئی۔ تو انھوں نے دیکھا کہ گھر کے قریب تالاب میں مینڈک پھدک رہے ہیں۔ رات کو ان مینڈک کی آوازوں نے ان کی نیند خراب کی۔ انہوں نے امی سے کہا کہ ان مینڈکوں کا کچھ کریں۔ کل خاکروب کو بلوا کر اس تالاب کی صفائی کروائیں۔ تاکہ ان مینڈکوں سے نجات حاصل ہو۔ امی نے اگلے روز خاکروب کو بلوا کر تالاب کی صفائی کروائی اور تمام مینڈکوں کو بھگا دیا۔ ایک دن بعد چاند

رات تھی۔ مہوش اور ماریا نے مہندی لگائی گھر کو سجایا اور اگلے دن بکرا عید کی نماز پڑھنے کے بعد قربانی کی۔ اور عید کے دن دونوں صاف ستھرے گھر میں بہت خوش تھیں ۔۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ل' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ل' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ل' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ل' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ل' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ل' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ل' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ل' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ل' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 83 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 61 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 83 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ل' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 61 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ کبھی ضرورت سے زیادہ چیز کی لالچ مت کیجیے اور اپنی چیز پر شُکر کیجیے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ل' کی نظم سُنوائیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- تین یا چار لٹّو کو کمرہ جماعت میں لے جائے اور ایک ڈبے میں رکھ دیں تا کہ بچے اس کو نہ دیکھ سکیں۔
- یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے ہی کر لیں۔ تین سے چار بچوں کو بُلا کر ان کو لٹّو دیکھائیے اور ان کو چلانے کی ہدایت کیجیے۔ اگر بچوں کو لٹّو چلانا نہیں آتا ہے ایک دفعہ ان کو لٹّو چلا کر دیکھائیے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ لیمو کے خاکے، پیلے اور سبز پیپر کے کٹے پیس، گوند، وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو لٹّو کے خاکے پر پنسل پھیرنے اور ان کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے لیمو اور لٹّو کے خاکے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "لومڑی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "لیمو" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "لٹو" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'گ' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔





آرٹ اور کرافٹ کے

تیسرا دن: حرف 'م' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'م' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ ایک پانی کے جار میں مچھلی ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی کپڑے سے ڈھانپ دیجیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس جار میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔ اشارے: یہ ایک جانور ہے۔ یہ پانی میں رہتی ہے۔ یہ مختلف رنگوں میں ہوتی ہے۔ اس کے پنکھ ہوتے ہیں۔ یہ پانی میں تیزی سے تیرتی ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور جار پر سے کپڑا اُٹھا دیجیے۔ بچوں کو 'مچھلی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے مچھلی کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس گھر میں مچھلی ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ اس کو کس طرح کے جار میں رکھا ہوا ہے؟
- 'مچھلی' کہتے ہوئے /م/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /م/ ہے۔ 'مچھلی' کے نام میں شروع کی آواز /م/ ہے۔
- 'مچھلی' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'مچھلی' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /م/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 62 اور 63 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'م' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

مہوش اور ماریا کس کی تیاری کر رہی تھی؟	مہوش اور ماریا نے کیا چیز صاف کی؟	مہوش کی امی کس کی صفائی کروا رہی تھی؟
خاکروب نے کیا صاف کیا؟	تالاب میں کیا چیز بھدک رہی تھی؟	چاندرات کو مہوش اور ماریا نے کیا لگایا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'م' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'م' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'میم' کی آواز یعنی /م/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: مہوش /م/ مہوش، مینڈک /م/ مینڈک، ماریا /م/ ماریا مچھلی /م/ مچھلی

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'م' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 84 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'م' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 62 اور 63 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'م' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'م' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'م' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "مکھی بولی ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "بھِن بھِن بھِن ۔۔۔۔"

آپ کہیے: "مکڑی لٹکے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "سارا دِن۔۔۔۔"

آپ کہیے: "مچھلی بولی ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "چھپ چھپ چھپ ۔۔۔۔۔"

آپ کہیے: "مکھی کو، ۔۔۔۔۔" بچے کہیں: "کھا جا مینڈک ۔۔۔۔"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 63 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'م' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "لیمو" پر انگلی رکھ کر "لیمو" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'م' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ مچھلی کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ مکڑی کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ مینڈک کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'م' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / م / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / م / مچھلی، / م / مکڑی، / م / مینڈک

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 84 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'م' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / م / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے مچھلی، مکڑی اور مینڈک کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 62 اور 63 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'م' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'م' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'م' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'م' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'م' پر کوئی نقطہ ہوتا ہے؟
- بچوں کو 'م' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'م' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'م' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'م' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 85 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 63 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 85 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)


رنگ میں انگلی ڈبو کو "ل" میں لکھیے۔













تصویری تراشے (دوسرے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)





تصویری فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)



ہ






Aquiline


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "م" میں لکھیے۔









تیسری ٹرم (چوتھا ہفتہ)

"م" اور "ن" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'م' اور 'ن' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ن' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ن' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: مچھلی اور مینڈک کے خاکے، رنگین پنسلیں
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ن' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 64 اور 65)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 86)، منڈی کی سیر
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ن' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (ناشپاتی، ناک، نلکا) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ن'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 65)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 78)
- چوتھے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 87)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- پانچویں دن کے لیے: نلکا اور ناشپاتی کے خاکے، سبز، براؤن پیپر زکے کٹے ہوئے ٹکڑے، گوند، رنگین پنسلیں

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ن' کی کہانی: (دوسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! نعیم اور اس کے چچا ناصر منڈی میں فروٹ لینے کے لیے گئے۔ منڈی میں ہر طرح کے فروٹ تھے۔ نعیم نے اپنے چچا سے کہا کہ مجھے ناشپاتی بہت پسند ہے۔ چچا نے کہا بیٹا صبر کرو ہم ناشپاتی ضرور لیں گے کیونکہ مجھے بھی ناشپاتی بہت پسند ہے۔ دونوں نے منڈی سے ناشپاتی، ناریجی، سیب، کیلے اور مختلف سبزیاں خریدیں۔ تھوڑا آگے گئے تو نعیم نے کہا چچا یہاں پر اتنی مکھیاں کیوں ہیں۔ ان مکھیوں کی وجہ سے میرے تو ناک میں دم ہو گیا ہے۔ بس کریں، بہت خرید و فروخت کر لی۔ اب چلیں یہاں سے۔ چچا نے کہا بیٹا بس تھوڑی دور اور مجھے تمھاری چچی کے لیے تھوڑی اور سبزیاں بھی لینی ہیں اور ویسے بھی یہاں پر سب کھانے کی چیزیں ہیں تو ظاہر ہے کہ ان پر مکھیاں تو آئیں گی۔ دونوں جب گھر واپس آئے تو نعیم نے فوراً ناشپاتی اٹھائی اور کھانے لگا۔ چچا نے کہا بیٹا نعیم تمھیں پتہ ہونا چاہیے کہ ہر کھانے والی چیز کو پہلے دھو کر کھانا چاہیے۔ تم خود کہہ رہے کہ وہاں مکھیاں بہت تھیں۔ اس پر بھی مکھیاں بیٹھی ہو گئی۔ جاؤ پہلے نلکے کے پانی سے ان ناشپاتیوں کو دھو اور پھر کھاؤ۔ نعیم فوراً ناشپاتی نلکے کے پانی سے دھونے چلا گیا اور خوشی خوشی اس نے اس کے بعد ناشپاتی کھائی اور اپنے چچا کو بھی دی ۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'م' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 63 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ اپنی کتابوں، لوگوں اور ملک سے محبت کیجیے۔ ان سب کو اللہ نے آپ کے لیے بنایا ہے، اس لیے ہمیشہ ان کا خیال رکھیے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'م' کی نظم سُنوایئے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- مولی کاٹ کر ان کو ڈسپوزیبل پلیٹ میں ڈال کر ڈانپ کر کمرہ جماعت میں لے جائے تاکہ بچے اس کو نہ دیکھ سکیں۔
- یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے ہی کر لیں۔ تین سے چار بچوں کو بُلا کر ان کی انکھوں پر پٹی باندھیے اور ہر ایک کو مولی کا ایک ٹکڑا کھانے کے لیے دیجیے۔ بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتایئے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ مچھلی کے خاکے، پیلے اوراورنج پیپر کے کٹے پیس، گوند، وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو مینڈک کے خاکے پر پنسل پھیرنے اوران کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے مچھلی اور مینڈک کے خاکے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "مچھلی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "مکڑی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "مینڈک" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پانی کے جانور کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

گھر کا کام: 'م' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے

دوسرا دن: حرف 'ن' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ن' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ ناشپاتی کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ کسی بچے کو بُلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچہ دیکھ نہ سکے۔ بچے کو ناشپاتی کا ایک ٹکڑا کھلایئے۔ بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتایئے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو ناشپاتی کھانے کے لیے دیجیے۔ ناشپاتی اگر دستیاب نہ ہو تو پھر ناشپاتی کا تصویری فلیش کارڈ لے جایئے اور بچوں سے اس پھل کا نام پوچھیے۔ اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ناشپاتی کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم جسم کے کس حصے سے سانس لیتے ہیں؟ چیزوں کی خوشبو محسوس کرتے ہیں۔
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (ناک) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

- ناشپاتی کہتے ہوئے /ن/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ن/ ہے۔ 'ناشپاتی' کے نام میں شروع کی آواز /ن/ ہے۔
- 'ناشپاتی' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ناشپاتی' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ن/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 64 اور 65 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ن' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

نعیم اپنے چچا کے ساتھ کہاں گیا تھا؟	منڈی میں کیا کیا چیزیں تھی؟	نعیم کو کیا چیز بہت پسند تھی؟
نعیم اور چچا نے فروٹ کے علاوہ کیا خریدا؟	کس چیز کی وجہ سے نعیم کی ناک میں دم ہو گیا؟	نعیم نے ناشپاتی کیسے کھائی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ن' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ن' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'نون' کی آواز یعنی /ن/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (نون) بھی بتائیے۔
مثلاً: نعیم /ن/ نعیم، ناصر /ن/ ناصر، ناشپاتی /ن/ ناشپاتی
- بچوں کو حرف 'ن' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ن' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ن' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ن' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 86 کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ن/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ن' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 65 اور 65 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ن' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ن' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ن' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "چھوٹی سی اک ------" بچے کہیں: "مکھّی آئے ----"
آپ کہیے: "نعیم کی ناک ----- " بچے کہیں: "پہ بھنبھنائے---- "
آپ کہیے: "ناشپاتی اک -----" بچے کہیں: "پھل ہے میٹھا ----- "
آپ کہیے: "احمد اس کو -----" بچے کہیں: "دھو کر کھائے ---- "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 65 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ن' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

Aqsa Publishers, Printers & Booksellers

- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ناشپاتی" پر انگلی رکھ کر "ناشپاتی" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ن' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ ناشپاتی کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ ناک کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ نلکا کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ن' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ص / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / ن / ناشپاتی ، / ن / ناک، / ن / نلکا۔

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 86 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'ن' کی کہانی ایک بار پھر سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ن / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے ناشپاتی، ناک، نلکا کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 64 اور 65 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ن' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ن' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- 'ن' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ن' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ن' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ن' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ن' بنوانے کی مشق کروایئے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوایئے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنایئے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ن' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ن' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 87 کا آدھا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 65 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 87 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ن' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 87 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ بڑے ناخنوں میں گندگی جمع ہو جاتی ہے اور کھانے کے ساتھ پیٹ میں داخل ہو کر بیمار کرتی ہے، س لیے ہر ہفتے اپنے ناخن ضرور تراشیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ن' کی نظم سُنوایئے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- نلکے کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے اس کا نام کیا ہے؟ ہم اس سے کیا کام لیتے ہیں ؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ ناشپاتی کے خاکے، سبز اور براؤن پیپر کے کٹے پیس، گوند، وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو نلکے کے خاکے پر پنسل پھیرنے اور ان کو اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے


(آپ کی معاونت کے لیے ناشپاتی اور نلکے کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)


- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "ناشپاتی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "ناک" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "نلکا" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ن' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری تراشے (پہلا دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)







Publish ish Future.. booksellers

تصویری تراشے (پہلا دن کے لیے)



(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)





تصویری فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)


ن	
	


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو ''ن'' میں لکھیے۔











تصویری تراشے (پانچویں دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)





تیسری ٹرم (پانچواں ہفتہ)

"و" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'و' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'و' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'و' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('و' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 66 اور 67)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 88)، ورزش کے فائدے
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('و' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (ویگن، ورزش، وردی) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'و'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 66)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 88)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 89)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: ویگن اور ورزش کے خاکے، گوند، سرخ اور سبز پیپرز کے کٹے پیس، رنگین پنسلیں
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 66 اور 67)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 88، 89)، ویگن، ورزش، وردی کی تصاویر اور مکمل دہرائی

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'و' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! وانیہ تیسری جماعت کی طالبہ تھی۔ وہ ایک سست اور کاہل لڑکی تھی۔ اس کا کسی کام میں دل نہیں لگتا تھا۔ حتیٰ کہ وہ کھیل کود اور سکول کی کسی سرگرمی میں بھی حصہ نہیں لیتی تھی۔ وہ کھیل کود سے زیادہ سونے کو ترجیح دیتی تھی۔ وہ چلنے پھرنے سے زیادہ بیٹھنا پسند کرتی تھی۔ وانیہ کی امی اس کی اس کاہلی سے بہت پریشان تھی۔ وہ وانیہ کو اکثر سمجھاتی تھی کہ بیٹا سست لوگ کبھی کامیاب نہیں ہو پاتے۔ کامیاب ہونے کے لیے ہر سرگرمی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا پڑتا ہے اور بہت کچھ سیکھنا پڑتا ہے۔ لیکن وانیہ کے سر سے جوتک نہ سرکتی تھی۔ وانیہ روز سکول کے لیے دیر سے تیار ہوتی تھی اور اپنے ساتھ ساتھ سکول کے تمام بچوں کو دیر کروا دیتی تھی۔ حالانکہ اس کی امی اس کی وردی، جوتے اور بستہ رات میں ہی تیار کر دیتی تھی۔ وانیہ کا ناشتہ بھی صبح سویرے تیار ہو جاتا تھا۔ لیکن ایک وانیہ ہی تھی جو ہزار کوششوں کے باجود بھی تب تک نہ اٹھتی جب تک وین کا ڈرائیور دروازہ پر آ کر ہارن نہ بجاتا۔ ہارن کی آواز سنتے ہیں وہ جلدی سے بستر سے نکلتی تیار ہوتی اور اکثر ناشتے کے بغیر ہی وین میں آ بیٹھتی۔ اس کی امی اس کے پیچھے ناشتہ لے کر بھاگتی تھی۔ وین کا ڈرائیور یہ سب دیکھ کر ہمیشہ ہی مسکرا دیتا۔ وہ بہت نفس اور خوش اخلاق انسان تھا۔ وہ ہر روز صاف ستھری وردی میں آتا تھا۔ وہ بچوں کو انتہائی ذمہ داری سے سکول لے جاتا اور واپس گھر پہنچاتا۔ آج اردو کے سبق کے دوران وانیہ جماعت میں بار بار اونگھ لے رہی تھی۔ جب استانی نے غور کیا تو استانی نے کتاب بند کی اور بچوں سے بولا آج ہم ورزش کے فائدے کے بارے میں کچھ اہم باتیں جانیں گے۔

تمام بچے ایک دم پُر جوش ہو گئے۔ استانی صاحبہ نے ایک ایک کر کے بچوں کو ورزش کے درج ذیل فوائد بتائیے۔ صحت کے دارومدار ورزش پر ہے۔ خوشگوار زندگی بسر کرنے کے لیے ورزش بہت ضروری ہے۔ جو لوگ ورزش نہیں کرتے وہ جلدی تھک جاتے ہیں اور اکثر ہمارے رہتے ہیں۔ چست اور چاق و چوبند رہنے کے لیے روزانہ ورزش کرنی چاہیے۔ مختلف کھیل بھی ورزش کا کام دیتے ہیں۔ ورزش کے فوائد بتا کر استانی صاحبہ نے سب بچوں سے وعدہ لی اکہ سب بچے صبح جلدی اٹھ کر ورزش کریں گے اور شام میں کچھ وقت کھیل کود میں بھی حصہ لے لئے۔ استانی صاحبہ خاص طور پر وانیہ سے مصافحہ کر کے وعدہ لیا۔ وانیہ سکول سے گھر پہنچی تو بہت خوش تھی۔ وہ شام ہونے کا انتظار کرنے لگی۔ جیسے ہی شام ہوئی وہ دوستوں کے ساتھ کھیل گود میں حصہ لیا۔ رات جلدی سو گئی اور صبح جلدی اُٹھ کر اپنے گھر کے باغ میں ورزش کی۔ سکول کو ین کے آنے سے پہلے ہی ناشتہ کر کے تیار ہو گئی۔ وانیہ کی امی وانیہ کی چستی دیکھ کر بہت حیران ہوئی۔ امی کے پوچھنے پر وانیہ نے استانی کے بتائے ہوئے تمام ورزش کے فائدے بتائے۔ اور یہ بھی کہا کہ اب وہ کبھی کاہلی سے کام نہیں لے گی تا کہ وہ صحت مند اور کامیاب زندگی گزارے۔ امی آج بہت خوش تھی۔ اتنے میں سکول وین آ گئی۔ آج وین کے تمام بچے وقت پر سکول پہنچے۔۔ ۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'و' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'و' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ سکول کے یونیفار (وردی) کو کمرہ جماعت میں لے جائیں۔ اور اسے کسی کپڑے سے ڈھانپ دیجیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس کپڑے کے نیچے کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک مخصوص لباس ہے۔ اس کو ہم صرف مخصوص اوقات میں پہنتے ہیں۔ یہ ہمارے سکول کی پہچان بھی ہے۔ اس کی شرٹ پر سکول کا بیج بھی لگا ہوا ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور یونیفارم (وردی) پر سے کپڑا اُٹھا دیجیے۔ بچوں کو 'وردی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے وردی کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس گھر میں دو یا اس سے زیادہ وردی ہے؟ آپ کو اپنی وردی میں کیا چیز سب سے زیادہ پسند ہے؟ کیا آپ اس کی صفائی کا بھی خیال رکھتے ہیں؟
- 'وردی' کہتے ہوئے /و/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /و/ ہے۔ 'وردی' کے نام میں شروع کی آواز /و/ ہے۔
- 'وردی' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'وردی' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /و/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'و' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

وانیہ کیسی لڑکی تھی؟	وانیہ کس چیز کو زیادہ ترجیح دیتی تھی؟	وانیہ کی امی رات کو کیا تیار کر کے سوتی تھی؟
استانی نے کس چیز کے بارے میں بتایا؟	وانیہ نے شام کو کیا کیا؟	وانیہ نے صبح اُٹھ کر کیا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'و' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'و' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'واؤ' کی آواز یعنی /و/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (واؤ) بھی بتائیے۔

مثلاً: وانیہ /و/ وانیہ ، ویگن /و/ ویگن ، ورزش /و/ ورزش

- بچوں کو حرف 'و' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'و' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'و' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'و' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 88 کا کام کروایئے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز / و / ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'و' بورڈ پر لکھوایئے ۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'و' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'و' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'و' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروایئے۔

مثلاً: آپ کہیے: "امی بولیں، ------" بچے کہیں: "منی آؤ ----"

آپ کہیے: "جلدی سے ----- " بچے کہیں: "تیار ہو جاؤ ---- "

آپ کہیے: "ورزش چھوڑو، -----" بچے کہیں: "وردی پہنو ----- "

آپ کہیے: "ویگن میں -----" بچے کہیں: "اسکول اب جاؤ ---- "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 67 کھلوایئے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'و' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ویگن" پر انگلی رکھ کر "ویگن" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'و' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ ویگن کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتایئے کہ ورزش کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتایئے کہ وردی کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'و' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروایئے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتایئے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / و / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / و / ورزش، / و / وردی، / و / ویگن

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 88 کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو ' و 'کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / و / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے ویگن، ورزش، وردی کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'و' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر ' و 'لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔

- ' و 'کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے۔بچے گروپوں میں بیٹھا کر ' و 'لکھیں۔بچوں سے پوچھیے کہ ' و 'میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو' و 'کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر' و 'بنوانے کی مشق کروائیے۔اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے ' و 'لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے ' و ' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔انھیں خوب سراہیے۔اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 89 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 67 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 89 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'و' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 67 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔انھیں بتائیے کہ ہمیشہ صاف ستھری وردی پہن کر اسکول جائیے۔ایسا کرنے سے سب آپ کو پسند کریں گے۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'و' کی نظم سُنوائیے۔بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- ویگن کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دیکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔جیسے یہ کیا ہے اس کا نام کیا ہے؟ یہ ہمارے کس کام آتا ہے؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ویگن کے خاکے پر سرخ اور سبز پیپر کے کٹے پیس، گوند، وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو ورزش کے خاکے کو رنگین پنسلوں سے اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ویگن اور ورزش کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔"ویگن" کی شروع کی آواز پوچھیے۔کچھ بچوں سے "ورزش" کی شروع کی آواز پوچھیے۔"وردی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔بچوں سے ان کے ورزش کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'و' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

Aqsa Online Publishers, Printers & Booksellers

پانچواں دن: حرف 'و' کی مکمل دہرائی

- یہ دن بچوں میں 'و' مکمل دہرائی کروانے کا ہے۔
- ویگن، ورزش اور وردی کہتے ہوئے /و/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جس حرف کی دہرائی کرنے والے ہیں ں، اس کی آواز /و/ ہے۔ 'ویگن ' ، ' ورزش 'اور 'وردی' کے نام میں شروع کی آواز /و/ ہے۔
- 'ویگن ' ، 'ورزش 'اور 'وردی 'کافلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ویگن ' ، 'ورزش 'اور 'وردی 'باری باری کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /و/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود تصاویر دِکھائیے اور اسپیکر کے ذریعے سے 'و' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 67 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 67 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ ہمیشہ صاف ستھری وردی پہن کر اسکول جائیے۔ ایسا کرنے سے سب آپ کو پسند کریں گے۔
- بچوں کو 'و' اور 'ویگن' کو تلاش کرنے کی سرگرمی کروائیے اور اپنی پسند کے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- (آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)
- جانچ کے لیے بورڈ پر 'و' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام، آواز اور ذخیرہ الفاظ پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 89 کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)


و	
	


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو "و" میں لکھیے۔










تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو "و" اور "دیگن" کو تلاش کرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)

تمام "و" میں نیلا اور باقی تمام حروف میں سرخ رنگ کریں۔



تمام "و" میں رنگ بھر کر "دیگن" کو نمایاں کریں۔



تیسری ٹرم (چھٹا ہفتہ)

"ہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ہ' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ہ' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ہ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
پیریڈ: 40 منٹ	

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('و' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 68 اور 69)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 90)، منی زو (zoo) کی سیر
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ہ' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (ہاتھی، ہار، ہاتھ) کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ہ'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 68)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 90)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 91)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: ہار اور ہاتھی کے خاکے، گوند، اورنج اور سبز پیپرز کے کٹے پیس، رنگین پنسلیں
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 68 اور 69)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 91)، ہاتھی، ہار، ہاتھ کی تصاویر اور مکمل دہرائی

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ہ' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ہمدرد اپنی آپی کے ساتھ سیر کے لیے گھر کے قریب ایک باغ میں گیا۔ وہاں پر بہت سے جھولے لگے تھے۔ ہمدرد نے سب سے پہلے تو جھولے لیے اور مزے مزے کی آئس کریم بھی کھائی۔ باغ کے پاس بچوں کے لیے ایک چھوٹا منی زو (zoo) بھی تھا۔ جہاں پر کچھ جانور رکھے ہوئے تھے۔ ان جانوروں میں ہرن، ہاتھی۔ مور، بطخیں اور مختلف قسم کی رنگ برنگی چڑیا اور طوطے شامل تھے۔ منی زو (zoo) میں ایک تالاب تھا جہاں بطخیں تیر رہی تھی۔ لوگ اس تالاب کے آگے کھڑے ہو کر تصویریں بھی کھینچ رہے تھے۔ منی زو (zoo) میں ایک طرف ہرن کے لیے جگہ مختص کی ہوئی تھی۔ جہاں پر ہرن اپنی فیملی کے ساتھ چل پھر رہی تھی۔ کچھ لوگوں نے ہرن کو کھانے کے لیے چیزیں بھی دیں اور ساتھ ہی تصویریں بھی لی۔ ایک جگہ پر بچے ہاتھی پر سواری کر کے لطف اندوز ہو رہے تھے۔ میں نے باجی سے کہا، کہ مجھے بھی ہاتھی کی سیر کرنی ہے۔ باجی نے کہا، اتنا بڑا ہاتھی ہے مجھے تو یہ بہت پسند آیا ہے۔ اس کے لیے کچھ تحفہ لینا چاہتی ہوں۔ وہاں ہر ایک پھولوں والا پھولوں کا ہار بیچ رہا تھا۔ باجی نے اس سے پھولوں کا ایک ہار خرید لیا۔ دونوں بہن بھائیوں نے ہاتھی کی سیر کی ہاتھی نے پورے منی زو (zoo) کا ایک چکر لگا کر ان دونوں کا اتارا۔ باجی نے ہاتھی کو ہار دیا۔ ہاتھی ہار پہن کر بہت خوش ہوا۔ دونوں بہن بھائی شام ہوتے ہیں گھر واپس آ گئے اور سارا قصہ اپنی امی جان کو بتایا ۔۔ ۔۔۔۔!!! (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ہ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ہ' متعارف کروانے کا ہے۔ ایک ہار کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک جیولری ہے یعنی ایک زیور۔ یہ اکثر خواتین اور لڑکیاں استعمال کرتی ہیں۔ یہ مختلف رنگوں میں ہوتا ہے۔ اس کو گلے یعنی گردن میں پہنا جاتا ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے ہار باہر نکالیے۔ بچوں کو 'ہار' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ہار کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے اپنے گھر ہار دیکھا ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ اور ہار گھر میں کس کے پاس ہے؟
- 'ہار' کہتے ہوئے /ہ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ہ/ ہے۔ 'ہار' کے نام میں شروع کی آواز /ہ/ ہے۔
- 'ہار' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ہار' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ہ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 68 اور 69 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ہ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

ہمدرد کس کے ساتھ باغ کی سیر کو گیا؟	ہمدرد نے باغ میں سب سے پہلے کیا لیے؟	باغ کے پاس بچوں کے لیے کیا تھا؟
منی زو (zoo) میں کون کون سے جانور تھے؟	باجی کو ہاتھی کیسا لگا؟	باجی نے ہاتھی کے لیے کیا تحفہ لیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ہ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ھے' کی آواز یعنی /ہ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ھے) بھی بتائیے۔

مثلاً: ہمدرد /ہ/ ہمدرد ، ہرن /ہ/ ہرن ، ہاتھی /ہ/ ہاتھی ہار /ہ/ ہار

- بچوں کو حرف 'ہ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ہ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ہ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ہ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 90 کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ہ/ ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ہ' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 68 اور 69 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ہ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ہ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے:"دیکھو دیکھو، ۔۔۔۔۔۔" بچے کہیں:"بڑا سا ہاتھی ۔۔۔۔"

آپ کہیے:"بن جائے ۔۔۔۔۔ " بچے کہیں:"بچوں کا ساتھی ۔۔۔۔ "

آپ کہیے:"ہار پہن کے، ۔۔۔۔۔" بچے کہیں:"ہنستا جائے ۔۔۔۔۔ "

آپ کہیے:"مُنّی دیکھ کے ۔۔۔۔۔" بچے کہیں:"ہاتھ ہلائے ۔۔۔۔ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 69 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ہ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "ہاتھی" پر انگلی رکھ کر "ہاتھی" با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ہ' کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ہاتھی کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ ہار کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ ہاتھ کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ہ' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ہ/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ہ/ ہاتھی، /ہ/ ہار، /ہ/ ہاتھ

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 90 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ہ' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ہ/ ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے ہاتھی، ہار، ہاتھ کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 68 اور 69 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ہ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ہ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- 'ہ' کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھا کر 'ہ' لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ہ' میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو 'ہ' کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر 'ہ' بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ہ' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ہ' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 91 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 91 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'و' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 69 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ بجلی کی تاروں کو ہرگز ہاتھ نہ لگائیے۔ ایسا کرنے آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اپنے بہن بھائیوں کو بھی ایسا کرنے سے منع کریں۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ہ' کی نظم سُنوائیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- ہاتھی کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دیکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے، اس کا نام کیا ہے ؟ اس کو ہم کہاں دیکھتے ہیں؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ ہار کے خاکے پر اورنج اور سبز پیپر کے کٹے پیس، گوند، وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو ہاتھ کے خاکے کو رنگین پنسلوں سے اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ویگن اور ورزش کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "ہاتھی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "ہار" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "ہاتھ" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ جانور کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ہ' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ہ' کی مکمل دہرائی

- یہ دن بچوں میں 'ہ' مکمل دہرائی کروانے کا ہے۔
- ہاتھی، ہار اور ہاتھ کہتے ہوئے /ہ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جس حرف کی دہرائی کرنے والے ہیں ں، اس کی آواز /ہ/ ہے۔ 'ہاتھی'، 'ہار' اور 'ہاتھ' کے نام میں شروع کی آواز /ہ/ ہے۔
- 'ہاتھی'، 'ہار' اور 'ہاتھ' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ہاتھی'، 'ہار' اور 'ہاتھ' باری باری کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ہ/ پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 68 اور 69 پر موجود تصاویر دِکھائیے اور اسپیکر کے ذریعے سے 'ہ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 69 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ بجلی کی تاروں کو ہرگز ہاتھ نہ لگائیے۔ ایسا کرنے آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اپنے بہن بھائیوں کو بھی ایسا کرنے سے منع کریں۔
- بچوں کو 'ہ' اور 'ہاتھی' کی سرگرمی کروائیے اور اپنی پسند کے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔


- (آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)
- جانچ کے لیے بورڈ پر 'ہ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام، آواز اور ذخیرہ الفاظ پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 91 کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

ہ	

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)


Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

رنگ میں انگلی ڈبو کو "ہ" میں لکھیے۔













تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)









تصویری تراشے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)







تصویری تراشے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو "ہ" اور "ہاتھی" کو تلاش کرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)

تمام "ہ" کو ملاتے ہوئے ہاتھی کو کیلے تک پہنچائیں۔



تمام "ہ" کو ملاتے ہوئے ہاتھی کی تصویر مکمل کیجیے۔



"ی ے" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ی ے' کا نام اور آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ی ے' سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ی ے' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ی ے' کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 70 اور 71)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 92)، ماموں کا ہوٹل
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ی ے' کی نظم) تصویری فلیش کارڈز (یخنی، یویو، یکہ کی تصاویر، گتے کا کٹا ہوا 'ی ے'، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 70)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 92)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، کریون، پلے ڈو، ورک شیٹ، رنگ، ڈسپوزیبل پلیٹیں
- چوتھے دن کے لیے: یویو اور یکہ کے خاکے، گوند، جامنی، گلابی اور پیلے پیپرز کے کٹے پیس، رنگین پنسلیں
- پانچویں دن کے لیے: درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 70 اور 71)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، یخنی، یویو، یکہ کی تصاویر اور مکمل دہرائی

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ی ے' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! یاسر اپنے ماموں کے ہاں کچھ دن چھٹیاں منانے کے لیے گیا۔ اس کے ماموں کا سڑک کے کنارے ایک بہت ہی خوبصورت باغ کے پاس ہوٹل تھا۔ وہاں کھانے کو ہر چیز ملتی تھی۔ ایک دن یاسر دوپہر کو اپنے چچا کے ساتھ ہوٹل آ گیا کہ آج گھر کا کھانا کھانے کی بجائے کیوں نہ ماموں کے ہوٹل سے بریانی اور یخنی پی لی جائے۔ یاسر اپنی کزن یومیما، اپنی ممانی یاسمین اور اپنے کزن یوسف کو بھی ساتھ لے کر گیا۔ ہوٹل گھر سے تھوڑی مسافت پر تھا۔ تو یاسر کی ممانی نے کہا ہوٹل تھوڑا دور ہے تو جا کر یکہ (ٹانگہ) لے آؤ۔ یاسر نے کہا ٹھیک ہے، میں جا کر یکہ (ٹانگہ) لے آتا ہے۔ آپ لوگ تیار ہو جائیں۔ تھوڑی دیر بعد یاسر ایک یکہ (ٹانگہ) لے آیا۔ ممانی نے کہا، یاسر یہ تو یعقوب چچا کا یکہ (ٹانگہ) ہے۔ یاسر نے کہا، ممانی کیا آپ ان کو جانتی ہیں۔ ممانی نے کہا، ہاں بیٹا یہ تمھارے کزنے یومیما اور یوسف کو سکول چھوڑنے جاتے ہیں۔ چلو خیر ہوٹل چلتے ہیں۔ اس طرح سب ہوٹل پہنچ گئے اور کھانا کا آرڈر دیا۔ کچھ دیر بعد کھانا آ گیا اور سب مل کر کھانا کھانے لگے۔ یاسر کے ماموں نے یاسر کو کہا بیٹا کچھ اور کھانا پسند کرو گے۔ یاسر نے کہا ماموں آپ کے ہوٹل کی یخنی بہت مشہور ہے۔ میں وہ ضرور پینا چاہوں گا۔ ماموں نے کہا، کیوں نہیں بیٹا، یاسر کے ماموں نے یخنی منگوا دی۔ یاسر نے بڑے مزے مزے سے یخنی پی اور اتنے میں یومیما نے اپنے یویو کے ساتھ کھیل رہی تھی۔ اور عجیب و غریب کرتب بھی کر رہی تھی۔ اس کی امی نے اس کو کہا کہ یومیما کھانے والی میز کے قریب یہ یویو سے نہ کھیلو۔ لیکن وہ باز نہ آئی اور یویو سے کھیلتی رہی۔ آخر کار یویو یاسر کے یخنی کے

پیالے پر لگا۔ اس کی یخنی کا پیالہ گرتے گرتے بچا۔ یاسر کا رنگ بھی اڑ گیا۔ اس نے یومیما کو کہا تم نے تو مجھے ڈرا دیا۔ بھلا کھانے کی میز پر کوئی کھیلتا ہے۔ ممانی جان بالکل ٹھیک تم کو روک ہی رہی تھی۔ اگر کوئی چیز گر کے ٹوٹ جاتی تو رزق بھی ضائع ہوتا تھا۔ تمھیں دھیان دینا چاہیے۔ یومیما نے یاسر سے معافی مانگی اور آئندہ ایسی حرکت نہ کرنے کا وعدہ کیا۔ اس پوری فیملی نے ہوٹی میں کھانا کھایا اور گھر کے قریب باغ میں سیر کی اور شام کو گھر واپس آ گئے۔۔ ۔ ۔۔۔۔!!!(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ی ے' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ی ے' متعارف کروانے کا ہے۔ ایک یویو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔
  اشارے: یہ ایک کھلونا ہے۔ اس کے ساتھ ایک لمبی ڈوری ہوتی ہے ۔ یہ مختلف رنگوں میں ہوتا ہے۔ یہ گول شکل کا ہوتا ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے ہار باہر نکالیے۔ بچوں کو 'یویو' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یویو کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس گھر میں یویو ہے؟/ کس کے بھائی، بہن کے پاس یویو ہے؟ اور اس کا رنگ کیا ہے؟
- 'یویو' کہتے ہوئے /ی ے/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ی ے / ہے۔ 'یویو' کے نام میں شروع کی آواز / ی ے / ہے۔
- 'یویو' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'یویو' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز / ی ے / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 70 اور 71 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ی ے' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

یاسر کس کے ہاں چھٹیاں منانے گیا تھا ؟	یاسر کے ماموں کا باغ کے پاس کیا تھا؟	یاسر گھر والوں کے ساتھ کس پر ہوٹل گیا؟
یاسر کے ماموں کی ہوٹل کی کیا چیز مشہور تھی ؟	یومیما کس چیز کے ساتھ کھیل رہی تھی؟	یومیما یویو کے ساتھ کہاں کھیل رہی تھی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ی ے' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ی ے' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'چھوٹی یے، بڑی یے' کی آواز یعنی / ی ے / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (چھوٹی یے، بڑی یے') بھی بتائیے۔

مثلاً: یاسر /ی ے/ یاسر ، یومیما /ی ے/ یومیما ، یخنی / ی ے / یخنی یوسف /ی ے/ یوسف

- بچوں کو حرف 'ی ے' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ی ے' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ی ے' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ی ے' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 92 کا کام کروائیے۔

- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز / ی ے / ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے ' ی ے 'بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 70 اور 71 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ی ے' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ی ے' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے ' ی ے' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- نظم کا آدھا مصرع خود پڑھیے اور باقی آدھا بچوں سے مکمل کروائیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "سڑک پر یکہ ، ------" بچے کہیں: "دوڑا جائے ----"

آپ کہیے: "مُنّی کو اب------ " بچے کہیں: "کون سمجھائے ---- "

آپ کہیے: "جب یو یو ،------" بچے کہیں: "تیزی سے گھمائے ------ "

آپ کہیے: "احمد کی یخنی------" بچے کہیں: "نیچے گرائے ---- "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 71 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ی ے' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے متعلقہ چیز کی طرف اشارہ کریں اور چیز کا نام با آواز بلند ادا کریں۔ مثلاً بچے "یخنی " پر انگلی رکھ کر "یخنی " با آواز بلند کہیں۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ ' ی ے 'کہاں ہے؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ یخنی کہاں ہے؟
انگلی رکھ کر بتائیے کہ یو یو کہاں ہیں؟	انگلی رکھ کر بتائیے کہ یکہ کہاں ہے؟

- بورڈ پر 'ی ے' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ آٹھ سے دس بار مشق کروائیے۔ اس کے بعد ذخیرہ الفاظ بتائیے۔

یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ی ے / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / ی ے / یخنی، / ی ے / یو یو، / ی ے / یکہ

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 92 کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو ' ی ے 'کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ی ے / ہو۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کے سامنے یخنی، یو یو، یکہ کی تصاویر رکھیے اور ان سے تصاویر کا نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 70 اور 71 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ی ے' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر ' ی ے 'لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- ' ی ے 'کی تحریری مشق کے لیے ریت کی ٹرے دیجیے بچے گروپوں میں بیٹھ کر ' ی ے 'لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ ' ی ے 'میں کوئی نقطہ آتا ہے؟
- بچوں کو ' ی ے 'کی درست بناوٹ بنانے کے لیے بورڈ پر ' ی ے 'بنوانے کی مشق کروائیے۔ اور پھر ریت کی ٹرے میں حرف لکھوائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ تمام بچے درست بناوٹ سے 'ی ے' لکھ رہے ہیں۔
- مزید مشق کے لیے بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے اور انھیں رنگین پلے ڈو دے دیجیے۔
- بچوں کو پلے ڈو کی مدد سے 'ی ے' لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور ضرورت کے وقت بچوں کو رہنمائی اور مدد فراہم کیجیے۔
- رنگوں کی ڈبی سے رنگ ڈسپوزیبل پلیٹوں میں ڈال کر پہلے سے تیار کر کے رکھیے۔ پھر ہر بچے کو ایک ورک شیٹ دیجیے اور اس کا کام کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- بچوں کا بہترین کام ڈسپلے کیجیے۔ انھیں خوب سراہیے۔ اس سے بچوں میں سیکھنے اور بہتر سے بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو گا۔
- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 کا آدھا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 71 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 کا باقی کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ی ے' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 71 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ سردیوں میں یخنی پینے کی عادت ڈالیے۔ یہ ایک صحت مند غذا ہے۔ برگر، چپس اور چاکلیٹ جیسی چیزیں صحت کے لیے اچھی نہیں ہوتیں۔
- بچوں کو سی ڈی کے ذریعے سے 'ی ے' کی نظم سُنوائیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- یکہ (ٹانگہ) کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے، اس کا نام کیا ہے؟ اس کو ہم کس لیے استعمال کرتے ہیں؟
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ یویو کے خاکے پر جامنی، گلابی اور پیلے پیپر کے کٹے پیس، گوند، وغیرہ کو ہدایت کے مطابق چسپاں کیجیے۔
- بچوں کو یکہ کے خاکے کو رنگین پنسلوں سے اپنی مرضی سے سجانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ویگن اور ورزش کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "یخنی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "یویو" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "یکہ" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ کھانا کی ڈش کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ی ے' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔





آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

پانچواں دن: حرف 'ی ے' کی مکمل دہرائی

- یہ دن بچوں میں 'ی ے' مکمل دہرائی کروانے کا ہے۔

- یخنی، یویو، یکہ کہتے ہوئے / ی ے / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جس حرف کی دہرائی کرنے والے ہیں، اس کی آواز / ی ے / ہے۔ ' یخنی ' ،'یویو' اور ' یکہ ' کے نام میں شروع کی آواز / ی ے / ہے۔
- ' یخنی '، ' یویو' اور ' یکہ ' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی ' یخنی '، ' یویو' اور ' یکہ ' باری باری کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز / ی ے / پر زور دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 70 اور 71 پر موجود تصاویر دِکھائیے اور اسپیکر کے ذریعے سے 'ی ے ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 71 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 71 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ سردیوں میں یخنی پینے کی عادت ڈالیے۔ یہ ایک صحت مند غذا ہے۔ برگر، چپس اور چاکلیٹ جیسی چیزیں صحت کے لیے اچھی نہیں ہوتیں۔
- بچوں کو 'ی' اور 'ے ' کی سرگرمی کروائیے اور اپنی پسند کے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- (آپ کی معاونت کے لیے یہ ورک شیٹ منصوبہ بندی کے ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)
- جانچ کے لیے بورڈ پر ' ی ے ' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام، آواز اور ذخیرہ الفاظ پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 کا کام کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تصویری فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر لیجیے)

	ی ے
	


Aquiline


(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

رنگ میں انگلی ڈبو کو ''ی ے'' میں لکھیے۔









ی ے

ی ے

تصویری تراشے (چوتھے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پنسل پھیرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو پیپرز چسپاں کرنے کے لیے دیجیے)






تصویری تراشے (پانچواں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو "ے" اور "ہاتھی" کو تلاش کرنے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)

تمام "ے" میں گلابی اور باقی حروف میں سبز رنگ بھریے۔



دیئے گئے حروف میں "ی" کو تلاش کریں اور پنسل پھیریے۔

ا ڑ ء ڈ ء ل گ ن غ پ ت ج ث
گ ص ل ط ی ی ر ء م ی ے د ب س ص
ط ا ڈ ع ط ی ش ل ص ل ش ر ب
ع م ی ت ع ل ی ع ق د ی ڈ ی ح د ن
ط ت ڈ ط س ی ی ظ ع ی ے چ س ص
ڑ ء ڈ ز ژ ی س ن ے ی د ت م ن ب ے
چ ک ی س ی ک س ی ی ض د ے
گ ص ل ق س ص ی ی ی ی ی ش و د ن
ع م ے ض ن د ص م ب ن ث ص ش ط

تیسری ٹرم (ساتواں ہفتہ) "اتاے مکمل اعادہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ا'تا'ی'ے' کا نام اور آواز اوران سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ا'تا'ی'ے سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ا'تا'ی'ے درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی (' ا 'تا' ث 'کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 27،28)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج 'تا 'ذ 'کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 16 تا 29)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 38،39)
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی (' ر 'تا 'ض 'کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 30 تا 45)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 54،55)
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی (' ط 'تا 'گ 'کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 46 تا 59)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 72،73)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ل 'تا 'ی 'ے 'کی نظم) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 60 تا 71)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 94،95)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

پہلا دن: حرف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ث' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 15 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دیئے گئے حروف کی شناخت کیجیے اور ایک جیسے حروف کو پنسل سے ملائیں اور اس جیسا رنگ بھی بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 27 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"آ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"ت" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ٹ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"ث" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ب" کا نقطہ کہاں لگایا جاتا ہے؟	"ٹ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف (ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ج' سے 'ذ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 16 تا صفحہ نمبر 29 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی سے رنگ بھریے اور شروع کی آواز والا حرف بھی لکھیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 38 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ج" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"خ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ڈ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"ح" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"خ" سے پہلے کیا آتا ہے؟	"ڈ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 39 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف (ر، ڑ، ز، ژ، س، ش، ص، ض) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ر' سے 'ض' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 30 تا صفحہ نمبر 45 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- پہلے اور بعد میں آنے والے حرف خالی جگہ پر لکھیے۔
- بچوں کو سرگرمی میں دیے گئے حرف کی متعلقہ تصویر سے شناخت کروائیے اور حرف کو لائن کے ذریعے متعلقہ تصویر سے ملانے کی ہدایت دیجیے۔ نیز ہر حرف کے نیچے دیے گئے رنگ کے مطابق خاکے میں رنگ کرنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 54 کھلوائیے اور کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ر" کے بعد کیا آتا ہے؟	"س" سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز کا نام بتائیے۔	"ص" اور "ص" میں کیا فرق ہے؟

"ظ" میں کتنے نقطے لگتے ہیں؟	"ض" سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز کا نام بتایئے	"ڑ" کے اوپر کیا لگاتے ہیں؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 55 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: حرف (ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک، گ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ط' سے 'گ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 46 تا صفحہ نمبر 59 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- درمیان میں میں آنے والے حرف خالی جگہ پر لکھیے۔
- تمام بچوں کو "ف" حرف کی شناخت کروایئے اور دی گئی سرگرمی میں تمام "ف" کو (رنگین پنسل یا سادہ پنسل سے) ملاتے ہوئے فوجی کو فاختہ تک پہنچایئے۔ اور اپنی مرضی کا رنگ بھرنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 72 کھلوایئے اور کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ڈ" کے بعد کیا آتا ہے؟	"س" سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز کا نام بتایئے۔	"ص" اور "ص" میں کیا فرق ہے؟
"ظ" میں کتنے نقطے لگتے ہیں؟	"پ" کے نیچے کتنے نقطے لگتے ہیں؟	"ڑ" کے اوپر کیا لگاتے ہیں؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 73 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف (ل، م، ن، و، ہ، ء، ی، ے) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ل' سے 'ے' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 60 تا صفحہ نمبر 71 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- بچوں کو تصویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملانے اور الفاظ کے آگے دیے گئے رنگ کے مطابق حرف والے دائرہ میں بھی رنگ بھریے کی ہدایت کیجیے
- تمام بچوں کو "ل" حرف کی شناخت کروایئے اور دی گئی سرگرمی میں تمام "ل" کو (رنگین پنسل یا سادہ پنسل سے) ملاتے ہوئے لومڑی کو انگور تک پہنچایئے۔ اور اپنی مرضی کا رنگ بھرنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 94 کھلوایئے اور کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔
- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ل" کے بعد کیا آتا ہے؟	"و" سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز کا نام بتایئے۔	"ک" اور "گ" میں کیا فرق ہے؟


”ن“ میں کتنے نقطے لگتے ہیں؟	”ہ“ سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز کا نام بتایئے۔	”ی“ پر کتنے نقطے لگتے ہیں؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 95 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔


Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

ایک جیسے حروف کو آپس میں ملایئے (پہلے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو ایک جیسے حروف کو ملانے اور رنگ کرنے کے لیے دیجیے)





























دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے (دوسرے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچوں کو شروع کی آواز والا حرف لکھنے اور رنگ کرنے کے لیے بھی دیجیے)

دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی سے رنگ بھریے اور شروع کی آواز والا حرف بھی لکھیے۔









پہلے اور بعد میں آنے والے حرف لکھیے (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو پہلے اور بعد میں آنے حرف لکھنے کی ہدایت دیجیے)

ب_____ ث_____ چ_____

ڈ_____ ڑ_____ ش_____

ص_____ ظ_____ ت_____

ا_____ پ_____ ٹ_____

ح_____ د_____ ذ_____

ڑ_____ ژ_____ ض_____

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

حرف کو درست تصویر سے ملایئے اور رنگ کرنے کی ہدایت کیجیے (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو حروف کی درست متعلقہ تصویر سے ملانے کی سرگرمی کروائیں اور رنگ کرنے کے لیے بھی دیجیے)

نیچے دیے گئے حرف کو ان کی درست تصویر سے ملایئے اور حرف کے نیچے دیے گئے رنگ کو متعلقہ خاکہ میں بھریے۔









ژ ز س ص ر ش









درمیان میں آنے والے حرف لکھیے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو درمیان میں آنے حرف لکھنے اور فوجی کا راستہ تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے)

ا_____ب	ت_____ث	چ_____خ
ر_____ز	ش_____ض	ط_____ع
غ_____ق	ک_____ل	ز_____س
آ_____پ	ض_____ظ	غ_____ق


تمام "ف" کو ملاتے ہوئے شکاری کو فاختہ تک پہنچایئے۔




تصویر کے مطابق درست حرف سے ملایئے (پانچویں دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو تصویر کو درست حرف سے ملانے اور لومڑی کی راستہ تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے)

تصویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملائیں اور الفاظ کے آگے دیے گئے رنگ کے مطابق حرف والے دائرہ میں بھی رنگ بھریے۔


لومڑی


مچھلی


ناشپاتی


ویگن






تمام "ل" کو ملاتے ہوئے لومڑی کو انگور تک پہنچایئے۔

